October-2013
روحانی و جسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض
جلد نمبر 4
شمارہ نمبر 6
ماہنامہ تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں
لاہور

خزینہ روحانیات

چھٹا خاص نمبر

اسلامی تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول میگزین

قیمت شمارہ: 70

حب و تسخیر نمبر

- مطلوب کا دل مسخر کیجیے
- لوگوں کے محبوب بن جائیں مگر کیسے؟
- مخالف کو اپنا حمایتی بنائیں (ص 10)
- اولاد کو فرمانبردار بنانے کے خاص اعمال
- محبوب آپ کو خود چاہے...... (ص 17)
- نفرتیں ختم محبت ہی محبت...... (ص 16)
- سسرالی جھگڑوں اور مسائل سے یقینی نجات
- آپس میں شیر و شکر کرنے کا خاص عمل (ص 16)
- سورۃ ناس کے خدام سے محبت کا کام لیں (ص 13)
- اولیائے کرام اور عاملین کاملین کے حب کے مجرب اعمال

درود شریف نمبر — جادو ٹونہ نمبر — جنات نمبر

شفائے جسمانی امراض نمبر — کشائش رزق نمبر

محبت کی آزمائشیں دیکھ کر تھک گیا ہوں اے خدا
قسمت میں کوئی ایسا بھی لکھ دے جو موت تک وفا کرے
میں محبت ہوں، مجھے آتا ہے نفرت کا علاج
تم ہر اک شخص کے سینے میں مرا دل رکھ دو
(عاصی کرنالی)

بندش کے سرتاج عمل کے عامل بنیں

یہ عمل بندش کا سرتاج عمل ہے۔ بندش سے مراد کسی چیز کو باندھنے کے ہیں۔ یہ عمل خیر اور شر، دونوں میں چلتا ہے۔ اس عمل سے کیا کیا کام لئے جاسکتے ہیں؟ مختصراً درج ذیل کام لے سکتے ہیں۔ باقی عامل کی مرضی ہے کہ وہ کیا کیا کام لے سکتا ہے۔ یاد رہے کہ بندش کا عمل صرف اور صرف اس جگہ کیا جائے، جہاں شریعت اجازت دے۔ کسی معتبر مفتی صاحب سے پوچھ کر عمل کیا جائے۔ جو لوگ ناجائز کریں گے، ان شاء اللہ ان کا عمل بھی بے اثر ہوگا اور شدید رجعت بھی ہوگی۔ ادارہ ایسے تمام افراد سے بری الذمہ ہے۔

سال کا آخری چاند گرہن 19 اکتوبر 2013ء کو لگ رہا ہے۔

شادی، منگنی، رشتہ، محبت، طلاق وغیرہ

- محبت میں کسی کی عقل وخرد باندھنا تاکہ شدید محبت کرے
- کسی خاص جگہ کے لئے نکاح باندھنا کہ وہیں ہو
- نکاح باندھنا تاکہ کسی جگہ نکاح نہ ہو
- کسی خاص جگہ پر نکاح باندھنا تاکہ نکاح نہ ہو
- مخصوص جگہ منگنی باندھنا
- طلاق باندھنا: تاکہ شوہر طلاق نہ دے سکے یا بیوی خلع نہ لے
- محبت باندھنا: تاکہ مطلوبہ فرد رجوع کرے
- رخصتی بارات باندھنا
- محبت کو ختم کرنا: تاکہ مطلوبہ فرد سے جدائی ہو
- نیند باندھنا: تاکہ مطلوبہ فرد رابطہ کرے

عام فیس: 5100/- روپے

بدکاری، ناجائز تعلقات، زنا، بدفعلی وغیرہ

- عورت کو زنا سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد سے زنا نہ کر سکے
- مرد کو زنا سے باندھنا تاکہ کسی بھی عورت سے زنا نہ کر سکے
- عورت کو زنا سے باندھنا تاکہ کسی خاص مرد سے زنا نہ کر سکے
- مرد کو زنا سے باندھنا تاکہ کسی خاص عورت سے زنا نہ کر سکے
- مرد کو بدفعلی سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد سے بدفعلی نہ کر سکے

ممبران کے لئے: 3100/- روپے

مرض، حمل، صحت وغیرہ

- دردِ سر باندھنا
- حمل باندھنا: تاکہ عورت کو حمل نہ ہو
- صحت باندھنا
- مرد کا نطفہ باندھنا: تاکہ مرد کے نطفے سے حمل نہ ٹھہرے

حروف صوامت کے وہ عاملین، جنہوں نے یہ عمل کسی اور کی زیر نگرانی کیا ہو، وہ خصوصی اعمال کی کاپی 1500 روپے میں حاصل کریں۔

معاش، نوکری، ترقی، عہدہ وغیرہ

- عہدہ باندھنا کہ نہ ہٹے
- ترقی باندھنا
- دوکان باندھنا **نوٹ** دکان کی جگہ آستانہ، مطب، فیکٹری وغیرہ لکھا جا سکتا ہے۔
- سفر باندھنا: تاکہ اندرون و بیرون ملک سفر نہ کر سکے۔ **نوٹ** کسی خاص شہر یا ملک کا نام لکھا جا سکتا ہے۔
- کسی کی معاش باندھنا

بری عادات

- چوری کرنے کی عادت کو باندھنا
- شراب نوشی کی عادت باندھنا
- مارنے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو بھی نہ مار سکے
- مارنے و گالیاں دینے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو نہ مارے اور گالی نہ دے سکے
- قدم باندھنا تاکہ گھر سے باہر نہ رہے
- بے جا غصہ باندھنا

زبان بندی، دشمن وغیرہ

- زبان بندی: تاکہ مخالف شخص کی سائل کے حق میں زبان بند ہو جائے
- مخلوق کی زبان بندی کے لئے: تاکہ کوئی بھی سائل کے خلاف نہ بولے
- دشمنی باندھنا: تاکہ دشمن دشمنی چھوڑ دے
- حسد باندھنا: تاکہ دشمن حسد نہ کرے
- نیند باندھنا: دشمن حد سے گذر جائے تو اس کی نیند سزا کے طور پر باندھنا

یہ عمل ہر کوئی سیکھ سکتا ہے، چاہے اُس نے کوئی عمل کیا ہو یا نہ کیا ہو۔

متفرق

- کسی خاص گھر جانے سے روکنا
- عقل وخرد باندھنا: تاکہ سائل کے حق میں تسخیر ہو جائے۔
- نظر باندھنا: تاکہ گھور کر دیکھنے کی عادت ختم ہو۔ کچھ لوگوں میں ہوتی ہے کہ فضول میں کسی بھی چیز یا شخص کو گھور گھور کر دیکھتے ہیں
- کسی کا عمل باندھنا: تاکہ اس عامل کا عمل نہ چلے

اس طرح کے اور بہت کام ہیں جو کیے جا سکتے ہیں۔ ہمارا مقصد اس علم کو سکھانے سے ہرگز یہ نہیں کہ معاشرے میں فساد پھیلے۔ اس لئے ہر کسی کو نہیں سکھایا جاتا۔ حلف نامہ بھی لیا جاتا ہے اور ضرورت پڑنے پر کسی معتبر اور مستند عالم یا مفتی صاحب کا تصدیقی خط بھی مانگا جا سکتا ہے۔

اس عمل کا عامل بننے کے لئے 19 اکتوبر 2013ء کی رات 2:53 سے لے کر صبح 6:48 تک کے درمیان عمل کرنا ہوگا۔ یہ وقت چاند گرہن کا وقت ہے۔ جو حضرات و خواتین عامل بننا چاہتے ہیں وہ 18 اکتوبر 2013ء تک رابطہ کر سکتے ہیں۔ مولانا محمد عرفان 0321-4661681 مولانا علی آفاق 0321-4168008

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ

خزینۂ روحانیات

لاہور

جلد 4 ذوالحجہ ۱۴۳۴ھ......اکتوبر 2013ء شمارہ 6

برصغیر پاک وہند میں شائع ہونے والا پہلا رسالہ جو ایک سال میں دو خاص نمبر شائع کرتا ہے

قیمت خاص نمبر -/70 روپے

سالانہ ممبر شپ......عام ڈاک -/500 روپے، رجسٹرڈ ڈاک -/740 روپے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: magazine@darulamal.org
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

رقم کی ادائیگی کے طریقے

منی آرڈر 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتے پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ اور موبائل نمبر لازمی منی آرڈر فارم پر لکھیں۔ اور مقصد بھی واضح لکھیں۔

ایزی پیسہ موبائل اکاؤنٹ اپنا شناختی کارڈ لے کر کسی بھی ایزی پیسہ دکان پر جا کر اکاؤنٹ نمبر 03437727721 میں رقم جمع کروائیں۔

شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں۔ موبائل نمبر 0322-4773786 استعمال کریں۔ (ٹیلی نار: ایزی پیسہ۔ موبی لنک: موبی کیش۔ ذونگ: ٹائم پے)

بینک ڈرافٹ میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔ برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ: رقم آن لائن کروانے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کرکے لازمی اطلاع فرمائیں۔ (موبائل: 0322-4773786)

ڈاکٹر خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین "حب وتسخیر نمبر"

قارئین سے ضروری گذارش

الحمد للہ، چھٹا خاص نمبر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس نمبر کے اعمال میں سے آپ جو بھی عمل کریں، فائدہ ہو یا نہ ہو، ادارے کو ضرور مطلع فرمائیں۔ ان شاء اللہ فائدہ نہ ہونے پر مکمل رہنمائی کی جائے گی تاکہ آپ اپنا مقصد حاصل کرسکیں۔ جائز مقاصد کے لئے، رسالے میں درج اعمال کرنے والوں کو اللہ ﷻ کامیاب وبامراد کرے۔ آمین (ادارہ)

کچی ہیں رب سے چاہتیں

ایسا نہیں کہ نفس کا شیطان مر گیا
شیطاں تو ہے زندہ ، ہاں انسان مر گیا

سجدوں میں سر جھکانے کی فرصت نہیں رہی
مومن کی روح میں بسا مسلمان مر گیا

مسجد تو پکی بن گئی اور شاندار بھی
کچی ہیں رب سے چاہتیں اور ایمان مر گیا

باطل کو جھوٹ کہنے کی طاقت نہیں رہی
ہو حق سر بلند یہ ارمان مر گیا

اے انسان! حیرت ہے تیری قسمت پہ کس طرح
پیدا ہوا تھا خوشنما اور ویران مر گیا

(ارم ناصر)

قسمت پہ ہم کو اپنی بڑا افتخار ہے

خالق وہی، وہی میرا پروردگار ہے
اس ربِ دو جہاں پہ مری جاں نثار ہے

اس کی نگاہِ لطف سے مجھ کو نکھار ہے
صحرائے زندگی کا چمن پُر بہار ہے

کشتی بھنور میں تھی جو کیا میں نے رب کا ذکر
کیا دیکھتا ہوں پل میں میرا بیڑا پار ہے

بندے ہیں ہم خدا کے، ہم امت رسول ﷺ کی
قسمت پہ ہم کو اپنی بڑا افتخار ہے

مشکل پڑی تو خود بخود آسان ہو گئی
کس کس ادا سے اس کا کرم آشکار ہے

مجھ سے گناہ گار کو بخشے گا وہ ندیم
ان کے کرم پہ مجھ کو بہت اعتبار ہے

(ریاض ندیم نیازی)

Web: www.darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: www.khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Cell # (0322) 4773786 Ph # (042) 35033371
E-mail: magazine@darulamal.org

ادار یہ

مدیراعلیٰ کے قلم سے

الحمدللہ رب العالمین وصلوٰۃ وسلام علی سید المرسلین۔ شکر ہے اس ذات کا، جس نے توفیق اور ہمت دی اور محض اس کے فضل سے خزینۂ رُوحانیات کا چھٹا خاص نمبر ''**حب وتسخیر نمبر**'' آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ہم لوگوں نے خاص نمبرز کا جو سلسلہ شروع کیا، اس کو دیکھ کر چند رسائل نے بھی نمبرز نکالنے کا سلسلہ شروع کر دیا۔ اچھی بات ہے۔ ہر اچھے کام کو اپنانا چاہئے۔ ایک فائدہ تو عوام کو ہوگا کہ خاص نمبرز زیادہ سے زیادہ پڑھنے کو ملیں گے۔ اور زیادہ سے زیادہ خاص مضامین پڑھ سکیں گے۔

''حب وتسخیر نمبر'' کے نام سے جیسا ظاہر ہے کہ اس میں محبت اور تسخیر کے اعمال ہوں گے، ایسا ہی ہے مگر پہلے کچھ گذارشات کرنا ضروری ہیں۔ محبت کے اعمال کا زیادہ تر ناجائز ہی استعمال ہوتا ہے۔ عوام کا تو کیا کہنا، خواص بھی بری طرح مبتلا ہیں۔ جب اپنا مسئلہ پڑتا ہے تو سب جائز ہو جاتا ہے۔ ایسے بہت سی مثالیں بندے کے پاس ہیں۔ افسوس ہوتا ہے کہ دین کو کتنا بگاڑ دیا گیا ہے اور اپنے لئے کس کس طرح توڑا اور مروڑا جاتا ہے۔ خیر میرا مقصد صرف یہ ہے کہ حب کے اعمال کے لئے جو شریعت نے حد مقرر کی ہے، وہ آپ لوگوں کے علم میں آ جائے۔ اور اسی کو مدِ نظر رکھ کر یہ رسالہ ترتیب دیا گیا ہے۔ تمام جائز اعمال ہی رسالے میں دئے گئے ہیں۔

محبت سے مراد یہ ہے کہ کسی کے دل میں ایسا احساس ہو کہ وہ ہمارے لئے نرم گوشہ رکھے، ہماری بات مانے، ہماری قربت اسے اچھی لگے وغیرہ وغیرہ۔ محرموں کے درمیان محبت کا عمل کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں، بشرطیکہ حد سے تجاوز نہ ہو۔ مسئلہ غیر محرموں پر عمل کرنے کا ہوتا ہے۔ یاد رکھیں کہ اصل مسئلہ تو یہ ہے کہ کسی طرح بھی کسی غیر محرم کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کا عمل کرنا جائز نہیں۔ اس کی جو بھی گنجائش نکلتی ہے، وہ تحریر نہیں کی جا رہی کیونکہ وہ حالات کے لحاظ سے دی جاتی ہے۔ اس لئے تمام افراد سے گذارش ہے کہ اپنے جاننے والے معتبر مفتیانِ کرام سے مسئلہ معلوم کر کے عمل کریں۔ علمائے کرام کی بجائے مفتیانِ کرام کو ترجیح دیں۔ ہر عالم اتنی اہلیت نہیں رکھتا کہ وہ ہر مسئلہ بتا بھی سکے۔ جو جس مسلک کا ہو، اپنے مسلک کے مفتی صاحب سے رجوع کر کے مسئلہ معلوم کرے۔ پھر اگر اجازت ملے تو عمل کرے، ورنہ خیال دل سے نکال دے۔

ایسے اعمال کی کثرت ہے اور ہمارے پاس بھی بہت ہیں جو کریں تو جائز اور ناجائز نہیں دیکھتے، لیکن الحمدللہ، ایسا نہ کیا ہے اور نہ کریں گے اور نہ ہی اس کی اجازت کسی کو دی جاتی ہے۔ چونکہ عوام اور عاملین میں شریعت کا لحاظ نہ ہونے کے برابر ہے، اس لئے ایسے اعمال رسالے میں نہیں دئے گئے۔ چند منتر صرف علمی معلومات کے لئے دئے ہیں اور وہ بھی جائز والے دئے ہیں۔ دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جائز کام کے لئے عمل کرنے والے کو کامیابی دے اور ناجائز کرنے والے کو سخت رجعت میں مبتلا کر دے۔

تسخیر کا جہاں تک تعلق ہے، عملیات میں اس سے کئی طرح کے اعمال مراد لئے جاتے ہیں۔ مثلاً تسخیر جنات، تسخیر خلائق، تسخیر محبوب یا کسی خاص فرد کی تسخیر، تسخیر رزق وغیرہ۔ اس رسالے میں تسخیر کے وہ اعمال دئے گئے ہیں جو محبوب سے متعلق ہیں، کسی خاص فرد یا حاکم یا افسر کو وقتی تسخیر کرنا اور چند اعمال تسخیر خلائق کے ہیں۔ تسخیر کے بارے میں بھی شریعت کا واضح حکم موجود ہے کہ کوئی بھی ایسا عمل جس میں کسی طرح کا جبر ہو، وہ کرنا جائز نہیں۔ اس لئے تسخیر کے اعمال کے لئے بھی مفتیانِ کرام سے پوچھے بغیر عمل نہ کیا جائے۔ افسوس تو ان دینی طبقے پر ہوتا ہے جو معاونت کے لئے پیسے والے حضرات پر تسخیر کے عمل کرتے ہیں تاکہ مدرسے اور ان سے تعاون کیا جائے۔ جب کہ کسی بھی انسان پر جبر کر کے تعاون لینا جائز نہیں۔ اور تسخیر کے عمل بھی ایک طرح کا جبر ہوتا ہے۔

تسخیر کے اعمال کن کن کاموں کے لئے کئے جا سکتے ہیں، اس کیلئے بہتر ہے کہ کسی مفتی صاحب سے رجوع کریں۔ نافرمان اولاد، ملازم یا بیوی کو تسخیر کیا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ صحیح راستے پر چلنے کی توفیق دیں۔ آمین

حب یا محبت......معاشرے کی ایک تلخ حقیقت

خالد مقبول حفظہ اللہ

محبت ایک حقیقت ہے مگر افسوس کہ ہمارے موجودہ معاشرے میں محبت کچھ اور ہی صورت میں متعارف ہو رہی ہے۔ جب کہ محبت حقیقت میں ایک پاکیزہ جذبہ ہے۔

محبت کی کئی قسمیں ہیں۔ مثلاً

- ......اللہ ﷻ سے محبت۔
- ......رسول اللہ ﷺ سے محبت۔
- ......صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت۔
- ......اولیائے کرام اور بزرگانِ دین سے محبت۔
- ......والدین اور بچوں میں محبت۔
- ......بہن بھائیوں میں محبت۔
- ......شوہر بیوی میں محبت۔
- ......شیخ ومرید میں محبت۔
- ......استاد وشاگرد میں محبت۔
- ......کسی سے اللہ ﷻ کے لئے محبت۔
- ......دوستوں میں محبت۔ وغیرہ وغیرہ

اور ایک قسم محبت کی، عاشق اور معشوق کی بھی ہے۔ اور موجودہ معاشرے میں وہ بوائے فرینڈ اور گرل فرینڈ کے روپ میں عام ہے۔ اور کس حد تک نوجوان نسل اس میں مبتلا ہو چکی ہے، اس کا اندازہ لگانا اب مشکل ہے۔ اسلام میں اس طرح کی محبت کی کوئی گنجائش نہیں۔ اگر محبت کرنی ہے تو پھر شادی کی جائے۔ جائز حدود میں رہتے ہوئے لڑکے اور لڑکی میں محبت ہو۔ اگر دل لگی کرنی ہے، ٹائم پاس کرنا ہے، جنسی لذت حاصل کرنی ہے اور اسی طرح کی کوئی غلط خواہش پوری کرنی ہے تو کسی صورت میں بھی اسلام اس بات کی اجازت نہیں دیتا۔

اسی طرح کچھ اور ناجائز محبت کی صورتیں ہمارے معاشرے میں اب عام ہوتی جا رہی ہیں۔ مثلاً

- ......لڑکوں کی لڑکوں سے محبت اور لڑکیوں کی لڑکیوں سے محبت (مراد ہم جنس پرستی ہے)۔
- ......نامحرم مرد وعورت میں محبت۔ (شادی شدہ اور بڑی عمر کے افراد مراد ہیں۔)

افسوس اس بات کا ہے کہ جائز محبت کی قسمیں معاشرے میں ختم ہوتی جا رہی ہیں۔ اور ناجائز محبت کی قسمیں تیزی سے معاشرے میں پھیل رہی ہیں۔ یقین جانئے کہ لڑکیاں خود فون کر کے کہتی ہیں کہ فلاں لڑکے سے محبت ہے۔ کسی طرح بھی ہو کہ اس سے شادی ہو جائے۔ میرے لئے تو یہی بات بہت ہے۔ حد تو یہ ہے کہ کہتی ہیں کہ فلاں لڑکا اب میرا فون نہیں سنتا، بات نہیں کرتا، sms کا جواب نہیں دیتا۔ کوئی شادی کا ارادہ نہیں۔ صرف فرینڈ شپ ہے۔ لڑکوں کی اور بات ہے لیکن جب لڑکی خود اس طرح کی باتیں کرے تو پھر معاشرے میں خرابی کس حد تک پھیلے گی، اس کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔ لکھنے کو تو بہت کچھ ہے، مگر بوجہ طوالت ممکن نہیں۔ بس ایک نصیحت والدین کے لئے کہ لڑکیوں کو موبائل فون سے دور کر دیں یا پھر کڑی نگرانی رکھیں۔ اللہ ﷻ ہدایت عطا فرمائے۔ آمین

قارئین سے چند گذارشات

- ......رسالے کی ترقی اور بہتری کے لئے سب سے اہم "قارئین کی رائے" ہوتی ہے۔ اس لئے ہماری تمام قارئین سے گذارش ہے کہ رسالے کی بہتری کے لئے جو بھی تجویز ہو، وہ ہم تک لازمی پہنچائیں۔ اگر کوئی بات قابلِ اصلاح ہو تو مطلع فرمائیں۔ مثبت تنقید پر ہم آپ کے مشکور ہوں گے۔ رابطہ کے لئے:

فون: 0343-7772772, 042-35033371
بذریعہ sms: 0343-7772772
ای میل: magazine@darulamal.org

اولیاءاللہ اور بزرگانِ دین کے حُب کے اعمال

محمد عارف

حجۃ الاسلام حضرت امام محمد غزالی رحمہ اللہ

محبت اور تسکینِ زوج

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر شوہر یا عورت کو پلا دو۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے عجیب فرماں برداری دیکھو گے۔ اور یہ نقش تیز ہوا کو ساکن کرتا ہے اور یہ عظیم تعویذ ہے۔ جس کو لکھ کر شوہر کے دائیں ہاتھ میں باندھ دو۔ نقش یہ ہے:

۹۳	۹۲۲	۲۲۲
۳۳۳	۳۳۳	۳۳۳
۳۱۵	۳۳۱۵	۲۲۵

براے محبت

سات کاغذوں پر لکھو ھیجت فلانۃ بنت فلانۃ مع فلانۃ (خالی جگہ میں اس کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھو) اور ہر کاغذ پر یہ اسماء لکھو عطعلسع کسھم حلسعطمور۔ پھر انہیں سے ہر کاغذ کو ایک ایک پھاڑتے جاؤ۔ یہ صحیح اور مجرب تعویذ ہے۔

محبوب کی (جائز) محبت میں اضافہ

۲۰۳۰۲۰۲۴۰۰۶۰ ۰۵۰۴۶۶ ۹۶۴۰۶۱۶۴ ۴۳۳۲۶۸۰۴۵۰

مذکورہ بالا اعداد کو بارش کے پانی اور مکھی کے شہد سے لکھے اور جس سے محبت کا ارادہ ہو، اس کو پلا دے تو وہ شدید محبت کرنے لگے گا۔ ستارہ زہرہ کی پہلی ساعت جنتری میں دیکھیں۔

براے محبت

محبت کا تعویذ یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم واذن فی الناس بالحج یاتوک رجالا وعلی کل ضامر یاتین من کل فج عمیق اور اس کا نقش یہ ہے، جسے اپنے پاس رکھنا چاہئے۔

وکان	عند	اللہ	وجیھا
۶۷	۲۴	۷۸	۱۲۳
۲۳	۶۴	۱۲۶	۷۹
۱۲۵	۸۰	۲۲	۶۵

کسی کے دل میں محبت پیدا کرنا

اگر کسی شخص کے دل میں محبت پیدا کرنے کا ارادہ ہو تو یہ کلمات لکھو اور سورج کو بہ نظرِ محبت دیکھو اور کوئلوں کے نیچے دبا دو۔ یہ مجرب عمل ہے اور کلمات یہ ہیں:

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۭ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (یوسف: ۳۰)

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۝ (طٰہٰ: ۳۹)

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۝ (انفال: ۶۳)

ثم الی الفت بین کذا ابن کذا و کذا بنت کذا (باپ بیٹے یا باپ بیٹی کا نام لکھو) ابداً لہ ھو بحق ھذہ الاسماء الحسنیٰ۔

محبت، احساسات کو ابھارنے اور عجیب کشش کیلئے

ایک مینڈک لو۔ اگر کسی مرد یا عورت کے دل میں محبت پیدا کرنی ہو تو بانس کی چھری سے ذبح کرو، جبکہ تم قبلہ رخ ہو۔ پھر زعفران سے ایک کاغذ پر یہ نام لکھو سمعاییل ممعاییل اور کاغذ کی دوسری طرف عساییل عساییل اور پھر قبلہ رخ ہو کر اس کاغذ پر سورۃ حشر کی آخری آیات پڑھو۔ اور والسماء والطارق تا انہ علی رجعہ لقادر (الطارق) پڑھو۔ اس کے بعد اپنا رخ دائیں سمت کی طرف پھیر لو اور پڑھو انا انزلنہ فی لیلۃ القدر آخر سورت تک (قدر)۔ پھر کہو، اعزم علیکم یا معشر الروحانیۃ الا ما ھیجتم و جلبتم و عطفتم و زلزلتم و اسرعتم بعطف قلب و فؤاد و سمع و بصر و جمیع جوارح بنت کذا الی محبۃ و عشق و ارادۃ و مودۃ

طاعة و قبول كذا ابن كذا الساعه الساعه الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل. وَ قَالَ عِفۡرِيۡتٌ مِّنَ الۡجِنِّ اَنَا اٰتِيۡكَ بِهٖ قَبۡلَ اَنۡ تَقُوۡمَ مِنۡ مَّقَامِكَ‌ۚ وَاِنِّىۡ عَلَيۡهِ لَقَوِىٌّ اَمِيۡنٌ قَالَ الَّذِىۡ عِنۡدَهٗ عِلۡمٌ مِّنَ الۡكِتٰبِ اَنَا اٰتِيۡكَ بِهٖ قَبۡلَ اَنۡ يَّرۡتَدَّ اِلَيۡكَ طَرۡفُكَ‌ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسۡتَقِرًّا عِنۡدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنۡ فَضۡلِ رَبِّىۡ ۖ لِيَبۡلُوَنِىۡٓ ءَاَشۡكُرُ اَمۡ اَكۡفُرُ‌ؕ وَمَنۡ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشۡكُرُ لِنَفۡسِهٖ‌ۚ وَمَنۡ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّىۡ غَنِىٌّ كَرِيۡمٌ

پھر کاغذ کو سرخ صندل کی لکڑی اور گوگل کے زرد رنگ کے پھل اور سندروس گوند سے اس کو دھونی دی جائے تو اسی وقت تمہاری دعا قبول ہو جائے گی۔ اس کاغذ کو یا تو گلے میں لٹکا لے یا اپنے ساتھ رکھ لے اور اس تعویذ کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے علاوہ میں لکھنے سے پرہیز کیا جائے۔ سوائے مضطر (انتہائی مجبوری کے) اگر چہ وہ طاعۃ اللہ سے خارج ہو۔

حضرت مولانا محمد یعقوب نانوتوی رحمہ اللہ

برائے حب

یحبونهم کحب الله والذین امنوا اشد حبا لله.

اڑتالیس ہزار (۴۸۰۰۰) بار، زکوٰۃ کے واسطے پڑھے۔ بے تعداد (یعنی دنوں کی قید نہیں کہ کتنے دن میں اس عدد کو ختم کرے)، بے قید، بے شرط مگر باوضو اور وقت معین اور پڑھنے میں بولے نہیں۔ بعدہٗ کچھ وظیفہ مقرر کرلے۔ کم سے کم سات بار۔ بوقت حاجت سات ڈلی شکر کی لے اور اس پر پڑھ کر دم کرے اور طالب ومطلوب کے نام اور ان کے والدین کا نام بھی ہر بار میں پڑھے اور مطلوب کو کھلاوے۔ اور صاحب زکوٰۃ اگر واسطے رفع مرتبہ اپنے کے چاہے تو سات دفعہ پڑھ کر مطلوب کے سامنے جاوے، ان شاء اللہ تعالیٰ مسخر ہوگا۔ (صرف جائز کام میں کرے۔ ناجائز کام کے لئے کرے گا تو وبال جان ومال ہوگا)۔

عمل حب

والقیت علیك محبة منی ولتصنع علی عینی.

سات سو (۷۰۰) بار پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے۔ ان شاء اللہ مسخر ہوگا۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ

برائے محبت

بعد نماز عشاء کپڑوں میں عطر وخوشبو لگائے اور دوزانو مؤدب بیٹھ کر یہ درود شریف تین سو ساٹھ مرتبہ بحضور قلب پڑھے۔ جملہ حاجات برآئیں گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ درود شریف یہ ہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْبَشَرِ. بَشَرٌ لَا كَالْبَشَرِ. بَلْ هُوَ كَالْيَاقُوْتِ فِي الْحَجَرِ۔ (عطیہ از پیر جی صابر علی رامپوری رحمہ اللہ)

برائے اصلاح زوجین مجرب ہے

میاں بیوی میں باہم سلوک کرانے کے لئے یہ لکھ کر دے یا دم کر کے کھلاوے یا پلاوے، ان شاء اللہ فوراً محبت ہوگی۔ مجرب ہے (جن سے اس کو نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے دھوکہ سے پڑھوا کر کسی ناجائز موقعہ پر استعمال کیا بالکل اثر نہیں ہوا بلکہ کرنے والے کا بہت نقصان ہوا۔ لہٰذا سب کو چاہیے کہ ناجائز جگہ اس کا استعمال نہ کریں)۔ آیت یہ ہے:

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقۡنٰكُمۡ مِّنۡ ذَكَرٍ وَّاُنۡثٰى وَجَعَلۡنٰكُمۡ شُعُوۡبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوۡا‌ؕ اِنَّ اَكۡرَمَكُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ اَتۡقٰٮكُمۡ‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيۡمٌ خَبِيۡرٌ. اَلِّفْ بَيْنَ فُلَاں ابنِ فُلاں وفلانة بنت فُلان كَمَا اَلَّفْتَ بَيْنَ مُوْسٰى وَ هَارُوْنَ مَثَلُ كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَ فَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ تُؤْتِىٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا وَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ.

اس میں فلاں ابن فلاں کی جگہ شوہر کا نام لکھے اور فلانۃ بنت فلاں کی جگہ بیوی کا نام لکھے۔ آیت سورۂ حجرات کی ۱۳ نمبر ہے۔

محبت زوجین

اگر زوجین میں سے کسی کو دوسرے سے نفرت ہو اور محبت نہ ہو تو آیات

ذیل کو لکھ کر محب اپنے پاس رکھے اور نمک یا مٹھائی پر پڑھ کر محبوب کو کھلا دیں۔فلانہ کی جگہ محبوب کا نام اور لفظ فلاں کی جگہ محب کا نام لکھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّىْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِىْ اِذْ تَمْشِىْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ ۚ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ۚ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۔ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَ يَا مُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ قَلِّبْ لِفُلَانَةَ قَلْبَ فُلَانٍ بِالْخَيْرِ لِاَدَاءِ الْحُقُوْقِ يَاوَدُوْدُ حَبِّبْ حَبِّبْ يَاوَدُوْدُ۔

حضرت مولانا اعزاز علی صاحب رحمہ اللہ

برائے حب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رب انی مغلوب فانتصر

بحب فلاں فلاں

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

تو چندی منگل کی پہلی ساعت میں لکھا جائے اور روئی میں لپیٹ کر طالب باندھ کر مطلوب کے پاس جاوے۔

نوٹ بحب فلاں کے بجائے طالب و مطلوب کے نام تحریر کئے جائیں۔

قدوۃ السالکین حضرت کلیم اللہ جہاں آبادی رحمہ اللہ

الفت قلوب کے واسطے

جمعہ کی آدھی رات ہو تو اٹھے اور تیس بار پڑھے

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِىَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (التوبہ:۱۲۹)

اور آخر میں ہر بار کہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ وَ حَسْبِیْ عَلٰی فلاں بن فلانہ اَوْ فلانہ بنت فلانہ اَعْطِفْ قَلْبَهٗ اَوْ قَلْبَهَا عَلَیَّ وَ ذَلِّلْهُ اَوْ ذَلِّلْهَا فَاِنَّ اللهَ يَعْطِفُ قَلْبَهٗ اَوْ قَلْبَهَا عَلَيْهِ اَوْ يُذَلِّلُهَا

دو آدمیوں کے دل ملنے کے لئے

ابتدا کرے طالب کے نام سے اور مؤخر کرے مطلوب کا نام اور ان کے درمیان لفظ محبت کا لکھ کر تکسیر کرے اور سیسہ کی تختی پر نقش کرائے اور ہفتہ کے دن اس تختی کو جس جگہ چاہے، دفن کردے۔ مراد حاصل ہوگی۔ اور یہ عمل اسرار میں سے ہے۔

الفت کے لئے

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (الانفال:۶۳)

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (الممتحنہ:۷)

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ (بقرہ:۱۶۵)

اپنے نام اور مطلوب کے نام اور ان تینوں آیتوں کی تکسیر کر کے اپنے پاس رکھے، الفت پیدا ہو۔

حضرت مولانا احمد علی لاہوری نور اللہ مرقدہٗ

برائے حب و بغض

یہ بیت ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھی جائے۔ اول و آخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھا جائے۔

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِيْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهٗ

لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع نور اللہ مرقدہٗ

حب کیلئے

سات سو چھیاسی (786) مرتبہ پوری بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر پانی پر دم کر کے جس کو پلائے اس کو گہری محبت ہو جائے (ناجائز کاموں میں استعمال سے وبال کا خطرہ ہے)

حضرت مولانا عبداللہ درخواستی رحمہ اللہ

حب کے وظائف

مخالف کو محب بنانے کے لئے ناجائز محبت میں استعمال نہ کرے، ورنہ نقصان ہوگا۔

(الف) عشاء کے بعد دو رکعت پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سات بار یہ آیت پڑھے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (ممتحنۃ:۷)

سلام کے بعد اول و آخر گیارہ بار درود شریف اور یہ دعا ستر مرتبہ پڑھیں

اَللّٰهُمَّ لَيِّنْ قَلْبَ فلان اِلَيَّ كَمَا لَيَّنْتَ الْحَدِيْدَ لِدَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامِ۔

یا اپنی زبان میں دعا کرلے یا اللہ فلاں کے دل کو میرے لئے نرم کردے جیسا کہ تو نے حضرت داؤد علیہ السلام کے لئے لوہے کو نرم کردیا تھا۔

(ب) دوسرا تعویز اس طریقہ پر لکھ کر اس کو پلائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ الرحمن الرحیم ۔ الرحمن الرحیم ۔ الرحمن الرحیم لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم

یہ تین تعویذ لکھ کر ہر تعویذ تین دن پلائیں۔

برائے حب زوجین

❶ والقيت عليك محبة مني ولتصنع على عيني

نماز مغرب کے بعد اکیس مرتبہ پڑھیں، اول و آخر درود شریف چالیس دن تک یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بے حد محبت ہوگی۔

❷ یا ودود یا لطیف گیارہ سو بار کالی مرچ گیارہ عدد پر عشاء کے بعد پڑھیں۔ پھر جلتی آگ میں ڈال دیں۔ اکتالیس دن یہ عمل کریں، ان شاء اللہ محبت ہو جائے گی۔

مولانا حشمت علیؒ بلند شہری (فاضل دیوبند)

عمل حب

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبِ الْقَلْبَ وَالْبَصَرَ فلاں بن فلاں اِلَيَّ بِالْخَيْرِ بِحَقِّ حَبِّبْ حَبِّبْ حَبِّبْ يَابُدُّوْحُ

ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔ گیارہویں، بائیسویں، تینتیسویں اور چوالیسویں روز مطلوب کے سامنے جائیں۔ مجرب ہے۔

حضرت مولانا سید صدیق احمد باندوی رحمہ اللہ

میاں بیوی میں باہم الف ومحبت کیلئے نہایت مجرب و موثر عمل

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ اَلِّفْ بين فلاں بن فلاں و فلانۃ بنت فلانۃ كما الفت بين موسى و هارون مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِى السَّمَآءِ ۙ تُؤْتِيْۤ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ۔

میاں بیوی میں باہم سلوک کرانے اور الفت ومحبت پیدا کرنے کے لئے یہ آیات لکھ کر دے یا دم کر کے کھلائے پلائے۔ ان شاء اللہ فوراً محبت ہوگی۔ مجرب ہے۔

نوٹ فلاں ابن فلاں کی جگہ پر شوہر اور اس کے باپ کا نام لکھا جائے اور فلانۃ بنت فلانۃ کی جگہ پر بیوی اور اس کی ماں کا نام لکھا جائے۔

حب زوجین کا تعویذ

ایک صاحب نے خط لکھا کہ شوہر بیوی کو بہت تنگ کرتا ہے، ہر طرح سے پریشان کرتا ہے۔ مارتا پیٹتا ہے، اس کے لئے کچھ تحریر فرمائیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام وعلیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کرتا ہوں اللہ پاک پریشانی دور فرمائے۔

ایک تعویذ کا نقش بھیج رہا ہوں۔ آپ کاغذ پر لکھ کر لڑکے کی بیوی کے گلے میں باندھ دیجئے۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم
یحبونھم کحب اللہ والذین
آمنو اشد حبا للہ فسیکفیکھم
اللہ وھو السمیع العلیم

نوٹ اس تعویذ کو لکھنے اور چھونے وباندھنے کے لئے شرط ہے کہ باوضو ہو کیونکہ اس میں قرآنی آیات ہیں۔

حب زوجین کے لئے تعویذ

ایک صاحب نے لکھا کہ میں اپنے داماد سے پریشان ہوں۔ لڑکی پر کوئی توجہ نہیں کرتے۔ اس کی طرف ان کا رجحان ہی نہیں ہے۔ بہت لاپرواہ ہے۔ لڑکی کے لئے تعویذ تحریر فرمادیں تاکہ لڑکی کی طرف شوہر کا میلان ہو۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

تعویذ بھیج رہا ہوں۔ بازو میں باندھ دیا جائے اور اول آخر درود شریف کے ساتھ یا فتاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کرلیا کریں۔

اور یہ تعویذ تحریر فرمایا:

بسم اللہ الرحمن الرحیم
یحبونھم کحب اللہ والذین
آمنو اشد حبا للہ فسیکفیکھم
اللہ ھو السمیع العلیم حسبنا
اللہ ونعم الوکیل فسھل یا الٰھی کل
صعب بحرمۃ سید الابرار ﷺ

حب زوجین کے لئے

ایک صاحب نے میاں بیوی میں آپسی سخت کشیدگی اور نفرت کے حالات تحریر کئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

یہ تعویذ بھیج رہا ہوں۔ اس پر روئی لپیٹ کر ڈبیہ میں بند کر کے جس چولہے میں لکڑی جلتی ہو، چار انگل کھود کر گاڑ دی جائے۔

تعویذ کی نقل یہ ہے۔

۴۴۰	۴۵۳	۴۵۰	۴۴۷
۴۵۱	۴۴۶	۴۴۱	۴۵۲
۴۴۵	۴۴۸	۴۵۵	۴۴۲
۴۵۴	۴۴۳	۴۴۴	۴۴۹

الٰہی بحرمۃ ایں تعویذ..................

مائل فریفتہ شود بزوجہ خود..................

برائے ادائے حقوق زوجیت

نوٹ خالی جگہ شوہر کا نام باپ کے نام کے ساتھ اور بیوی کا نام ماں کے نام کے ساتھ لکھا جائے۔ مثلاً خالد بن عمر، عائشہ بنت فاطمہ۔ میاں بیوی میں جس کے دل میں محبت نہ ہو اور جس کے دل میں محبت کرنا مقصود ہو پہلے اس کا نام لکھا جائے۔

اسلامی کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دار العمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9118، لاہور
رابطہ: 042-35033371, 0332-4487877, 0322-4773786

مکتبۃ العارف سے دینی، اصلاحی، تبلیغی، علمی الغرض تمام موضاعات پر کتب گھر بیٹھے حاصل کریں۔

نام کتاب و مصنف	عام قیمت	رعائتی قیمت
اکابر کے حکمت بھرے اقوال	140	84
ستر بڑے گناہ (علامہ الذہبی رحمۃ اللہ علیہ)	250	190
کامیاب زندگی اقوال اولیاء کی روشنی میں	250	188
جواہرات حیدری (جلد اول، دوم)	520	312
روحانی حکایات	300	180
جوانی کی حفاظت کیسے کریں	224	150
نوجوانوں سے راز کی باتیں	304	200
ملفوظات شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ (مولانا اسماعیل میمن)	380	228
راہ علم کا مسافر یعنی طالب علم	350	230
ہم نے شرعی پردہ کیسے کیا؟	400	260
والدین کا مقام اور آج کی نافرمان اولاد	240	144
رزق اولیاء کے پوشیدہ اسباب	250	175
اختلاف امت اور صراط مستقیم (اعلیٰ)	650	360
جب آنکھیں کھلیں گی (مولانا یوسف لدھیانوی)	300	180
استاد کا کردار	150	90
ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم	180	108
فقہی پہیلیاں (مفتی محمد ولی)	220	132
سیرت امیر المومنین حضرت علیؓ	200	120
پریشان رہنا چھوڑیں جینا شروع کریں	225	170
دوست بنائیں اثر و رسوخ بڑھائیں	180	145
میٹھے بول میں جادو ہے	160	128
سنت نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم میں راہ اعتدال		125net
جہنم والے اعمال کا خوفناک انجام	350	210
سنہرے حروف (مفتی عاصم عبداللہ)	320	192
سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کرنیں	320	192
بیت الرسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک دن	440	275
امی عائشہؓ (مولانا عبدالمالک)	110	75
اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم (مولانا قاری منصور احمد)	280	150
اللہ کی محبت پیدا کرنے کا طریقہ (پیر ذوالفقار نقشبندی)	240	144
بزرگان چشتیہ کو خواب میں زیارت نبی صلی اللہ علیہ وسلم	280	168
تبلیغی جماعت (تقریظ مولانا سلیم اللہ خان)	340	220
قلبی صفائی کے لئے روحانی تدابیر	440	265
انجام متقیوں کا انجام مجرموں کا	280	168
آئینہ قادیانیت (مولانا اللہ وسایا)	190	125
شہادت حسینؓ اور یزید کے بارے میں مسلک اعتدال	330	215
فضائل ایمان (مفتی محمد نعیم)	400	240
ہجرت خیر البشر صلی اللہ علیہ وسلم (صدارتی ایوارڈ یافتہ)	380	245
طلبہ کیلئے نایاب تحفہ	120	78
اسلام کی حقانیت غیر مسلموں کی نظر میں	140	84

اشتہار میں درج تمام کتب کی تفصیل درج ذیل ویب سائٹ پر دی گئی ہے۔
www.maktabatulaarifislami.blogspot.com

عاملین کاملین کے حب کے مجربات

محمد عارف

خواجہ احمد دیربی رحمہ اللہ

حروف ناریہ کے خدام سے محبت کا کام لینا

بعض خواص سورہ فاتحہ کے واسطے محبت اور تالیف قلوب کے ہیں۔ چنانچہ بعض برادران دینی نے مجھ کو فائدہ بتایا ہے اور طریقہ اس کا یہ ہے کہ حروف اسم مطلوب کے حروف ناریہ کے ساتھ امتزاج و باہم آمیز کرے اور حروف ناریہ یہ ہیں۔ "ا۔ ھ۔ ط۔ م۔ ف۔ ش۔ ذ" اور صورت آمیزش کی یہ ہے کہ اول حرف کا لیا جائے اور اسی طرح ایک حرف اس کا ایک حرف اس کا۔ دریں صورت ضرور ہے کہ ابتدائے حروف ناریہ سے ہو اور اسی کے حرف پر ختم ہو یعنی آخر میں حرف ناریہ واقع ہو اور یہ حروف یکے بعد دیگرے اکیس پرچہ کاغذ پر لکھے جائیں اور ہر پرچہ پر ایک کنکری لوبان ترکی اور تفاح جان۔ تفاح جان یعنی سیب سے لکھ کر ان پرچوں کو آگ پر چھوڑ دے اور اس پر سورۃ فاتحہ پڑھنا شروع کرے۔ اور تا انقطاع دخان یعنی جب تک دھواں باقی رہے، برابر پڑھتا رہے۔ پھر اس وقت یہ کلمات زبان پر لائے۔

توکلو یا خدام الحروف ناریہ بقضاء حاجتی من فلان و القاء محبتی و مودة او محبة فلان فی قلبه بحق ما تلوته علیکم

"یعنی اے خادمان وموکلان حروف ناریہ کے، تم میری وکیلی اور مددگاری کرو میری حاجت روائی میں فلاں شخص مطلوب سے، اور ڈالنے میں میری محبت اور مودت کے بیچ دل کے اس شخص کے، بحق اس چیز کے اور اس سورہ کے جو میں نے تم پر تلاوت کیا ہے"۔

یعنی با محبت فلاں کے واضح ہو کہ اگر محبت فیما بین اپنے اور اس شخص مطلوب کے درمیان منظور ہے تو یہ کہے گا کہ من فلاں القاء محبتی و مودتی فی قلبہ الخ اور اگر عمل واسطے محبت درمیان دیگر دو شخصوں کے ہے تو یہ کہا جائے کہ من فلاں القاء محبۃ و مودتہ فی قلبہ الخ۔ چنانچہ پہلی صورت کے یہ معنی ہیں کہ میری مددگاری کرو میری حاجت روائی میں زید سے مثلاً اور میری محبت اور مودت ڈالنے میں بیچ دل اس کے اور دوسری صورت میں یہ معنی ہیں کہ میری مدد کرو میری حاجت روائی میں زید سے مثلاً اور ڈالنے میں محبت خالد کے مثل اس کے دل میں۔

سورۂ ناس کے خدام سے محبت کا کام لینا

بعض خواص سورۂ ناس کے یہ ہیں کہ جب تو ارادہ کرے اس کے عمل کا تو روزہ رکھ اور باز رہنا چاہئے اس چیز کے کھانے سے جس میں روح وجان رہتی ہے یعنی گوشت وغیرہ۔ بعد ازاں اس سورہ کو ہزار بار تلاوت کرے اور ہر سینکڑے بعد یہ کلمات کہنا چاہئے۔

اَجِیْبُوْا وَ تَوَکَّلُوْا اَیُّهَا الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسُ وَ اَدْخِلُوْا بِقَلْبِ كَذَا وَ كَذَا بِالْمَحَبَّةِ وَ الْمَوَدَّةِ وَ عَطِفُوْا قَلْبَهٗ عَلَیَّ

"پذیرا کرو میرے امر کو اے وسواس خناس سرکش اور سیر کرو قلب میں فلاں مطلوب کے محبت اور دوستی کو اور اس کے دل کو میرے اوپر مہربان کرو۔"

اور یہ کلمات اس حالت میں کہنا چاہئے کہ جب ارادہ تیرا مطلوب سے الفت ومحبت کا ہو۔ فلاں کذا کی جگہ مطلوب کا نام لینا چاہئے۔

نوٹ ہر قسم گوشت وتخم ماکیان وغیرہ یہ ماحصل ہے کل انی الروح کا اور دوسری جگہ یہ بھی شرط ہے وکل مایخرج من الحی یعنی جو چیز جاندار سے نکلتی ہے مثل شیر و دوغ و سکہ وغیرہ۔

حافظ جمیل احمد سکندر پوری رحمہ اللہ

برائے حب

تسخیر زوجین کیلئے عمدہ عمل ہے۔ اسم "یَا وَدُوْدُ" کو میٹھی چیز پر پڑھ کر دم کریں۔

طریقہ صبح فجر کی نماز کے وقت سنت وفرض کے درمیان ایک ہزار مرتبہ

یا سات سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ سات روز تک عورت مرد کو کھلا سکتی ہے اور مرد عورت کو کھلا سکتا ہے۔ مجربہ و مصدقہ ہے۔

برائے حب

اس آیہ شریفہ کی پہلے زکوٰۃ اس طرح ادا کرے کہ پانچ سو مرتبہ روز تین روز تک آدھی رات کے وقت پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ۔ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ وقت ضرورت اکیس مرتبہ شیرینی پر دم کر کے مطلوبہ کو کھلائیں۔ ان شاء اللہ مطلوب تابعدار و مسخر ہوگا۔ مجرب ہے۔ وہ آیت یہ ہے:

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن:۳۱﴾

برائے حب

آیت شریفہ کی پہلے اس طریقے سے زکوٰۃ ادا کرے کہ عروج ماہ میں بروز یکشنبہ کو شروع کرے۔ بعد نماز عشاء ۱۲۵ مرتبہ روز پڑھیں، اول و آخر درود شریف ۷۔۷ بار پڑھیں، چالیس روز تک۔ چالیسویں روز ختم شریف چشتیہ پڑھے۔ اور شیرینی تقسیم کرے۔ بعد زکوٰۃ کے میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ طالب کی محبت میں بیقرار ہو جائے گا۔ اگر کھلانے کا موقعہ نہ ہو تو تین روز یا سات روز بعد نماز عشاء ایک سو پچیس مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ مطلوب عاشق ہو کر حاضر ہوگا۔ مجرب ہے۔ وہ آیت یہ ہے:

یحبو نهم کحب اللّٰه والذین امنو اشد حبا اللّٰه

برائے حب

''سورہ مزمل شریف کا عمل''۔ پہلے اس کی زکوٰۃ اس طریقہ سے ادا کرے۔ ۴۱ مرتبہ روز سات روز تک پڑھے۔ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھے۔ ساتویں روز زکوٰۃ پوری ہوگی۔ بچوں کو شیرینی تقسیم کریں۔ پھر وقت ضرورت اگر مطلوب دور ہے، بلانا مقصود ہے تو سات روز تک سات مرتبہ سر برہنہ ہو کر صحن یا چھت پر بیٹھ کر پڑھیں اور شیرینی پر دم کرتے رہیں۔ مطلوب سات روز میں حاضر ہوگا، تب مٹھائی کھلائیں۔ سخت سے سخت دل مطلوب بھی مطیع، تابعدار اور مسخر و مہربان ہوگا۔ مجرب ہے۔

برائے حب

سورۃ یٰسین شریف کا عمل بہت ہی آسان ہے۔ جمعرات کو یا جمعہ کو پرانی قبر کی مٹی لاکر مطلوب کے گھر سے پانی منگا کر مٹی کا گارہ بنائیں اور سورۃ یٰسین شریف آدھی رات کو پڑھ کر مٹی پر دم کریں اور مطلوب کے مکان کی پشت پر ماریں یعنی چپکا دیں۔ پھر قدرت خداوندی کا تماشہ دیکھیں۔ کس طرح مطلوب طالب کی محبت میں بےچین و بیقرار ہوتا ہے۔ آزمودہ ہے۔

برائے حب

''قل ھو اللہ شریف کا عمل''۔ بہت آسان طریقہ ہے۔ وہ اس طرح کہ سات دانے سیاہ مرچ کے لے کر ہر دانے پر سات مرتبہ قل ھو اللہ شریف مع نام چہار کس پڑھ کر دم کرے اور آگ میں جلا دے، سات روز تک۔ ان شاء اللہ سخت سے سخت دل انسان بھی طالب کی طرف رجوع کرے گا۔ اور تابعدار ہوگا۔ مجرب ہے۔

برائے حب

اگر کوئی شخص کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہے تو ایک مکمل لوہے کی چھری لاوے اور اس پر سات مرتبہ سورۃ الم نشرح مع نام چہار کس پڑھ کر دم کرے اور زمین میں گاڑے۔ گاڑنے اور پڑھنے کے وقت ساعت قمر ہونا چاہئے۔ ان شاء اللہ سخت سے سخت مطلوب بھی دیوانہ ہوگا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

کاش البرنی مرحوم

ایک چٹکلہ

جس شخص کو تم اپنی جانب راغب کرنا چاہتے ہو تو دیکھو کہ اس کا سر اسم ان گیارہ حرفوں میں سے ایک ہے۔ اگر ہے تو یہ چٹکلہ کام دے گا ورنہ نہیں۔ وہ گیارہ حروف یہ ہیں ''ک۔ ع۔ ل۔ ہ۔ ا۔ و۔ س۔ ط۔ ض۔ ح۔ م''۔ اب گیارہ خانے کا اس طرح نقش بناؤ۔

وہ حرف جو اسرِ اسم کا ہے، اسے درمیان میں لکھو۔ اور باقی دس حرف دس خانوں میں لکھ دو اور نقش کو کسی بھاری پتھر تلے دبا دو۔ یقیناً مطلوب کے دل میں اثر ہوگا۔

اعطینا برائے حب

طریقہ یہ ہے کہ 41 مرچ سیاہ لیں۔ ایک ایک مرچ پر ایک ایک مرتبہ عمل مذکور پڑھ کر دم کریں اور کوئلوں کی آگ میں ڈالتے جائیں۔ اس طرح 41 دن تک کریں۔ اول تو سات یوم میں کام ہو جائے گا۔ ورنہ اکیس اور چالیس دن میں تو یقیناً مطلوب بے قرار ہو کر قدموں میں حاضر ہوگا۔ یہ عمل قمری مہینہ کی پہلی تاریخ سے گیارہ تاریخ تک کسی جمعہ کی رات شروع کر دیں۔ ساعت زہرہ کی ہو۔ بخور متعلقہ ستارہ بھی روشن کریں۔ سورۃ پڑھنے کا طریق یہ ہے۔

انا اعطیناك الكوثر بحق یا جبرئیل فصل لربك والنحر بحق یا میکائیل ان شانئك بحق یااسرافیل هوالابتر بحق یاعزرائیل فلاں بن فلاں کو مطیع و مسخر کر دے۔

حب کا ایک عمل

ایک ہزار دانہ گندم کے گن کر ان پر ایک ایک مرتبہ ذیل کا عمل پڑھے۔ (ایک ہزار بار ہوا) پھر ان دانوں کو کسی پاک برتن میں ڈال کر اور پانی ڈال کر نرم نرم آنچ نیچے کر دیں۔ جب پانی گرم ہو جائے اور دانے بھی گرم ہو جایں، یعنی پکنے لگیں، بلکہ گرم ہو جائیں تو ان دانوں کو نکال کر دریا میں ڈال دیں۔ اسی طرح سات دن یہ عمل کریں۔ وہ شخص بیقرار ہو جائے گا اور آپ سے ملنے پر مجبور ہو جائے گا۔

عمل یہ ہے:

یارحمن برحمتہ فلاں بن فلاں در محبت فلاں بن فلاں گرم گردد۔

حب کا عمل

ایک آسان اور مجرب عمل ہے۔ اور اس دی گئی مربع چال کو کام میں لانا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ جس وقت آفتاب برج حوت میں داخل ہو تو نام طالب اور مطلوب کے اعداد استخراج کرے۔ پھر اس میں ۱۴۹۲ جمع کر کے نقش میں بھرے اور اس کو تہہ کر کے زندہ مچھلی کے منہ میں دے کر دریا میں چھوڑ دے اور خدا کی قدرت کا تماشا دیکھے کہ کس طرح اس شخص کے دل میں محبت پیدا ہو جاتی ہے۔

۱	۱۱	۱۴	۸
۶	۱۶	۹	۳
۱۲	۲	۷	۱۳
۱۵	۵	۴	۱۰

حب کے لئے الائچی

بعض عامل بزرگ الائچی پر دم کر کے کھلانے کو دیتے ہیں۔ یہ عمل مشہور زماں ہے اور بہت زیادہ زود اثر ہے۔ میں بلا بخل ہدیہ احباب کرتا ہوں۔ سب سے پہلے اس کا چلہ بأترک حیوانات چالیس روز تک کرنا ہوگا۔ چلہ کے دوران میں پرہیز کی پابندی حد درجہ رکھنی ہوگی۔ چلہ ختم ہونے پر اس کے عامل ہو جائیں گے۔ جب خود ضرورت پڑے یا کسی دوسرے کو ضرورت پڑے تو نبات سفید یا سفید الائچی لے کر اس پر 21 مرتبہ دم کرے اور مطلوب کو کھانے کو دیں۔ جو شخص بھی کھائے گا، مطیع و فرمانبردار ہو گا اور آپ کے ہر اشارے پر سر تسلیم خم کرے گا۔ مجرب ہے۔

عمل یہ ہے:

بسم الله الرحمن الرحیم. به نستعین اللّٰهُمَّ اجْعَلْ مَحْبُوْبَ فِيْ قَلْبِيْ یابدوح یابدوح۔

اس عمل کو (360) بار روزانہ چالیس یوم تک پڑھیں۔ چلہ کرتے وقت حصار بھی کھینچ لیں۔

غلام رسول میمن مائلی نقشبندی (لاڑکانہ)

گھر کے جھگڑے ختم ہوں اور محبت ہو

اگر کسی گھر میں جھگڑے ہوتے رہتے ہوں تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھی جائے اور اس آیت کو گھر کا کوئی فرد پڑھتا رہے تو اس گھرانے کے افراد آپس میں شیر وشکر ہو جائیں گے۔

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾

(البقرۃ:۱۶۳)

۷۸۶

۶۱۳۰	۲۶۲۳۸	۲۸۳	۱۷۸۹۹۷۸	۲۲۹۲
۱۷۸۹۹۷۶	۲۲۹۵	۶۱۳۸	۲۶۲۳۶	۲۸۷
۲۶۲۳۳	۲۸۵	۱۷۸۹۹۷۹	۲۲۹۳	۶۱۳۱
۲۲۹۶	۶۱۳۹	۲۶۲۳۷	۲۸۳	۱۷۸۹۹۷۷
۲۸۶	۱۷۸۹۹۷۵	۲۲۹۴	۶۱۳۲	۲۶۲۳۵

لوگ محبت کریں

تالیف قلوب کے لئے اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھے اور اس آیت کا ورد کرے تو لوگ اس سے محبت کرنے لگیں گے۔

اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۭ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾ (ہود:۸۸)

۷۸۶

۱۹۳۷	۸۷۲۰	۱۲۱	۵۲۳۶۹۴	۳۷۴۴
۵۲۳۶۹۲	۳۷۴۷	۱۹۳۵	۷۸۱۸	۱۲۴
۷۸۱۶	۱۲۲	۵۲۳۶۹۵	۳۷۴۵	۱۹۳۸
۳۷۴۸	۱۹۳۶	۷۸۱۹	۱۲۰	۵۲۳۶۹۳
۱۲۳	۵۲۳۶۹۱	۳۷۴۶	۱۹۳۹	۷۸۱۷

ملاقاتی محبت سے پیش آئے.....عطر تسخیر

اگر اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھے اور کسی سے ملاقات کرنے کے وقت اس آیت کو سات بار پڑھ کر دم کر کے اپنے چہرے پر ہاتھ پھیرے تو جس سے ملاقات کرے، وہ محبت سے پیش آئے۔

اسی طرح اگر اس آیت کو کسی مناسب رصد الفلکی میں عطر پر دم کر کے اگر اس عطر کو لگائے تو بھی یہ عطر تسخیر کے لئے موثر ہوگا۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰي مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

۷۸۶

۱۷۹۵	۷۳۰۹	۱۰۹	۳۸۳۶۲۷	۳۳۵۷
۳۸۳۶۲۵	۳۳۶۰	۱۷۹۳	۷۳۰۷	۱۱۲
۷۳۰۵	۱۱۰	۳۸۳۶۲۸	۳۳۵۸	۱۷۹۶
۳۳۶۱	۱۷۹۴	۷۳۰۸	۱۰۸	۳۸۳۶۲۶
۱۱۱	۳۸۳۶۲۴	۳۳۵۹	۱۷۹۷	۷۳۰۶

زوجین کی آپس میں محبت

☆.....اگر میاں بیوی کی آپس میں نہ بنتی ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر ان کو پلایا جائے تو وہ آپس میں محبت کرنے لگیں گے۔

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿۸۵﴾ (مریم:۸۵)

۷۸۶

۹۷۱	۳۹۳۸	۹۶	۲۶۸۵۷۷	۷۳۹۵
۲۶۸۵۷۵	۳۷۹۸	۹۶۹	۳۹۳۶	۹۹
۳۹۳۳	۹۷	۲۶۸۵۷۸	۷۳۹۶	۹۷۲
۷۳۹۹	۹۷۰	۳۹۳۷	۹۵	۲۶۸۵۷۶
۹۸	۲۶۸۵۷۴	۷۳۹۷	۹۷۳	۳۹۳۵

حضرت مولانا محی الدین قریشی رحمہ اللہ

برائے حب و فرمانبرداری اولاد

محبت زوجین، نافرمان اولاد و دیگر عزیز و اقارب ولواحقین کی محبت کے لئے از حد مؤثر ہے۔

تین تعویز لکھیں۔ ایک تعویز بے خبری میں تین دن تک پلائیں۔ ان شاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الرحمٰن الرحیم
الرحمٰن الرحیم
الرحمٰن الرحیم
لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

حب کے لئے

یہ نقش تین عدد لکھیں۔ ایک درخت پر لٹکائیں۔ دوسرا بیس کلو سے زیادہ وزن کے نیچے رکھیں اور تیسرا طالب گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے۔

یاولی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یاولی

الحب نام مطلوب بمع والدہ

علی حب

نام طالب بمع والدہ

یاولی یاولی

زبان درازی زوجین کی اصلاح

یہ نقش لکھ کر کپڑے میں لپیٹ کر بیس کلو سے زیادہ وزن کے نیچے رکھ دیں۔ احتیاط کریں کہ کسی کا پاؤں نہ آئے۔

نقش یہ ہے:

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

حضرت مولانا سید ابرار اللہ شاہ صاحب رحمہ اللہ

محبوب کا دل طالب کی جانب رجوع ہونا، عجائبات دیکھنا

عجیب چیز ہے۔ تعریف کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔ جمعرات کے دن شروع چاند میں روزہ رکھو۔ اگر جمعرات کے دن موقع نہ ملے پیر کے دن روزہ رکھو اور افطار کے وقت ذیل کی دعا کو پندرہ بار اور فجر کے وقت پندرہ مرتبہ پڑھو۔ اگر پہلے ہفتہ میں نہ ہو، دوسرے ہفتہ میں کریں۔ دوسرے میں نہ ہو، تیسرے ہفتہ میں پورا ہو جائے گا۔ اور ایک بات اور بھی ہے وہ یہ کہ نوچندی جمعرات سے شروع ماہ کے شروع کریں تو نور علیٰ نور۔ مصطگی، عنبر اور عود کا بخور کرو۔ ان شاء اللہ مطلوب کا قلب طالب کی جانب رجوع ہوگا اور کامیابی ہوگی۔ دعا یہ ہے:

اَیُّهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِیَّةُ ذَوَاتُ الذَّوَاتِ النُّوْرَانِیَّةِ الْمُشَعْشِعَةِ بِالْمَنِ الرُّوْحَانِیَّةِ وَ النَّوَامِیْنِ الرَّبَّانِیَّةِ الدَّائِمَةِ فِیْ لَطَائِفِ تَصْرِیْفِ الْحُرُوْفِ وَ دَقَائِقِ مُعَارِفِهَا الْمُکُوْفَةِ الْمُوْکَلَة بِتَسْخِیْرِ الْقُلُوْبِ وَالْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِیَّةِ رُوْحَانِیَّةِ الْاَعْدَادِ وَ عَوَارِفِ اِسْرَارِهَا الْمَخْزُوْنَةِ اَجِیْبُوْ اَیَّتُهَا الْاَرْوَاحِ الْعَظَامُ وَالْمَلٰئِکَةُ الْکِرَامُ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَ اِسْرَافِیْلَ وَ رُوْقِیَائِیْلَ تَوَکَّلُوْ بِخِدْمَةِ مَنْ دَعَاکُمْ وَ کُوْنُوْ عَوْنَالِّیْ وَاِیْصَالِ الْاَجَابَةِ لِلّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ اَهْیًا اِشْرَاهِیًا اَدُوْنَائِیْ اَصْبَا حُوْدَتَ اَلْ شُدَایْ اَفْهَمُوْ مُرَادِیْ وَاقْضُوْ حَاجَتِیْ وَ تَوَلَّوْ خِدْمَتِیْ بِحَقِّ اللّٰهِ الْفَتَّاحِ الرَّزَّاقِ الْحَلِیْمِ الْوَهَّابِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اَلَا لَاءِ اللَّطِیْفِ الْکَبِیْرِ کٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ اَجِبْ اَیُّهَا الْمَلِکُ الْاَخْضَرُ بَارَکَ اللّٰهُ فِیْکَ وَعَلَیْکَ۔

فجر کے وقت بھی اس دعا کو پندرہ بار پڑھنا چاہیے۔ مطلوب کا نام بھی ضرور لینا چاہیے۔

اگر کوئی حاجت درپیش ہے تو جمعرات کا روزہ رکھو اور کثرت کے ساتھ صبح سے لے کر شام تک یعنی بعد عشاء تک پڑھو۔ حاجت روا ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ اوقات نماز میں نماز پڑھ لیا کرو اور پھر شروع کر دیا کرو۔

محبوب کو حاضر کرنے کے لئے

اول آیت شریف:

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ

﴿سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ: ۶۳﴾

دوسری آیت شریف:

عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِیْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

﴿سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ: ۷﴾

ان ہر دو آیت شریف کے اعداد نکال کر نقش بھرو جس سے محبت کرتا ہو اس کا نام نیچے لکھو۔ حاضر ہوگا۔

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب مدظلہ العالی

میاں بیوی کی محبت کے لئے

اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی رہتی ہو، ہر وقت جھگڑے رہتے ہوں تو باوضو حالت میں اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ساٹھ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ پھر چالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ جب آیت مبارکہ اهدنا الصراط المستقیم پر پہنچے تو اس آیت مبارکہ کو چالیس بار تکرار کرے۔ اور پھر سورت مکمل کرے۔ اس طرح پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی ہر روز میاں بیوی کو پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں میاں بیوی کی ناچاقی پیار و محبت میں بدل جائے گی۔ دونوں کے مابین سلوک و اتفاق کی فضا قائم ہو جائے گی۔

خاوند کو راہِ راست پر لانا

اگر کسی کا خاوند بری عادات کا شکار ہو کر راہِ راست پر نہ آتا ہو، گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو ایسی صورت میں چاہئے کہ گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور ہر روز خاوند کو پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سورۂ فاتحہ کی برکت سے بھٹکا ہوا خاوند راہِ راست پر آ جائے گا۔ اس کی بری عادات چھوٹ جائیں گی اور وہ نیکی کی راہ پر گامزن ہو جائے گا۔ بگڑے ہوؤں کو راہِ راست پر لانے کے لئے سورۂ فاتحہ بہت جلد اپنا اثر دکھاتی ہے۔

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

برائے حب

سورۂ کوثر کو اکتالیس بار پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے کھلائیں۔

برائے الفت زوجین

درج ذیل کلمات کو شربت پر دم کر کے پلائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا اللہ یا اللہ یا اللہ لا الہ الا اللہ العلی العظیم یا اللہ یا اللہ یا اللہ لا الہ الا اللہ بدیع السموت و الارض برحمتك یا ارحم الراحمین الحب فلاں بن فلاں۔

خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب

محبت والا شوہر

عشاء کی نماز کے بعد گیارہ سو مرتبہ یَا مُؤْمِنُ پڑھ کر آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائیں اور یہ تصور کریں کہ میں عرش کے سائے میں ہوں اور شوہر نیچے ہے۔ جب یہ تصور قائم ہو جائے تو شوہر کے اوپر پھونک مار دیں۔ بات کئے بغیر بستر پر چلی جائیں اور شوہر کا تصور کرتے کرتے سو جائیں۔ ان شاء اللہ خاوند کی طرف سے بد اخلاقی، برائی، زیادتی کا اظہار نہیں ہوگا۔ اس عمل کی برکت سے شوہر بیوی کا گرویدہ ہو جاتا ہے۔

اگر کسی شوہر کے ساتھ بیوی کا سلوک اچھا نہ ہو تو یہ عمل شوہر بھی کر سکتا ہے۔نتائج دونوں صورتوں میں ایک سے مرتب ہوں گے۔

علامہ سید شاد گیلانی مرحوم

محبت زوجین کا لاجواب نقش

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اگر مرد سے بیوی متنفر ہے تو مرد اپنے الٹے بازو پر باندھ لے۔ اگر بیوی سے شوہر متنفر ہے تو عورت اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔موم جامہ ضرور کیا جائے۔

۷۸۶

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں	۲۶	۲۰	۱۴
۲۲	۱۲	۲	۲۴
۱۰	۱۶	۳۰	۴
۲۸	۶	۸	۱۸

ماسٹر شفیع الدین نظامی مرحوم

سخت گیر شوہر کو نرم کرنے کے لئے

ایک عورت کو یہ آیت تین سو تیرہ بار پڑھنا بتائی۔اس کا سخت گیر شوہر نرم مزاج ہو گیا۔اپنے بیوی بچوں سے ٹوٹ کر محبت کرنے لگا اور بچوں کی تعلیم و تربیت ایک شفیق باپ بن کر کرنے لگا۔آیت یہ ہے:

اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ ﴿سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ: ۶۲﴾

سید مزمل حسین شاہ صاحب مدظلہٗ

خاوند کو مطیع کرنا

اس آیت شریفہ کو بارہ مرتبہ سفید شکر و چینی پر پڑھ کر اپنے خاوند کو کھلائے۔شوہر محبت کا دم بھرنے لگے گا۔اپنی بیوی کے علاوہ کسی دوسرے کا نام نہ لے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ﴿سُوْرَۃُ یٰسٓ: ۹﴾

علامہ ارشد حسن ثاقب صاحب مدظلہٗ

مطلوب کو طلب گار بنانے والا عمل

قل ھو اللہ شریف کا درج ذیل با مؤکل ورد اکتالیس دن تک عشاء کے بعد قبلہ رخ بیٹھ کر پڑھیں۔خوشبو اچھی طرح لگا کر باوضو وقتِ مقررہ قبلہ رخ بیٹھیں اور منہ میں الائچی رکھ کر پڑھیں۔اکتالیس دن تک مطلوب خود آپ کا طالب بن جائے گا۔پڑھنے کا طریقہ یوں ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ قل ھو اللہ احد بحرمۃ جبرائیل۔ اللہ الصمد بحرمۃ اسرافیل۔ لم یلد بحرمۃ میکائیل۔ ولم یولد بحرمۃ عزرائیل۔ ولم یکن لہ کفوا احد بحرمۃ دردائیل ومہرائیل۔

یہ ورد روزانہ تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار پڑھنا ہے اور اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔

حب خصوصی کے لئے

اپنے مطلوب کو اپنی محبت میں سرشار کرنے اور دل وجان سے اپنے اوپر فریفتہ کرنے کے لئے آیت مبارکہ "یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ" گیارہ روز تک گیارہ سو (۱۱۰۰) بار روزانہ پختہ تصور کے ساتھ پڑھیں۔اول وآخر درود شریف گیارہ بار۔

میاں بیوی اور دو شریکوں میں اتفاق کیلئے

طٰسٓ۔طٰسٓمٓ۔حٰمٓ عٓسٓقٓ۔مرج البحرین یلتقین۔ بینھما برزخ لا یبغین۔

اس ورد کا ہر نماز کے بعد گیارہ بار پڑھنا اور کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھنا اس وقت بہت فائدہ مند ہے۔جب میاں بیوی میں ناچاقی اس حد تک بڑھ

چکی ہو کہ نوبت طلاق تک پہنچ گئی ہو۔ شریکوں کا اختلاف یہاں تک بڑھ چکا ہو کہ بات حساب کتاب کرنے اور کاروبار الگ الگ کرنے تک جا پہنچی ہو۔

میاں اور سسرال سے ہمیشہ محبت ملے

جو دلہن سسرالی گھر میں پہلی بار داخل ہوتے وقت (رخصتی کے دن) ایک سانس میں سات بار ''یَا وَدُوْدُ'' پڑھ لے گی، زندگی بھر اپنے خاوند اور سسرالیوں سے پیار سمیٹے گی۔

سید علی حسین شاہ صاحب

زوجین کے جھگڑوں سے نجات

اگر میاں بیوی آپس میں صلح سے نہ رہتے ہوں اور ان کی حرکات سے گھر کے دوسرے افراد بہت تنگ آ چکے ہوں تو پاؤ سرسوں کے تیل پر بعد نماز عصر سورۂ فلق کو ایک سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور آخر میں دونوں میاں بیوی کا نام اس طرح لے کہ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں اور سورۃ کو پھر شروع سے پڑھے۔ تیل میں زیادتی پیدا کرنے کے لئے اس میں دوسرا نیا تیل نہ ملائے۔ بس اسی تیل پر دم کرے، جتنا استعمال کے بعد ختم ہو جائے۔ اس تیل کے ختم نہ ہونے تک روزانہ بعد عصر دم کر کے رکھ لیا کرے۔ اور دونوں میاں بیوی اس تیل کی سر پر مالش کیا کریں۔ اللہ کے حکم سے ان میں ایسی کوئی بھی وجہ پیدا نہیں ہوگی، جو لڑائی کا سبب بنے۔

ڈاکٹر حافظ وحید الدین ناصر صاحب

محبت میں اپنا مطیع بنانے کا عمل

اگر مطلوب سرکشی کرے اور اس سے دوری اختیار کرے تو طالب کو چاہئے کہ بدھ کے دن غسل کرے اور پاک وصاف کپڑے پہنے۔ خوشبو لگائے اور درج ذیل اسم کو ایک سو اکیس بار کھانے کی چیز پر دم کرے اور کسی ترکیب سے مطلوب کو کھلائے تو فوراً مطلوب پہنچے گا اور اس کا مطیع ہو جائے گا۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَوَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ

محرم کیلئے دریائی شکار (کھانے) میں کوئی حرج نہیں

حب وتسخیر کے مجرب عملیات

حکیم صوفی غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)

حب و تسخیر

محبت کیلئے یوں تو اس میں بہت سے عظیم عمل ہیں۔ مگر یہاں آسان اور پرتاثیر عمل لکھا جارہا ہے۔ دو اسماء کَلِیَم، سُوھَم محبت کیلئے اکسیر کا درجہ رکھتے ہیں۔ مگر پڑھتے وقت ان کا تلفظ اس طرح ادا کریں۔ کلینگ، سونگ مطلوب کا کپڑا سامنے رکھ کر اس پر ایک سو آٹھ مرتبہ لیکن اس طرح کہ دن میں دس مرتبہ دس، دس مرتبہ پڑھیں، آخر میں آٹھ مرتبہ پڑھ کر ایک سو آٹھ کی تعداد پوری کریں اور وقت مقررہ پر پڑھیں۔ صرف دس روز میں حیرت انگیز اثرات ہوتے ہیں۔ اگر کپڑا نہ ہو تو پھر محبوب کی تصویر یا پھر اس کا تصور کر کے پڑھیں۔ اوقات کا خاص خیال رکھیں۔ بہت آسان اور مجرب عمل ہے۔ اگر نیت بد ہوگی تو کامیابی مشکل ہے اور خطرہ لازم ہے۔ محبت کیلئے اس طرح بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ اُوم سُونگ کَلِیَم اس کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ باتصور مطلوب پڑھیں۔ جتنے مطلوب کے نام کے حروف ہوں گے اتنے ہی دن میں مطلوب حاضر ہوگا یا سخت اور شدید محبت کرے گا۔

حاضری مطلوب

حب کیلئے ان کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ کسی شیریں چیز پر محبوب کے نام میں جتنے حروف ہوں، اتنے ہزار مرتبہ اسماء ستہ کو مکمل اتنے بار پڑھ کر دم کر کے مطلوب کو کھلا دیں اور ایک طریقہ یہ ہے کہ اتنے ہزار مرتبہ سیاہ مرچ پر پڑھ کر اسے جلتی آگ میں ڈالتے رہیں اور اتنی ہی کالی مرچیں ہوں جتنے مطلوب کے نام میں حروف ہیں۔ اگر مرچ سیاہ ۲۳ عدد ہوں تو بھی بہت جلد اثرات ہوتے ہیں۔

عمل الٓر

یہ عمل حب اور تسخیر کے لئے بہت مفید ہے۔ چالیس (40) یوم تک روزانہ نو ہزار (9000) بار پڑھا جائے گا اور موٹے حروف میں کاغذ پر لکھا ہو، الٓر آنکھوں کے سامنے رہے گا۔ جب یہ عمل پڑھا جائے گا۔ چالیس (40) دن کے بعد عامل جب کسی کے لئے عمل پڑھنا چاہے تو دو سو اکتیس (231) بار پڑھ کر خدا سے دعا مانگے کہ فلاں شخص کا مقصد پورا ہو جائے اور تعویذ دینا ہو تو نو خانوں کا نقش بنا کر ہر خانے میں الٓر لکھے اور اس شخص کو دے دے جو ضرورت مند ہو۔ یہ عمل کھانے پینے والی چیزوں پر دو سو اکتیس بار پڑھ کر دم کیا جائے گا تو وہ کھانے پینے والی چیزیں بھی اس شخص کو جس کی محبت اور تسخیر مطلوب ہو کھلا دی جائیں یا پلا دی جائیں تو یقینی فائدہ ہوگا اور تعویذ لکھتے وقت مطلوب کا نام اور مطلوب کی ماں کا نام عامل کے تصور میں ہونا ضروری ہے۔ عامل کو یاد رکھنا چاہیے کہ الٓر کے اعداد دو سو اکتیس (231) ہیں اس لئے اس کا چلہ پورے کرنے کے بعد جب بھی کسی کے لئے عمل کرنا ہو اس کے اعداد کے موافق دو سو اکتیس بار پڑھنا ہوگا۔

تسخیر خلائق کا ایک موثر عمل

طٰسٓمٓ کو اگر عقیق پر کندہ کرا کر پہنا جائے تو تسخیر خلائق حاصل ہو۔ ہر شخص اس کے ساتھ عزت و توقیر سے پیش آئے۔

۷۸۶

۳۷	۳۲	۴۰
۳۹	۳۶	۳۴
۳۳	۴۱	۳۵

طٰسٓمٓ کا یہ نقش دفع سحر اور تسخیر محبوب کے لئے لاجواب نقش ہے۔ گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

مطلوب کو اپنی محبت میں باندھنا

بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں دو سو اٹھتر (278) مرتبہ عمل پڑھیں۔ پڑھتے وقت سامنے مطلوب کی تصویر رکھیں۔ اگر تصویر میسر نہ ہو تو پھر اتنا پختہ تصور کریں کہ محسوس ہو کہ سامنے دست بستہ مطلوب حاضر کھڑا ہے اور سر جھکائے عاجزی سے محبت کا اقرار کر رہا ہے۔ یہ عمل عروج ماہ نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ اکیس

یوم تک مسلسل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم میں سنگدل مطلوب چاہے وہ (بیوی، دوست، بھائی، خاوند، بیٹا یا ناراض افسر ہو) طالب کی طرف رجوع کرنے سے مجبور ہوجاتا ہے اور ہمیشہ طالب کی محبت میں گرفتار رہتا ہے۔ پڑھنے والا عمل یہ ہے۔ خمعسق اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر دس مرتبہ کے بعد تین مرتبہ یہ کہیں "فلاں بن فلاں کو میں نے اپنی محبت میں باندھ لیا ہے" اس طریقہ سے (278) کی تعداد مکمل کریں۔

محبت ومصالحت کا نادر عمل

طٰسٓ طٰسٓمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ.

شوہر اور بیوی میں ناموافقت ہو یا دوشریکوں کے درمیان کسی قسم کا جھگڑا ہو۔ ان کلمات کو شرینی پر دم کر کے کھلانے سے نفرت دور ہو کر محبت و مصالحت پیدا ہوگی۔

تسخیر محبوب وحکام کا عمل کبریت احمر

دنیا کے بارے میں اکثر محاورے استعمال کئے جاتے ہیں۔ صوفیا اس سے دامن کشاں رہتے ہیں۔ اہل ہوس اس سے لطف اندوز ہونے کی خواہش رکھتے ہیں۔ میانہ رو لوگ اس کی استطاعت کے مطابق اس سے فوائد حاصل کرنے کے متمنی رہتے ہیں۔ بہرکیف جو شخص دنیا میں زندگی بسر کرنے کی آرزو رکھتا ہے اسے دنیا کی دلچسپیوں اور رنگا رنگ بزم آرائیوں سے کسی نہ کسی صورت میں ضرور واسطہ رکھنا پڑتا ہے۔ صرف تارک الدنیا کی ہی اس کے لوازمات پر تُف کرنے کے مدعی بن سکتے ہیں اور اس کے لئے ایسا کرنا عملی طور پر دشوار ہے۔

زندگی میں جہاں دوسرے معاملات کے باعث پریشانیاں ہوتی ہیں۔ وہاں سنگدل محبوب کی ادائے دلبرانہ اور ستم گری جسم وروح پر بری طرح اثر انداز ہوتی ہے۔ راتوں کو اور دن میں اضطراب و بے چینی میں مبتلا رکھنا محبوب کا شیوہ ہوتا ہے اور جو شخص اضطراب کی آگ میں جلتا ہے اس کے لئے زندگی کی تمام دلچسپیاں معدوم ہوکر رہ جاتی ہیں۔ یہی کیفیت ایسے معدوم کی ہے۔ جس کے دماغ پر ہر وقت حاکم بالا کے ظالمانہ سرد مہری کے اثرات مسلط ہوں۔ وہ دن بھر دفتر میں سہارتا ہے اور رات کو گھر میں دفتری امور اور حاکم بالا کے امور بے چین کئے رکھتا ہے۔ اس کی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔ گھر والوں سے بے مہری کا اظہار بال بچوں سے نفرت وظلم اور ملنے والوں سے چڑ چڑا پن اسے کہیں کا نہیں چھوڑتا ہے۔ بزرگان سلف نے اپنے تجربات سے ہمیں نوازا ہے اور انہیں کی ایک نوازش قارئین محترم کے استفادہ کے لئے یہاں درج کی جاتی ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ اس لوحِ تسخیر کو جائز مقاصد کے لئے استعمال میں لائیے۔ یہ حقیقتاً ایک ایسا تحفہ ہے جسے بزرگان کرام نے سرِّ الٰہی قرار دیا ہے اور اس عمل کو خصوصاً کبریت احمر کا نام دیا ہے۔

جملہ حروف میں سے سات حروف آتشی ہیں یعنی ا،ہ،ط،م،ف،ش،ذ۔ ان میں سے چار حروف نورانی ہیں۔ ا،ہ،ط،م اور انہیں حروف میں عشق و محبت سمندر موجزن ہے۔ اس لوح کی تیار کرنے کی ترکیب یہ ہے۔

جو صاحب اس کو تیار کرنا چاہیں۔ ان کے لئے ترکیب یہ ہے کہ بعد نماز ظہر الگ تھلگ صاف ستھرے کمرے میں لوبان اور اگربتی مناسب مقدار میں جلائیں اور جسے تسخیر کرنے کا ارادہ ہو اُس کے نام مع والدہ کے اعداد ابجد قمری سے نکالیں۔ پھر اپنے نام مع والدہ کے اعداد بھی ابجد قمری سے نکالیں۔ ان اعداد میں آیت پاک يحبونهم كحب الله والذين امنوا اشد حباً لله ۔ کے اعداد قمری (۱۴۹۳) اور آتشی حروف (اہطم) کے اعداد (۵۵) بھی شامل کریں۔ یعنی (۱۵۴۸) اعداد کا اضافہ نام طالب اور مطلوب مع والدہ کے اعداد میں کریں۔ اب اس مجموعہ سے ایک نقش مربع آتشی پُر کریں۔ جس کے نیچے حروف آتشی کے موکلات و جنات کی عزیمت تحریر کریں۔ ایک نقش سفید کاغذ پر زعفران وگلاب کی روشنائی سے تحریر کریں اور اسے عنبر کی خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھیں۔ جبکہ دوسرا نقش سرب یعنی سیسہ کی لوح پر کندہ کریں اور اسے زیرِ آتش دفن کردیں۔ مگر پہلے دونوں پر (۵۵) مرتبہ عزیمت جو نقوش کے نیچے تحریر کی ہے۔ پڑھ کر دم کریں۔ نقش اور لوح کو سعد اوقات میں تیار کریں۔ مثلاً

روبینہ کوثر بنت ثریا اپنے خاوند نیاز احمد بن نواب بی بی کو تسخیر کرنا چاہتی ہے جو ایک عرصہ سے بیرون ملک گیا ہوا ہے۔مثالی نقش کا طریقہ یہ ہے۔

نام طالب: روبینہ کوثر بنت ثریا اعداد: ۹۹۹

نام مطلوب: نیاز احمد بن نواب بی بی اعداد: ۲۰۴

طالب ومطلوب کے مجموعی اعداد: ۱۲۰۳

اعداد آیت مبارکہ یحبونھم کحب اللہ والذین اٰمنوا اشد حباً للہ ۔ اور حروف آتشی (اھطم) کے اعداد: ۱۴۹۳+۵۵= ۱۵۴۸

طالب و مطلوب اور آیت مبارکہ اور حروف آتشی کے مجموعی اعداد:۲۷۵۱

مربع آتشی پُر کرنے کے لئے کل اعداد :۲۷۵۱ سے عدد ۳۰ تفریق کئے تو باقی ۲۷۲۱ بچے ۲۷۲۱ کو ۴ پر تقسیم کیا تو حاصل تقسیم ۶۸۰ ہوئے اور باقی (۱) بچا۔اس لئے کسر خانہ نمبر (۱۳) میں آئے گی۔مثالی نقش مربع آتشی یہ تیار ہوا۔

۷۸۶

۶۸۷	۶۹۰	۶۹۳	۶۸۰
۶۹۴	۶۸۱	۶۸۶	۶۹۱
۶۸۲	۶۹۶	۶۸۸	۶۸۵
۶۸۹	۶۸۴	۶۸۳	۶۹۵

اب اس کے نیچے عزیمت تحریر کریں۔جو یہ ہے:

اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَةُ یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُباً لِلّٰہِ تَوَکَّلُوا یَا خُدَّامَ الْحُرُوْفِ النَّارِیَةِ اَھْطَمْ یَا اِسْرَافِیلُ وَقَیُوش یَا دوریائیل وَھَیُوش یَااِسْمَاعِیلُ وَبَدیُوش یَا رُومَائیلُ وَمُجیُوش اَن تسلط عَلٰی الْقَلْبِ وَرُوحِ وَ جَسَدِنیاز احمد بن نواب بی بی اَحْرِقُوْا اقلب نیاز احمدبن نواب بی بی عَلٰی محبت والعشق روبینہ کوثر بنت ثریا بِحَقِّ یَا اللہ یَا ھَادِیُ یَا طَاھِرُ یَا مَالِكُ دائماً ابداً۔

ایسے دو نقوش تیار کریں۔ایک نقش سفید کاغذ پر زعفران و گلاب کی روشنائی سے سعد وقت میں تحریر کریں۔دوسرا نقش لوح سرب یعنی سیسہ پر کندہ کریں اور اسے زیر آتش دفن کردیں۔ان شاء اللہ مطلوب طلب کی محبت میں دیوانہ وار ہوکر حاضر ہوگا۔

لوح سرب کسی ایسے مقام میں دفن کردیجئے جہاں آگ روشن کی جاتی ہے۔اتنا گہرا دفن کیجئے کہ اس کو ہلکی سی آنچ پہنچتی رہے۔لیکن جلنے نہ پائے۔ بفضلہٖ تعالیٰ آپ کی دلی مراد برآئے گی اور جس شخص کے لئے آپ نے یہ عمل کیا ہے اس کا دل آپ کی طرف خود بخود مائل ہوگا اور وہ ہر وقت آپ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے بے چین رہے گا اور آپ کے بغیر قرار نہ آئے گا ۔ یہی عمل خاوند بیوی کے لئے اور بیوی خاوند کے لئے کرسکتی ہے۔شادی کے لئے اگر لڑکی یا لڑکا راضی نہ ہو تو ناراض فرد کو مطلوب کی جگہ رکھیں اور مندرجہ بالا طریق کے مطابق عمل تیار کریں۔حاکم افسر کو مسخر کرنے اور کسی روٹھے ہوئے کو پاس بلانے کے لئے بھی اسی عمل سے فیض حاصل کیا جاسکتا ہے۔غرضیکہ کسی بھی فرد کو مسخر ومہربان اور محبت میں دیوانہ کرنے کے لئے لاثانی عمل ہے۔

استحکام محبت

اگر ایسی محبت کے واسطے کرنا ہو جس میں کبھی خلل واقع نہ ہو تو طالب و مطلوب کے نام کو بسط کرکے حرف الف موافق اس کے عدد کے اس میں ملائے اور اتوار کے روز جبکہ شمس برج اسد میں ہو ریشمی کپڑے پر لکھ کر دھونی دے اور اپنے پاس رکھے تو معشوق ایک ساعت جدا نہ ہوگا۔

وصال محبوب

اپنے محبوب سے وصال کے لئے حرف الف کو 111 گیارہ مرتبہ لکھ کر اپنے محبوب اور اس کی والدہ کا نام اور اپنے اور اپنی والدہ کا نام کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ان شاء اللہ چند دن میں محبوب مہربان ہوگا۔اس عمل کو اتوار کے دن ساعتِ شمس میں کریں اور کاغذ پر 111 مرتبہ الف لکھ کر دم کریں۔

حُب کے خاص خاص اعمال

خالد مقبول حفظہ اللہ

دعائے حزب البحر کا خاص حب کا عمل

اگر کوئی شخص حُب کے لئے پڑھنا چاہے تو روزانہ سات مرتبہ دعائے حزب البحر پڑھ کر عرق گلاب پردم کرے اور جب مقام

وهب لنا من لدنك ريحا طيبة كما هي فى علمك

پر پہنچے تو ستر مرتبہ

يحبو نهم كحب الله والذين امنوا اشد حبا لله

پڑھے اس کے بعد کہے یا الٰہی محبت اور دوستی فلاں بن فلاں کی بیچ دل فلاں بن فلاں کے اور اس کے تمام اعضاء اور استخوان میں ظاہر کر کہ ایک لحظہ بغیر اس کے اس کو قرار نہ پڑے آمین آمین کہے اور داہنے ہاتھ کی ہتھیلی کو تین مرتبہ زمین پر مارے۔ اسی طرح تین روز تک کرے اور عرق گلاب پردم کرتے رہیں۔ بعد پوری ہونے دعوت تین روز کے، عرق کو اپنے منہ پر مل کر مطلوب کے سامنے جائے۔ پس مطلوب فوراً طالب ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

محبت کی ایک خاص دعا

اس دعا کو لکھ کر طالب کو دیں۔ جب بھی مطلوب کے سامنے جائے، یہ دعا پاس ہو۔

بسم الله الرحمن الرحيم اَللّٰهُمَّ انى القيت اسمك على اسمك أَنْتَ اللهُ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا انت وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، و ان محمداً عبدك ورسولك لك الملك و لك الحمد يحيى و يميت بيدك الخير و هو على كل شيء قدير. اللّٰهم اصلح لهما كما اصلحت بين يوسف و زليخا...به اسم فلان ابن فلان فى الحب فلانه بنت فلانه بسم الله علحح الرحمن علحح الرحيم علحح

محبوب گھر سے نہ جائے

اس دعا کو مشک و زعفران سے لکھ کر گھر میں کسی جگہ وزن کے نیچے رکھ دیں۔ ایسی جگہ رکھیں جہاں بے ادبی نہ ہو۔ جو بھی گھر چھوڑ کر جا رہا ہوگا، بفضلِ خدا رک جائے گا۔

اَللّٰهُمَّ حَرَّسْتُ وَ وَقيتُ و رَبطتُ فلانه بنت فلان حتى لا تخرج من مكانها انه على رَجعِهِ لَقادِر فماله من قُوَّةٍ و لا ناصر جئنا بكم لفيفاً وَ قِفوهم انهم مسئولون فلانه بنت فلان حتّى لا تخرج من بيعها و صلى الله على محمد و على آله وصحبه وسلّم

حروف کے خادم سے کام لینا

بروز اتوار ایک نقش اس طرح بنائیں کہ 4 سطر ہوں اور 6 ستون ہوں۔ اس کے اندر محبوب کے نام کا پہلا حرف لکھیں۔ پھر اس دعا کو مطلوب کے نام کے جتنے حروف ہوں، ان کو دس سے ضرب دے کر جو حاصل ہو، اس تعداد کے مطابق پڑھیں۔

اللهم انى اسئلك يا مالك يا مليك يا مومن يا مهيمن يا متكبّر بما اَودَعتَهُ حرف الميم (اگر حرف اوّل مطلوب کے نام کا میم ہو ورنہ جو ہو، وہ کہیں) من الاسرار المكنونه والانوار المخزونه ان تُسَخِّرَ لى خُدّامَ هذا الحرف فيما آمُرَهم به اِنّك على كلّ شيء قدير

مرد کی محبت حاصل کرنے کے لئے

اس دعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ جس مقصد کے لئے کیا جائے گا، ان شاء اللہ پورا ہوگا۔

يا حَبِيبَ مَنْ لا حَبِيبَ لَهُ يا طَبِيبَ مَنْ لا طَبِيبَ لَهُ يا مُجِيبَ مَنْ لا مُجِيبَ لَهُ. يا شَفِيقَ مَنْ لا شَفِيقَ لَهُ يا رَفِيقَ مَنْ لا رَفِيقَ لَهُ يا مُغِيثَ مَنْ لا مُغِيثَ لَهُ. يا دَلِيلَ مَنْ لا دَلِيلَ لَهُ يا أَنِيسَ مَنْ لا أَنِيسَ لَهُ يا رَاحِمَ مَنْ لا رَاحِمَ لَهُ. يا

صَاحِبَ مَنْ لَا صَاحِبَ لَهُ

اسماء ادریسی کا محبت کا خاص عمل

اگر کسی کے دل میں محبت پیدا کرنی ہے تو ساعت مشتری میں مشک و زعفران سے خوش خط یہ کلمات لکھیں "یَا حَلِیْمُ یَا ذَا الْاَنَاۃِ فَلَا یُعَادِلُهٗ شَیْءٌ مِنْ خَلْقِهٖ" اور اپنے پاس رکھیں اور محبوب کے سامنے جائیں۔

نیز انہی کلمات کو سات مرتبہ کسی کھانے کی چیز جیسے سیب وغیرہ پر دم کر کے جس کو کھلائیں گے، وہ محبت کرنے لگے گا۔

حب کا خاص طلسم

اس طلسم کو لکھ کر محبوب کے تصور میں جلائیں۔ ادھر طلسم جلنا شروع ہوگا، اُدھر طلسم کے خدام محبوب کے دل میں آتشِ محبت جلانا شروع کر دیں گے۔ تین یا سات یوم تنہائی میں کریں۔ خوشبو کا بخور جلا کر عمل کریں۔ ایک ہی وقت رکھیں۔

اقبلت فلانۃ بنت فلان الی فلان بن فلان و ھذا طلسم الا ۱۱۱ ۹۸

۱۱ ۱۱۱ لا ۳۹ طا لا ۸۱ الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ

حب کا خاص طلسم

بدھ کے روز ساعتِ شمس یا مشتری میں یہ طلسم لکھیں اور اوپر درج طریقے پر استعمال کریں۔

ط ۱۱۱ ۹۲ ۱۱۱ حما کودولام

فلان بن فلان علی حب فلان بنت فلان

تین دن میں مطلوب کو محبت کی آگ میں تڑپانا

اگر مطلوب کو محبت کی آگ میں تڑپانا ہو تو تین یوم تک روزانہ ان کلمات کو 100 مرتبہ پڑھیں۔ پھر تماشہ دیکھیں۔

اجوج بجوج تجوج ثجوج ججوج حجوج خجوج دجوج ذجوج رجوج زجوج سجوج شجوج صجوج ضجوج طجوج ظجوج عجوج غجوج فجوج قجوج کجوج لجوج مجوج نجوج وجوج ھجوج لجوج اللھم احرقت قلب فلانہ بنت فلانہ علی حب فلان بن فلان الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ

تکیہ میں رکھنے کا خاص عمل برائے محبت

جس کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا ہو تو اس کو لکھ کر اس کے تکیہ میں کسی طرح رکھ دیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد محبت میں بے قرار ہو جائے گا۔ یہ عمل ان زوجین کے لئے بہت مفید ہے جن میں اختلاف ہو گیا ہو اور محبت میں کمی آ گئی ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم - ابراھیم خلیل اللہ موسی کلیم اللہ عیسی روح اللہ محمد حبیب اللہ و رسول اللہ لو انزلنا ھذا القران علی جبل لرایتہ خاشعا متصدعا من خشیہ اللہ و تلک الامثال نضربھا للناس لعلھم یتفکرون بسم اللہ الرحمن الرحیم الم نشرح لک صدرک و وضعنا عنک وزرک الذی انقض ظھرک و رفعنا لک ذکرک فان مع العسر یسرا ان مع العسر یسرا فاذا فرغت فانصب و الی ربک فارغب و القیت علیک محبۃ ....بن/بنت .... صالحا دائما علی محبۃ .... بن/بنت......... کما القیت بین ادم و حوا بین یوسف و زلیخا و بین موسی و عیسی و صفورا و بین محمد و خدیجہ الکبری و بین محمد و علی فاطمہ الزھرا و اصلح بینھما اصلاحا فیہ ابدا صمدا

اسماء کے خدام سے محبت کا کام لینے کا خاص عمل

ان اسماء کو سفید کاغذ پر مشک وزعفران وگلاب سے لکھ کر طالب اپنے پاس رکھے۔ لکھتے وقت بخور صندل سرخ کا جلائے اور عود کی خوشبو لگائے۔ یہ عمل بروز جمعرات مشتری کی ساعت میں یا جمعہ کے روز زہرہ کی ساعت

میں عروج ماہ کیا جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اشازنوش اشازنوش اشازنوش کفیطیوش کفیطیوش کفیطیوش دبراوش دبراوش دبراوش قیوش قیوش قیوش ثنوش ثنوش ثنوش قنوش قنوش قنوش شجکیوش شجکیوش شجکیوش ھبوش ھبوش ھبوش طقطقوش طقطقوش طقطقوش توکلوا یا خدام ھذہ اسماء و اجلبوا قلب فلان بنت فلان الی فلان بن فلان الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ

زوجین کی محبت کے لیے

بروز جمعہ ساعت زہرہ میں دو تعویذ سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھیں۔ بخور جاوی اور عنبر کا دیں۔ ایک طالب اپنے پاس رکھے اور دوسرا مطلوب کو پلایا جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم وَمِنَ النَّاسِ مَن يَتَّخِذُ مِن دُونِ اللهِ أَندَاداً يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللهِ وَالَّذِينَ آمَنُواْ أَشَدُّ حُبّاً لِّلهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِينَ ظَلَمُواْ إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّةَ لِلهِ جَمِيعاً وَأَنَّ اللهَ شَدِيدُ الْعَذَابِ فَمَنْ خَافَ مِن مُّوصٍ جَنَفاً أَوْ إِثْماً فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ إِنَّ اللهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ. وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِن بَعْلِهَا نُشُوزاً أَوْ إِعْرَاضاً فَلاَ جُنَاْحَ عَلَيْهِمَا أَن يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحاً وَالصُّلْحُ خَيْرٌ وَأُحْضِرَتِ الأَنفُسُ الشُّحَّ وَإِن تُحْسِنُواْ وَتَتَّقُواْ فَإِنَّ اللهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيراً. وَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُواْ حَكَماً مِّنْ أَهْلِهِ وَحَكَماً مِّنْ أَهْلِهَا إِن يُرِيدَا إِصْلاَحاً يُوَفِّقِ اللهُ بَيْنَهُمَا إِنَّ اللهَ كَانَ عَلِيماً خَبِيراً يَسْأَلُونَكَ عَنِ الأَنفَالِ قُلِ الأَنفَالُ لِلهِ وَالرَّسُولِ فَاتَّقُواْ اللهَ وَأَصْلِحُواْ ذَاتَ بِيْنِكُمْ وَأَطِيعُواْ اللهَ وَرَسُولَهُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِي وَعَدتَّهُم وَمَن صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وذريتهم إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ اللھم بحق ھذہ الآیات الشریفۃ اعطف قلب فلانۃ بنت فلانۃ علی فلان بن فلانۃ بالمحبۃ الدائمۃ و الألفۃ و العطف و الحنان فسیکفیکھم اللہ و ھو السمیع العلیم ولا حول ولا قوۃ إلا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم

محبوب کے دل میں محبت کی آگ لگانا

يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللهِ ۖ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِّلَّهِ ۝

(البقرۃ:۱۶۵)

شروع چاند میں عصر کے بعد مسجد کے اندر شمال اور مغرب کے درمیان رُخ کر کے با طہارت کاملہ چار زانو بیٹھ جائے اور بائیں پاؤں کا انگوٹھا دائیں پاؤں کے انگوٹھے اور انگلی میں پکڑ لے، پھر مطلوب کا تصور کر کے سترہ سو (۱۷۰۰) بار یہ آیت پڑھے، لیکن ہر سو بار کے اول و آخر درود شریف ضرور پڑھے اور سترہ یوم تک اس کو جاری رکھے۔ کامل تصور سے عمل کریں۔ ان شاء اللہ محبوب کے دل میں محبت کی آگ لگ جائے گی۔

محبت کی خاص دعا

اس دعا کو بوقت تہجد تین یا پانچ یا سات بار پڑھیں۔ پڑھتے وقت تصور محبوب رکھیں۔ گیارہ یا اکیس یوم میں مقصد پورا ہوگا۔

بسم اللہ نور النور۔ اللھم صل علی محمد وال محمد الطیبین الطاھرین الاشراف وعجل فرجھم یا کریم۔ بحق یس والقران الحکیم وبحق طہ والقران العظیم یا من یقدر علی حوائج السائلین یا من یعلم مافی الضمیر یا منفسا عن المکروبین یا مفرجا عن المغمومین یا راحم الشیخ الکبیر یا رازق الطفل الصغیر یا من لا یحتاج الی التفسیر صل علی محمد وال محمد وافعل بی ما انت اھلہ واجعل لی فی قلب فلان او فلانۃ رأفۃ ورحمۃ بحق قولک

وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِي. اَللّٰهُمَّ رَبَّ النُّورِ الْعَظِيمِ ، وَ رَبَّ الْكُرْسِيِّ الرَّفِيعِ ، وَ رَبَّ الْبَحْرِ الْمَسْجُورِ ، وَ مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَ الْإِنْجِيلِ وَ الزَّبُورِ ، وَ رَبَّ الظِّلِّ وَ الْحَرُورِ ، وَ مُنْزِلَ الْقُرْآنِ الْعَظِيمِ ، وَ رَبَّ الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِينَ وَ الْأَنْبِيَاءِ وَ الْمُرْسَلِينَ.

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الْكَرِيمِ ، وَ بِنُورِ وَجْهِكَ الْمُنِيرِ وَ مُلْكِكَ الْقَدِيمِ ، يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي أَشْرَقَتْ بِهِ السَّمَاوَاتُ وَ الْأَرَضُونَ ، وَ بِاسْمِكَ الَّذِي يَصْلُحُ بِهِ الْأَوَّلُونَ وَ الْآخِرُونَ ، يَا حَيًّا قَبْلَ كُلِّ حَيٍّ وَ يَا حَيًّا بَعْدَ كُلِّ حَيٍّ وَ يَا حَيًّا حِينَ لَا حَيَّ يَا مُحْيِيَ الْمَوْتَىٰ وَ مُمِيتَ الْأَحْيَاءِ ، يَا حَيُّ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ.

ایک ہی رات میں حب کا خاص عمل

بدھ کے روز ایک سفید کاغذ پر دائرہ بنائیں اور اس میں محبوب کا نام مع والدہ لکھیں اور اس کی گولی بنالیں۔ اس طرح سات گولیاں بنائیں۔ پھر آگ جلائیں اور اس دعا کو 21 مرتبہ پڑھیں۔ ہر تین مرتبہ پڑھنے کے ایک گولی آگ میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ ایک ہی رات میں مقصد حاصل ہوگا۔ بخور ضرور جلائیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم واطيعوا الله واطيعوا الرسول واحذروا فان توليتم فاعلموا انما على رسولنا البلاغ المبين سبحان من سبحته الافلاك وسجدت لعظمته الاملاك وكل مكون خائف من خشيته ربك الشديد القوى المتين اجب يا ابا النجائب برقان وامر جندول واعوانك يهيجون.........بمحبة.........ويجلبونها اليه اقل من طرفة عين بحق من اجرى البحار وبقدرته وسخر الامطار بمشيئته فسبحت له حيتان البحار ووحوش القفار والاشجار وكل مكون بالليل والنهار غالب منتقم عزيز جبار اواه عدد 2 مرات هيوش هيولا شايبش ميشوش وبالعزة والسلطان وبالهيبة والنور والملكوت الطاعة يابرقان وامر اعوانك يفعلون ما امرتهم به بحق الارض والسموات وبحق والسماء ذات البروج الى الحريق الوحا الوحا العجل العجل الساعة الساعة وهذه هي الدائرة مرفقة

طلسمات کا خاص عمل

ساعت شمس میں درج ذیل کلمات سفید کاغذ پر لکھیں۔ اس طرح کے سات تعویز بنائیں۔ پھر ایک ایک کرکے آگ میں جلائیں۔ جلاتے وقت تصور مطلوب رکھیں۔ کوئی اچھا سا بخور لازمی جلائیں۔ تین یا سات یوم کریں۔ محبوب بے قرار ہوکر آئے گا۔ کلمات یہ ہے:

أحون أحون أحماطيس أحماطيس كملموصا كملموصا همير همير كمهير كمهير أطلع أطلع أفراطيق أفراطيق دليهوه دليهوه طلهميك طلهميك توكلوا ياخدام هذه الأسماء بحرق قلب كذا على محبة كذا بحقها عليكم ان تجلبوا وتهيجوا كذا فى محبة كذا الوحا الوحا العجل العجل الساعه الساعه

محبت پیدا کرنے کی ایک خاص دعاء

اس دعا کو روزانہ دو رکعت نفل پڑھ کر ایک بار یا تین بار پڑھیں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف۔

بسم الله الرحمن الرحيم: بسم الله العزيزِ المُعتزِ بعلو عِزِّهِ عزيزاً وكلُ عزيزٍ بعزةِ اللهِ يعتزون . يا عزيزُ تعززتُ بعزتكَ . فمن اعتزَ بعزتكَ فهو عزيزٌ لا ذلَ بعده . ومن اعتز بدون عزتك فهو ذليلٌ . إنّ الله قويٌ عزيز. وإنهُ لكتابٌ عزيزٌ . وينصركَ اللهُ نصراً عزيزاً . لقد جاءكم رسولٌ من أنفسكم عزيزٌ يحبهم ويحبونه اللهم أعزني فى عيون خلقك . وأكرمني بينهم ولقد كرّمنا بني آدم. إنه

لقرآن كريم فى كتاب مكنون لا يمسه إلا المطهرون تنزيل من رب العالمين .وألقيتُ عليك محبة مني ولتصنع على عيني إذ تمشي أختك فتقول هل أدلكم على من يكفله فرجعناك إلى أمك كى تقرّ عينها ولا تحزن . وقتلت نفساً فنجيناك من الغم وفتناك فتونا .عسى الله أن يجعل بينكم وبين الذين عاديتم منهم مودّة والله قدير والله غفور رحيم .اللهم ألف بيني وبين الخلائق كلهم أجمعين . كما ألّفت بين آدم و حواء . و كما ألّفت بين موسى وطور سيناء .و كما ألّفت بين سيدنا محمد صلى الله عليه وسلم وبين آله رضى الله عنهم وأمّته رحمهم الله . و كما ألّفت بين يوسف و زليخا قد شغفها حبّاً إنا لنراها فى ضلال مبين .قالوا تالله تفتؤ ذكر يوسف حتى تكون حرضاً أو تكون من الهالكين . يا مُجَلِّي عظيم الأمور .لا إله إلا هو الحي القيّوم .اللهم ألقِ الألفة والشفقة والمحبة فى قلوب بنى آدم وبنات حواء أجمعين خاصة قلب فلان أخلُتُ وعقدت جوارحه بحق شهد الله .وقل هو الله .وحسبي الله ألا إن حزب الله هم الغالبون .وصلى الله على سيدنا محمد النبيّ الأمي وعلى آله وصحبه وسلم تسليماً كثيراً إلى يوم الدين والحمد لله رب العالمين. اللهم آميييييييين اللهم آميييييييين۔ اللهم آميييييييين

چاقو اور تصویر والا حب کا عمل

حب کروم اسم اللہ۔ قفل کروم قل ھواللہ۔ سہار کروم لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ۔

مطلوب کی تصویر کی ناف پر چاقو گاڑ کر 41 بار پڑھیں۔ 41 بار پڑھ چکنے پر ضرب لگا کر چاقو کو مزید گاڑ دے۔ اور ایسا ہی رہنے دے۔ اس عمل کو تین، سات یا گیارہ روز کیا جائے۔ عمل ختم کر کے چاقو نکال لیں اور تصویر کو جلا دیں۔

برائے حب زوجین

اس نقش کو مشک وزعفران سے لکھ کر زوج یا زوجہ کو گیارہ روز کسی صورت سے خواہ ہانڈی میں ڈال دیں یا خواہ آٹے میں گھول دیں خواہ پلا دیں۔ مجرب ہے۔

الٰهى بحرمته جبرئيل وميكائيل
اللهم بحرمته ميكائيل وجبرئيل
الٰهى بحرمته اسرافيل وعزرائيل
اللهم بحرمته عزرائيل واسرافيل
وبحرمته حضرت محمد مصطفى صلى الله
عليه وسلم واصحابه وسلم فلان ابن
فلان على حب فلان بن فلان

قیامت تک محبت رہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مَحْبُوْبًا فلان بنت فلان فِيْ قَلْبِهٖ فلان بن فلان (اگر مطلوب مرد ہے تو عبارت میں تبدیلی کر لیں)

اس عمل کو نو چندی شب جمعرات سے با پرہیز شروع کریں۔ ہر شب اپنے محبوب کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے عدد کے مطابق پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تا قیامت محبت رہے گی۔

محبت کے لئے نماز والا خاص عمل

دو رکعت نماز ادا کریں۔ سورۂ فاتحہ کے بعد 8 مرتبہ یہ آیت دونوں رکعتوں میں تلاوت کریں۔ سلام پھیرنے کے بعد 88 مرتبہ اس آیت کو مزید پڑھیں۔ آیت یہ ہے:

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (ممتحنہ:۷)

پھر اول وآخر درود شریف پڑھ کر ان الفاظ میں دعا کریں:

اللھم ببرکة ھذہ الآیة الشریفة وبحق سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) لین لی قلب (فلانة ابنة فلانة) إلی(فلان بن فلانة) کما لینة الحدید لداود وسلیمان علیھما السلام۔

حب کا نہایت مجرب عمل

کسی عورت کو اپنی طرف راغب کرنا اور اپنا فریفتہ بنانا منظور ہو تو اس کی پہنی ہوئی کرتی جو بہت میلی کچیلی پرانی ہو، لیں اور پاک صاف ہو کر بعد نماز عشاء ایک جگہ مقرر کر کے ہر روز اسی جگہ اس آیت کو ایک سو ایک مرتبہ ہاتھ میں لے کر اس کرتی پر پڑھے اور اس پر دم کرے۔ آخر میں نام اپنا اور اپنے باپ کا اور اس معشوق اور اس کی ماں کا لیوے۔ پڑھتے وقت لکڑی کے کوئلہ کی آگ اپنے پاس رکھے اور لوبان تھوڑا تھوڑا اس آگ پر ڈالتا رہے۔ جب اول روز پڑھ چکے تو ایک ماشہ گائے کے گھی پر تین مرتبہ **یا ھُوَ یا ھُوَ** پڑھ کر اس آگ پر وہ گائے کا گھی چھڑکے۔ اسی طرح 9 رات تک پڑھے۔ لوبان جلاوے اور گھی چھڑکے۔ دسویں رات کو اس کرتی کے تین ٹکڑے پھاڑے اور تین بتی بناوے۔ ایک بتی آگ پر جلاوے اور جلاتے وقت عورت سے محبت بڑھنے اور عشق میں بیقرار ہو کر ملنے کا ذکر کرتا رہے۔ گیارہویں رات کو دوسری بتی اور بارہویں رات کو تیسری بتی جلاوے۔ معشوقہ عشق میں بیقرار ہو کر آ جائے۔ آیت یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم وبالحق انزلناہ وبالحق نزل

نوٹ صرف جائز جگہ یہ عمل کیا جائے۔

برائے حب اور مفرور وغیرہ کے لئے مجرب عمل

ایک عدد تالا لوہے والا لینا ہے، جس کو چابی سامنے سے لگتی ہو۔ تالا کھول کر اس پر سورۃ فاتحہ مکمل پڑھنی ہے۔ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے: بمعہ تسمیہ بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین پڑھنے کا خاص طریقہ ہے۔ اس طرح سورۃ فاتحہ کو اکیس بار پڑھنے کے فوراً بعد ''الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں'' کہہ کر مفرور ہو تو ''مفرور جلد واپس آئے'' تین بار کہنا ہے۔ اگر حب کے لئے کرنا ہو تو ''الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں'' کہنا ہے۔ اگر رشتہ کہیں بھی کرنے کے لئے عمل کرنا ہو تو کہنا ہے ''نکاح کشادہ شود'' یہ کہہ کر تالے پر دم کریں۔ پھونک مارتے مارتے تالے کو بند کر دیں اور چابی نکال لیں۔ اس کے بعد ایک کوری ہانڈی بمعہ ڈھکنا لیں۔ ہانڈی کو پانی سے بھر دیں۔ تالا پڑھا ہوا بند ہانڈی میں رکھ دیں۔ ڈھکنے کے کنارے پر گوندھا ہوا آٹا لگائیں۔ ہانڈی کو ڈھکنے سے بند کر دیں۔ اب ہانڈی اور ڈھکنے کے درمیان باہر سے آٹا لگانا شروع کر دیں۔ اس کو سیل کر دیں۔

آگ دینا: ہانڈی کو چولہے پر رکھیں۔ اس کے نیچے چوبیس گھنٹے آگ دیں۔ اگر مسلسل چوبیس گھنٹے آگ نہیں دے سکتے تو تین دن روزانہ آٹھ گھنٹے آگ دے۔ آگ اس طرح دے کہ ہانڈی چولہے پر رہے اور آگ دیتے رہیں۔ اور دوسرے دن آگ دینی ہو تو ہانڈی کو نیچے مت اتاریں۔ اسی طرح تیسرے دن بھی کریں۔ 24 گھنٹے پورے ہو جائیں تو ہانڈی چولہے پر ٹھنڈی ہونے دیں۔ ٹھنڈی ہونے پر اس کو قبرستان میں دفنا دیں یا کسی ویران جگہ پر۔ لیکن ایک خاص بات کا خیال کریں کہ ہانڈی قبروں سے ہٹ کر ایسی جگہ دفنائیں جہاں کسی کا پیر نہ آئے یا کسی ویران جگہ دفنائیں۔

فوائد: نکاح، شادی، رشتہ نہ کرتے ہوں۔ بچے یا بچیوں کے رشتے نہ آتے ہوں، میاں بیوی آپس میں لڑائی جھگڑا ہو یا روٹھ چکے ہوں، مفرور اگر گھر سے بھاگ گیا ہو یا گم ہو گیا ہو۔ ان شاء اللہ اس عمل سے مایوسی نہیں ہوگی۔

حُب کے مخفی اعمال

صوفی حکیم غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)

مطلوب سے اپنی بات منوانے کا انوکھا عمل

اس عمل سے آپ اپنی بات مطلوب سے منوا سکتے ہیں۔ دراصل اس عمل میں مطلوب کو جو حکم دیا جاتا ہے، اسے ہر رات خواب میں وہ حکم آپ کی آواز اور آپ کے لب ولہجہ میں ملتا ہے اور اسے وہ خواب صبح حرف بحرف یاد رہتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ آپ کے حکم کی تعمیل کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

یہ عمل ہر فرد اپنے مطلوب کے لئے کر سکتا ہے۔ اس عمل سے کسی روٹھے ہوئے کو منایا جا سکتا ہے۔ کسی سنگ دل کو موم کیا جا سکتا ہے۔ دور گئے ہوئے افراد کو اپنے پاس بلایا جا سکتا ہے۔

جب عمل شروع کیا جائے تو رات کو ہلکی اور زود ہضم غذا کھائیں۔ خلوت کے مکان میں کامل یکسوئی، قوی تصور اور پختہ ارادہ سے اچھی قسم کی خوشبو جلا کر رات کے ٹھیک بارہ بجے اپنے مطلوب کی تصویر کے سامنے کامل یکسوئی، قوی تصور اور پختہ ارادہ سے ایک خوبصورت ٹرے (Tray) میں کچھ موسمی پھل رکھ کر مندرجہ ذیل ایماء کے ساتھ اسے پیش کریں۔ تصویر محبوب کے علاوہ پیش کی جانے والی ہر چیز تصور ہی میں ہوگی۔ ساتھ یہ طلسماتی فقرے کہیں۔

۱ اے فلاں تم جو اس وقت دنیائے خواب کی سیر کرنے میں مشغول ہو، میری باتوں کو خوب غور سے سنو۔

۲ اس وقت بحالتِ خواب تم مجھے اس طرح دیکھ رہی / رہے ہو جیسے کہ میں تمہیں دیکھ رہا / رہی ہوں۔

۳ تم میرے ہر حکم کی تعمیل اور ہر خواہش کا احترام کرو گی / گے۔

۴ تم اس بات سے آگاہ ہو کہ مجھ کو تمہاری روح کے ساتھ دلی محبت ہے۔

۵ تمہارے دل میں بھی میری محبت کی آگ جلنے لگے گی جس کا اظہار تم جلد ہی مجھ سے کرو گی / گے۔

۶ تمہیں معلوم ہے کہ میں تمہارے بغیر جینے کا تصور بھی نہیں کر سکتا / سکتی۔ اس لئے قبول کرو۔ میری طرف سے یہ تحفۂ ناچیز، یہ کہتے کہتے اس کی طرف بڑھا دیں اور کہیں۔

۷ صبح جب تم بیدار ہو گی / گے۔ تو یہ واقعہ تمہیں خواب کی شکل میں حرف بحرف یاد ہوگا۔ بلکہ تم خود اس کا ذکر مجھ سے کرو گی / گے۔

۸ متواتر ایک گھنٹہ ان کو زبان و دل سے دہراتے رہیں اور مخاطب کے دل و دماغ اور کانوں تک پہنچاتے رہیں۔ پھر سو جائیں۔ چند ہی راتوں کے عمل سے، مقصد دلی حاصل ہو جائے گا۔

تسخیر کرنے کا عجیب وغریب طلسماتی عمل

یہ عمل خاوند اپنی بیوی کے لئے اور بیوی اپنے خاوند کے لئے کر سکتی ہے۔ کامل ارادہ اور اعتقاد ویقین شرطِ اول ہے۔ اگر خاوند اپنی بیوی کے لئے عمل کرے تو پورنماشی کی رات کو جب اس کی بیوی گہری نیند سو جائے تو اس کے قریب جا کر اس کی ناک کی جڑ میں اپنی نظریں جما کر حسب ذیل طریقہ سے ایماء کرے۔ ایماء اس طریقے سے ہونا چاہئے جیسے کانا پھوسی کی جاتی ہے۔

۱ اے فلاں تم میری باتوں کو غور سے سن کر ان پر عمل کرو۔

۲ صبح بیدار ہونے پر تم اپنے دل میں میرے لئے جذبۂ محبت محسوس کرو گی۔

۳ تم آئندہ میرے حکم سے سرتابی نہ کر سکو گی۔ اور وہی کرو گی جو میں چاہوں گا۔

۴ تمہارا دل میرے قابو میں ہے۔ اس لئے خواہش کرنے پر بھی میری مرضی کے خلاف تم کوئی کام نہ کر سکو گی۔

۵ دن نکلنے تک تمہارے خیالات کی دنیا میں حیرت انگیز تبدیلی رونما ہوگی۔ تمہارے دل میں میری محبت کا دریا امڈ آئے گا۔

۶ تم میں فلاں بری عادت ہے۔ اس سے تمہیں خود بخود نفرت پیدا ہو

جائے گی۔

کامل ایک گھنٹہ تک بار بار مندرجہ بالا ایماء کرتے ہوئے اپنے خیالات اس کے دل ودماغ پر ڈالتے رہیں۔ اگر آپ کی طلب سچی ہوگی تو صبح اس کا نتیجہ آپ کے حق میں ہوگا۔ اور ایسا کامیاب اثر ہوگا کہ آپ حیران ہوں گے۔

پھول سنگھا کر کسی کو مسخر کرنا

یہ منتر بڑا پر تاثیر ہے۔ مگر پہلے منتر کو سدھ کر کے اس کے عامل بن جائیں۔ پھر خوب کام کرے گا۔

منتر کو سدھ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ رات کو باہر کسی جگہ، جہاں کوئی مداخلت نہ کرے، پانچ پھول خوشبودار اپنے ہمراہ لے جائیں اور ہر پھول پر سو، سو مرتبہ منتر پڑھ کر دم کریں۔ اور واپس گھر چلے جائیں۔ صبح کو پھول کسی نہر، ندی یا دریا میں بہادیں۔ رات کو پھر پانچ پھول لے کر جائیں اور ہر پھول پر سو، سو مرتبہ منتر پڑھ کر دم کریں اور اگلی صبح پھول دریا میں بہادیں۔ اکیس یوم بلاناغہ پڑھیں۔ منتر سدھ ہوجائے گا۔ اور آپ اس منتر کے عامل ہوجائیں گے۔

پھر جب کسی کو مسخر کرنا چاہیں تو سات عدد پھول خوشبودار لے کر ان پر صرف سات بار منتر پڑھ کر دم کریں اور پھولوں کو کسی رومال میں باندھ کر جسے سنگھادیں گے، مسخر ہوجائے گا۔ جسے مسخر کرنا ہو سب سے پہلے اسے ہی پھول سنگھائیں۔

اگر اس منتر کو سورج گرہن کے اوقات میں کسی خاص جگہ چوکہ دے کر چراغ جلا کر پھول، جوڑا لونگ، الائچی اور سندور چراغ کے پاس رکھ کر لوبان کی دھوپ دے کر صرف پانچ سو مرتبہ منتر کا جاپ کریں تو آئندہ گرہن تک اس منتر کے آپ عامل ہوجائیں گے۔ عمل کو قابو رکھنے کے لئے صرف سات مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔ منتر قابو میں رہے گا۔

منتر یہ ہے:

کامروپ دیس کی کمکھیا دیوی۔ جہاں بسے اسماعیل جوگی۔ اسماعیل جوگی نے بوئی پھلواری۔ پھول چگے لونا چماری۔ پھول ہنسے۔ پھول دستے۔ پھولوں کے سنگ نار سنگھ بیر چلے۔ جیو لیوے ان کی باس۔ چل آوے ہمارے پاس۔ نہ آوے تو کلیجہ پھٹ جاوے۔ آوے تے آوے، نہ آوے تے لت نار سنگھ بیر کی کلیجہ میں کھاوے۔

صرف گیارہ یوم میں معشوق حاضر ہوکر عاجزی کرے

یہ منتر میرے حلقہ کے اکثر احباب کا آزمایا ہوا ہے اور خوب کام کرتا ہے۔ میرے دوست حافظ محمد حنیف صاحب مرحوم اکثر اس منتر سے کام لیتے تھے۔ اس منتر کا ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ یہ سدھ کیئے بغیر بھی کام کرتا ہے۔

عروج ماہ میں کسی نوچندی اتوار یا جمعرات کی رات سے عشاء کے بعد باوضو ہوکر کسی تنہا جگہ، جہاں کوئی دوسرا مداخلت نہ کرے اور آپ کو مکمل تنہائی مل جائے، مطلوب کا پختہ تصور کر کے روزانہ گیارہ سو مرتبہ منتر پڑھیں۔ یاد رہے کہ منتر آنکھیں بند کر کے پڑھیں۔ ان ایام کے اندر ہی معشوق حاضر ہوکر عاجزی کرے گا اور ہمیشہ تابعدار رہے گا۔

منتر یہ ہے:

اے کریما کرم کر، بخت دل کو نرم کر
فلاں کو زیر کر، بے نیازا رحم کر
دل کبوتر ہو اڑے گھیرا پڑے یٰسین کا
میرا صنم مجھ سے ملا صدقہ محی الدین کا

تسخیرِ محبوب کا ایک نایاب عمل

ایک کاغذ پر سرخ روشنائی سے مطلوب کی فرضی تصویر بنائیں۔ اور اس کے مقابلے میں اپنی تصویر بنا کر مطلوب کی تصویر کے نیچے نام مع والدہ تحریر کریں۔ اور طالب کی تصویر کے نیچے طالب کا نام مع والدہ تحریر کریں۔ اگر اصل تصاویر مل جائیں تو زیادہ بہتر ہے۔

شمس و قمر کا قران جس دن ہو، دوسرے دن دوسری سندھیا کے وقت تنہائی کی جگہ بیٹھ کر تصاویر کو سامنے رکھ کر ایک سو آٹھ مرتبہ اس منتر کو

پڑھیں۔اور کسی خوشبودار پھول گلاب، چنبیلی، موتیا وغیرہ پر دم کر کے مطلوب کی تصویر پر آہستہ آہستہ تین بار ماریں اور تصاویر کو احتیاط سے رکھیں۔اور پھول کو کسی کنویں یا دریا میں ڈال دیں۔

اسی طرح دوسرے دن بھی ایسا ہی کریں۔ہر روز ایک ایک بار منتر زیادہ کرتے جائیں۔یعنی پہلے دن ایک سو آٹھ مرتبہ دوسرے دن ایک سو نو مرتبہ۔تیسرے دن ایک سو دس مرتبہ۔تیرہ یوم کا عمل ہے اور تیرھویں یوم منتر کی تعداد ایک سو بیس ہوگی۔ان شاء اللہ اسی عرصہ کے دوران مطلوب مسخر ہو کر حاضر ہوگا۔دوران عمل مطلوب کا تصور کامل رکھیں۔

منتر یہ ہے:

دھار، دھار، مہاں دھار، امرت کی دھار، فلاں کل

نہ آئے میرے پاس، تو چونکے سو سو بار بحق یا بدوح

مسخر کرنے کا بے نظیر سرمہ

کسی کو مسخر اور اپنا گرویدہ کرنے کے لئے یہ سرمہ بے نظیر ہے۔ایک بار یہ اپنی آنکھوں میں لگا کر جس سے نظر ملائیں، وہ آپ کے ساتھ سایہ کی طرح رہے گا۔اور ایسا گرویدہ ہوگا کہ آپ کی ہر بات مانے گا۔

سرمہ تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک جونک پکڑیں اور کسی میٹھے پھل دار درخت کی لکڑی پر جونک کو کھینچ کر دونوں طرف سوئی لگا دیں تا کہ کچھ دنوں بعد جونک خشک ہو جائے۔اب رائج الوقت تقویم میں چاند کی پندرہ تاریخ کے اندر جمعرات کا دن آئے اور اس دن پکھ نچھتر ہو، یہ دن سرمہ تیار کرنے کا ہے۔

اس دن نئی روئی اور سیاہ گائے کا گھی لے کر کاسۂ سر بشر اور نیا چراغ لے کر کسی ویران چورستہ میں عشاء کے بعد چلے جائیں۔اگر کاسۂ سر بشر نہ مل سکے تو کوئی کشادہ کوزہ گلی آب نا رسیدہ حاصل کریں۔اب نئے چراغ میں گھی ڈال کر روئی میں جونک لپیٹ کر بتی بنا کر چراغ میں روشن کریں۔اور اوپر کاسۂ سر بشر یا کشادہ کوزہ گلی آب نا رسیدہ رکھ دیں تا کہ اس میں چراغ کا دھواں اکٹھا ہوتا رہے۔اب واپس آ جائیں۔

صبح فجر سے پہلے پہلے چورستہ پر جائیں اور تمام دھواں چراغ کا اکٹھا کر کے لے آئیں۔اور باقی تمام چیزوں کو چورستہ میں ہی پاؤں کی ایک ہی چوٹ سے تباہ کر دیں۔اور پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھیں۔اگر کوئی آواز آئے تو بھی توجہ نہ دیں۔گھر آ کر اس دھواں کو اچھی طرح باریک پیس کر چاندی کی سرمہ دانی میں ڈال لیں۔

واضح رہے کہ یہ سب کام فجر سے پہلے پہلے مکمل کر لیں۔پس عمل مکمل ہوا۔جب ضرورت ہو، چاندی کی سلائی سے مطلوب کا تصور کر کے ایک ایک سلائی سرمہ آنکھوں میں ڈالیں۔اور سب سے پہلے مطلوب کو دیکھیں۔پس نظر چار ہوتے ہی مسخر ہو جائے گا۔اور ایسا گرویدہ ہوگا۔آپ کے پیچھے پیچھے مانند پالتو جانور رہے گا۔اور ہر حکم کی تعمیل کرے گا۔

بڑا بے نظیر عمل ہے جو پہلی نظر میں ہی مطلوب کے دل میں تیر محبت چبھو دیتا ہے۔

یہ سرمہ مرد و زن سب کے لئے کام کرتا ہے۔جو بھی لگا کے دوسرے کی طرف دیکھے گا۔دیکھنے والے کی محبت میں مبتلا ہوگا۔

زوجین میں محبت کے اعمال

مولانا علی آفاق صاحب

زوجین میں محبت کے اعمال بلاشبہ جائز ہیں۔ جس طرح شوہر بیوی سے محبت چاہتا ہے، اسی طرح بیوی بھی شوہر سے چاہتی ہے۔ تالی دونوں ہاتھ سے بجتی ہے۔ اگر دونوں میں محبت قائم رہے تو زندگی کی گاڑی بہت اچھی طرح چلتی رہتی ہے اور سکون ملتا ہے۔ اگر محبت میں کمی ہو تو پھر وہ سکون اور خوشی نہیں حاصل ہوتی۔ اس لئے جس طرف سے بھی کمی ہو، دوسرا فریق عمل کرلے۔ لیکن یہ بھی دھیان میں رکھنا ضروری ہے کہ ایسے کام بھی نہ کرے جو دوسرے فریق کی ناراضگی کا سبب بنیں۔

درج ذیل تمام اعمال کی زوجین کو کرنے کی کامیابی کی دعاؤں کے ساتھ اجازت ہے۔ صرف زوجین کے لئے اجازت ہے۔

* ......کسی بھی میٹھی چیز پر سات بار پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ اس عمل کو تین ہفتہ جاری رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۚ

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

* ......سورۃ مبارکہ نساء زن وشوہر کے درمیان موافقت کی نیت سے پڑھیں تو موافقت ہوگی۔ تین ہفتہ تک ایک بار روزانہ پڑھنا کافی ہے۔

* ......ایک روایت میں ہے کہ سورۃ جمعہ کو پانچ بار اس نیت سے پڑھیں تو مقصد حاصل ہوگا۔ یہ عمل بھی تین ہفتہ کیا جائے۔

* ......یَاوَدُوْدُ کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر میوہ یا کسی غذا پر دم کریں اور زوجین کو کھلا دیں تو ان دونوں کے دلوں میں الفت پیدا ہوگی۔ یہ عمل ضرورت کے تحت کیا جائے۔ جتنے دن ضرورت ہو، کریں۔

* ......میاں بیوی میں مثالی الفت ومحبت پیدا کرنا مقصود ہو یا دونوں میں سے کوئی ایک ناراض ہو اور اس کو راضی کرنا مقصود ہو تو پھولوں پر یا مشک وعنبر کی خوشبو پر یا جو بھی خوشبو میسر آجائے، اس پر یہ درود شریف تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھ کر دم کر کے میاں بیوی دونوں میں سے جس کو ضرورت ہو، وہ دوسرے کو سونگھائے۔ ان شاء اللہ دونوں کے قلوب ایک دوسرے کی طرف مائل ہونے لگیں گے۔ اس عمل کو بعد نمازِ ظہر اکیس دن تک کریں۔ درود شریف یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُعَطِّرِ الرُّوْحِ وَاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ صَلٰوةً تُعَطِّرُ نَابِهَا وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

ترجمہ ”اے اللہ ﷻ رحمت نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر جو روح کو معطر کرنے والے ہیں اور آپ ﷺ کی آل رضی اللہ عنہم (یعنی اہل بیت) پر ایسی رحمت کہ آپ ﷺ اس کے ذریعے ہمیں معطر کردیں اور برکت اور سلام نازل فرما۔

* ......بعد نماز عشاء میاں بیوی کیلئے 41 بار سورۃ الکوثر پڑھ کر دعا کریں، ان شاء اللہ تعالیٰ خدا کے فضل سے دونوں قابل رشک محبت میں منسلک اور ہم خیال وہم جذبات ہوجائیں گے۔ گھر کی فضا پرسکون ہوجائے گی۔ صدق دل اور کامل یقین سے دعا کریں۔ دیکھیں ان شاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوں گے۔

* ......داہنے بازو میں باندھا چاہیئے اور خوشبو بھی لگائی جائے۔

۷۸۶

یحبونھم کحب اللہ۔ یا غفار ۱	والذین امنوا اشد حبا للہ۔ یا کریم ۱۳	والقیت علیک محبۃ منی۔ یا کریم ۱۱	اللہ لحب الخیر لشدید۔ یا ودود ۸
انہ لحب الخیر لشدید۔ یا ودود ۱۲	والقیت علیک محبۃ منی۔ یا کریم ۷	والذین امنوا اشد حبا للہ۔ یا رحیم ۲	یحبونھم کحب اللہ۔ یا لطیف ۱۳
والذین امنوا اشد حبا للہ۔ یا لطیف ۶	یحبونھم کحب اللہ۔ یا رحمن ۹	انہ لحب الخیر لشدید ۱۶	والقیت علیک محبۃ منی۔یا رحمن ۳
والقیت علیک محبۃ منی۔ یا رحمن ۱۵	انہ لحب الخیر لشدید ۴	یحبونھم کحب اللہ۔ یا کریم ۵	والذین امنوا اشد حبا للہ۔ یا رحیم ۱۰

* ......محبت زوجین کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور زود اثر ہے۔ اس کے

لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب ومشک سے سفید کاغذ پر تیار کریں اور اس کو پانی والی بوتل میں حل کرلیں۔ سات یوم تک روزانہ اس پانی پر بعد از نماز فجر آیت مذکورہ نقش (جو نقش میں لکھی ہیں) پڑھ کر دم کریں، نیز اول وآخر درود شریف ابراہیمی اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو روزانہ صبح نہار منہ میاں بیوی پیا کریں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ گیارہ تا اکیس یوم کے عمل مسلسل سے میاں بیوی میں لازوال، انمٹ دائمی محبت قائم ہوجائے گی۔ اور وہ ایک دوسرے کے بغیر رہ نہیں سکیں گے۔

کہیعص

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

١١٣٦	١١٣٩	١١٣٢	١١٢٨
١١٣١	١١٢٩	١١٣٥	١١٣٠
١١٣٠	١١٣٣	١١٣٧	١١٣٣
١١٣٨	١١٣٣	١١٣١	١١٣٣

وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَ لَکُمْ
مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا
لِّتَسْکُنُوْٓا اِلَیْھَا وَجَعَلَ
بَیْنَکُمْ مَّوَدَّۃً وَّرَحْمَۃً

یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ
یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ
یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ

•...... جو شخص ۱۰۰ مرتبہ "یَا اَوَّلُ" کو پڑھ لے، اُس کی زوجہ اس سے محبت کرے گی۔

•...... جس عورت کا خاوند ناراض ہو، اس آیت کو شیرنی پر اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے شوہر کو کھلائے، مطیع ہوجائے گا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ ؕ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ؕ وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعَذَابِ ﴿البقرۃ:۱۶۵﴾

•...... ان آیات کو سات مرتبہ کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ ان شاء اللہ محبت زیادہ ہوگی۔

ھَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّھْرِ لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَّذْکُوْرًا ① اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَۃٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِیْہِ فَجَعَلْنٰہُ سَمِیْعًۢا بَصِیْرًا ② ﴿الدھر:۱-۲﴾

•...... اگر بیوی شوہر سے ناراض ہو تو شوہر ان آیات کا تعویز لکھ کر دائیں بازو پر باندھ لے یا پاس رکھے۔ اور انہی آیات کو ایک یا تین بار پڑھ کر کسی کھانے پینے کی چیز پر دم کر کے بیوی کو کھلائے۔ ناراضگی دور ہوگی اور محبت شدید ہوگی۔

یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ

﴿البقرۃ:۱۶۵﴾

زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّھَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَۃِ مِنَ الذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَۃِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِکَ مَتَاعُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَاللّٰہُ عِنْدَہٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ

﴿آل عمران:۱۴﴾

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿آل عمران:۲۰۰﴾

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ وَجِلَتْ قُلُوْبُھُمْ وَاِذَا تُلِیَتْ عَلَیْھِمْ اٰیٰتُہٗ زَادَتْھُمْ اِیْمَانًا وَّعَلٰی رَبِّھِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا لَھُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ وَمَغْفِرَۃٌ وَّرِزْقٌ کَرِیْمٌ ﴿انفال:۲﴾

وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیْنَھُمْ اِنَّہٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ﴿طٰہٰ:۳۹﴾

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ ﴿توبہ:۳۶﴾

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ﴿احزاب:۵۶﴾

•......اگر شوہر ناراض ہو تو بیوی درج ذیل آیات ایک بار یا تین بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے شوہر کو کھلائے اور پلائے۔ نیز ان کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر جب شوہر کے سامنے جائے تو اپنے پاس رکھے۔ ان شاء اللہ ناراضگی محبت میں تبدیل ہوجائے گی۔

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَؤُوفٌ رَحِيمٌ (توبہ 128)

فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ (بقرہ 156)

إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ (بقرہ 65)

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَنْدَادًا يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِينَ ظَلَمُوا إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا وَأَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعَذَابِ (165)

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ (نساء 191)

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ (انعام 11)

وَتِلْكَ حُجَّتُنَا آتَيْنَاهَا إِبْرَاهِيمَ عَلَى قَوْمِهِ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَنْ نَشَاءُ (انعام 83)

وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِينَ (اعراف 120)

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ط أُولَئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَهُمْ دَرَجَاتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ (انفال 4)

إِنَّ رَبَّكَ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (یوسف 6)

وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا ط وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ وَلَا يَزِيدُ الظَّالِمِينَ إِلَّا خَسَارًا (اسراء 82)

قُلْ كَفَى بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ (رعد 43)

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا الَّذِينَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ (مریم 103)

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يُوحَى إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ (کہف 110)

مَنْ يَكْلَؤُكُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ (انبیاء 42)

قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ (انبیاء 70)

وَأَيُّوبَ إِذْ نَادَى رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ (انبیاء 83)

فَنَادَى فِي الظُّلُمَاتِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ (انبیاء 87)

قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيمُ (سباء 26)

يس وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ (یس 2)

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (صافات 180)

سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا خَالِدِينَ (زمر 73)

أُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ (غافر 44)

لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ (شوریٰ 11)

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا (فتح 1)

وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ (ممتحنہ 10)

نَصْرٌ مِنَ اللَّهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ (صف 13)

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَهْلَكَنِيَ اللَّهُ وَمَنْ مَعِيَ أَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ يُجِيرُ الْكَافِرِينَ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ط قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَأْتِيكُمْ بِمَاءٍ مَعِينٍ (ملک 30)

زوجین کے جھگڑوں سے نجات

مولانا عرفان صاحب

زوجین (شوہر بیوی) میں لڑائی جھگڑے جتنے آج کل ہونے لگے ہیں، اتنے پہلے نہیں ہوتے تھے۔اس کا پتہ فیملی کورٹس میں جا کر چلتا ہے۔ پہلے دو کورٹس تھے۔ اب ان کی تعداد آٹھ سے بھی زیادہ ہے۔ روزانہ سینکڑوں کیسز ان عدالتوں میں لگے ہوتے ہیں۔ یہ سب فساد عدمِ برداشت، غلط تربیت، دین سے بہت دوری اور میڈیا کی مہربانیوں کا نتیجہ ہیں۔

یاد رکھیں کہ جو گھر بسانا چاہتے ہیں، ان کو قربانی دینا ہی پڑتی ہے۔ اگر برداشت نہیں ہے تو پھر یہ اعمال بھی آپ کو فائدہ نہ دیں گے۔ ان اعمال سے اگر بھرپور اور کامل فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تو پھر ایک اصول اپنانا ہوگا اور وہ یہ کہ عمل کے دوران دوسرے فریق کو غصہ دلانے والا کام نہیں کرنا۔ اور خصوصاً لڑائی جھگڑا تو بالکل نہیں کرنا۔ اور اگر طلاق تک بات پہنچ گئی ہو تو عمل کے ساتھ ساتھ سامنے آنے سے بھی پرہیز کریں۔ کیونکہ جب دوسرا فریق حد سے زیادہ غصہ میں ہو تو اس کے سامنے جانے سے وہ پھر طیش میں آ جاتا ہے اور عمل کی وجہ سے جو دل میں نرمی پیدا ہوئی ہوتی ہے، وہ ختم ہو جاتی ہے اور کبھی کبھی زیادہ معاملہ خراب ہو جاتا ہے۔ بس حکمت سے کام لیا جائے اور عملیاتی اور نفسیاتی طور پر مسائل کو حل کرنے کی کوشش کی جائے۔

ان اعمال کی ادارے کی طرف سے زوجین کو خصوصی دعاؤں کے ساتھ خاص اجازت ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اعمال کے کرنے والوں کے گھر بسائے رکھے اور خوشیاں ان کا مقدر کر دے۔ آمین

غصہ دور کرنے کے لئے

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (آل عمران: ۱۳۴)

غصہ دور کرنے کے لئے ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ اکیس (۲۱) دن تک چینی پر دم کر کے کھلائیں یا پلائیں۔

اگر زوجین ایک ہی گھر میں ہوں تو اس عمل کو بھی دوسرے اعمال کے ساتھ کیا جائے۔ اگر دور ہوں تو چینی پر دم کر کے کیڑے مکوڑوں کو روزانہ ڈال دی جائے۔ مدت اکیس یوم ہے۔

زوجین کے جھگڑوں سے نجات کے اعمال

• ......میاں بیوی کا جب جھگڑا ہو تو جس طرف سے زیادتی ہو، اس کو "منزل" پانی پر ایک یا تین بار پڑھ کر دم کر کے پلائیں۔ اسی کی نیت سے دم کریں۔ پہلے سے دم شدہ منزل کا پانی استعمال نہ کریں۔ روزانہ اس عمل کو کریں۔ کم از کم مدت تین یوم ہے۔ ان شاء اللہ صلح ہو جائے گی۔

• ......اگر میاں بیوی آپس میں ناراض ہوں یا جھگڑا ہو جائے تو سورۂ مزمل کو تین بار شربت پر پڑھ کر پلا دیں تو ایک دوسرے کے دوست اور مہربان ہو جائیں گے۔ محبت پیدا ہو جائے گی۔

• ......اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی رہتی ہو، آپس میں سلوک و محبت نہ ہو، ہر وقت جھگڑتے رہتے ہوں تو باوضو حالت میں اول و آخر تین بار درود ابراہیمی درمیان میں تین سو تیرہ بار درود ہزارہ پڑھے۔ پھر چالیس بار سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ جب آیت مبارکہ:

اھدنا الصراط المستقیم

پر پہنچے تو اس آیت مبارکہ کو چالیس بار تکرار کرے۔ اور پھر سورہ مکمل کرے۔ اس طرح پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی ہر روز میاں بیوی کو پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں میاں بیوی کی ناچاقی پیار و محبت میں بدل جائے گی۔ دونوں کے مابین اتفاق و اتحاد کی فضا قائم ہو جائے گی۔ درود ہزارہ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

ترجمہ "اے اللہ ﷻ درود بھیج ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ کی آل اطہار رضی اللہ عنہم پر ہر ایک ذرہ کے عوض دس کروڑ

مجوس (اور کفار) کے شکار سے سوائے مچھلی کے کچھ مت کھاؤ

بار برکت نازل فرما اور سلام بھیج۔

•......اگر میاں بیوی ناراض ہوں اور شوہر اپنی بیوی سے سخت ناراض ہو تو ایسی صورت میں درود ابراہیمی ایک سو ایک بار کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر دم کریں اور شوہر کو کھلا دیں۔ اس سے شوہر مہربان ہو جائے گا۔ چند دنوں کے اس عمل سے میاں بیوی میں بہت جلد صلح ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

•......اگر میاں بیوی کی آپس میں نا اتفاقی ہو جائے اور گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کا ماحول رہتا ہو تو ایسی صورت میں اول گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں پھر ایک ہزار ایک بار ''یَاوَدُوْدُ'' کا ورد کریں۔ اس کے بعد پھر گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں اور کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلا دیں۔ ان شاء اللہ گھر میں برکت پیدا ہو جائے گی، نا اتفاقی کا ماحول ختم ہو جائے گا اور آپس میں پیار و محبت کی فضا پیدا ہو جائے گی۔

•......اگر زوجین میں سے کوئی دوسرے سے ناراضگی رکھتا ہو اور اس کا دل کسی بھی طرح صاف نہ ہوتا ہو تو ایسی صورت میں کسی میٹھی چیز پر ایک سو ستر بار درود ابراہیمی پڑھ کر دم کریں اور اس کو کھلا دیں۔ اس سے اس کے دل میں محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ دوستی کی طرف مائل ہو جائے گا۔

•......جس گھر میں میاں بیوی کے درمیان ناچاقی رہتی ہو اور ہر وقت گھر کی فضا خراب رہتی ہو تو ایسے میں ان کے درمیان پیار و الفت و محبت پیدا کرنے کے لئے ذیل کا وظیفہ بے حد مفید ہے۔ اس کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب سے قبل سفید کاغذ پر ''درود تنجینا'' لکھیں اور آیت الکرسی اس طریقے سے لکھیں کہ جب ''یشفع عندہ'' پر پہنچے تو اس کے بعد میاں اور اس کی والدہ کا نام الحب بیوی اور اس کی والدہ کا نام لکھیں اور یہاں ان کے دلوں کا تصور کر کے سات بار آیت الکرسی پڑھ کر دم کریں پھر بقیہ آیت الکرسی لکھیں۔ اب اس کو کسی بوتل میں ڈال کر اس میں پانی بھر لیں اور اوپر آیت الکرسی گیارہ بار اس طرح پڑھ کر دم کریں کہ لفظ ''یشفع عندہ'' کی دونوں عینوں کے درمیان ان دونوں کے دلوں کا تصور رکھتے ہوئے یہ الفاظ بھی پڑھیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَہٗ اِلَیَّ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ حُبِّبْ حُبِّبْ یَابُدُّوْحُ

پھر بقیہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کریں۔ یہ پانی دونوں میاں بیوی کو روزانہ پلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند یوم کے اندر ان کے درمیان نا اتفاقی اور ناچاقی ختم ہو جائے گی اور آپس میں الفت و محبت پیدا ہو جائے گی اور گھر کی فضا پرسکون ہو جائے گی۔ زوجین میں محبت کیلئے لوح تسخیر استعمال کرنا بہت فائدہ مند ہے۔

•......بیس (۲۰) مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر لیں اور ہاتھ منہ پر پھیر لیں۔ جب آمنے سامنے آ جائیں تو سخت سے سخت دل بھی مائل ہو جائیں گے۔

•......اگر میاں بیوی میں اختلاف ہے۔ آپس میں پیار و محبت نہیں ہے تو اس آیت کو 99 مرتبہ کسی میٹھی چیز پر 3 دن پڑھ کر دم کریں اور دونوں کھائیں۔

وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْکُنُوْٓا اِلَیْھَا وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ مَّوَدَّۃً وَّرَحْمَۃً ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ ﴿سُوْرَۃُ الرُّوْمِ: ۲۱﴾

ترجمہ ''اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لئے پیدا کئے تمہاری جنس سے جوڑے (بیویاں) تاکہ تم ان کے پاس سکون حاصل کرو، اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور مہربانی (پیدا) کی، بیشک اس میں البتہ ان لوگوں کیلئے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں''۔

•......اگر میاں بیوی کے درمیان نا اتفاقی اور ناچاقی ہو گئی ہو اور کسی ایک کی

طرف سے زیادتی ہو اور لڑائی جھگڑا باہمی رہتا ہو تو لازم ہے کہ ذیل کا نقش باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر خوشبو لگائے اور اس پر درود خاص جو ذیل میں دیا گیا ہے، ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اگر مرد سخت ہے تو بیوی اور اگر بیوی سخت ہے تو مرد اپنے سیدھے بازو پر موم جامہ کر کے پہنیں۔ ان شاء اللہ العزیز وجہ نفرت و جھگڑا ختم ہوجائے گا اور پیار ومحبت میں اضافہ ہوگا۔ درود خاص یہ ہے:

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْكَ یَا مُحَمَّدُ نُوْرٌ مِّنْ نُوْرِ اللّٰہِ

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

٣٢١ / ١٥٣٩٠	٣١٨ / ١٥٣٨٣	٣١١ / ١٥٣٨٦	٣٢٥ / ١٥٣٧٣
٣١٢ / ١٥٣٨٥	٣٢٣ / ١٥٣٧٤	٣٢٢ / ١٥٣٧٩	٣١٧ / ١٥٣٨٤
٣٢٧ / ١٥٣٧٥	٣١٣ / ١٥٣٨٨	٣١٦ / ١٥٣٨١	٣١٩ / ١٥٣٧٨
٣١٥ / ١٥٣٨٢	٣٢٠ / ١٥٣٧٧	٣٢٦ / ١٥٣٧٢	٣١٤ / ١٥٣٨٧

الحب فلاں بن فلاں مابین فلاں بنت فلاں

•......میاں بیوی میں نفرت دور کرنے کیلئے اور ان میں اتفاق اور محبت کے لئے جس کو ضرورت ہو، وہ اس وظیفہ کے اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ بار اور تین سو تیرہ بار بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء مندرجہ ذیل آیت کو اکیس دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ میاں بیوی میں محبت اور اتفاق پیدا ہوجائے گا۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ﴿۱۳﴾

(سورۂ زخرف: ۱۳)

•......جن میاں بیوی کے درمیان اکثر لڑائی جھگڑا، نا اتفاقی رہتی ہو تو ان کے درمیان دائمی رفاقت ومحبت کے لئے ذیل کا عمل از حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اس کو پانی میں حل کرلیں، اس پانی پر اول وآخر درود شریف غوثیہ ایک سو اکتالیس مرتبہ اور سورۂ جمعہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس پانی سے روزانہ آٹا گوندھیں اور روٹی پکا کر دونوں کو کھلائیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ گیارہ یوم کے عمل مسلسل سے دونوں کے درمیان انمٹ موافقت ویگانگت پیدا ہوجائے گی اور ان کے درمیان جھگڑا مٹ جائے گا۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

۱۲۳۱۱	۱۲۳۱۷	۱۲۲۹۳	۱۲۲۹۹	۱۲۳۰۵
۱۲۲۹۴	۱۲۳۰۰	۱۲۳۰۶	۱۲۳۱۲	۱۲۳۱۳
۱۲۳۰۷	۱۲۳۰۸	۱۲۳۱۴	۱۲۲۹۵	۱۲۳۰۱
۱۲۳۱۵	۱۲۲۹۶	۱۲۳۰۲	۱۲۳۰۳	۱۲۳۰۹
۱۲۲۹۸	۱۲۳۰۴	۱۲۳۱۰	۱۲۳۱۶	۱۲۲۹۷

اَلْقُدُّوْسُ

•......اگر بیوی ناراض ہو تو شوہر اور اگر شوہر ناراض ہو تو بیوی سونے سے پہلے بستر پر بیٹھ کر بیس (۲۰) مرتبہ ''یَا مَانِعُ'' کو پڑھے، صلح ہوجائے گی۔

•......جو شخص ایک ہزار مرتبہ ''یَا وَدُوْدُ'' کو پڑھ کر کھانے پر دم کرے گا اور بیوی کے ساتھ بیٹھ کر کھائے گا تو میاں بیوی کا جھگڑا ختم ہوجائے گا اور باہمی محبت پیدا ہوگی۔

•......جس عورت کے خاوند کو غصہ آتا ہو تو جب بھی شوہر کو پانی دے، بیس (۲۰) مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے۔ غصہ ختم ہوجائے گا۔

•......اس آیت کو زوجین میں سے کوئی بھی ناراض ہو تو شیرنی پر اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلا دیں، ان شاء اللہ مہربان ہوجائے گا۔ اس عمل کو سات یا گیارہ روز تک روزانہ کریں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَھُمْ كَحُبِّ اللّٰہِ ؕ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ؕ وَلَوْ یَرَى الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ (سورۂ بقرہ: ۱۶۵)

دارالعمل چشتیہ (لاہور) کے مجرب اعمال

عمل	تفصیل
چہل کاف کا عمل	❖ ہر قسم کے جادو اور جنات کا علاج کرنے کا بہت مجرب عمل ہے ❖ اس کے عامل پر آسانی سے جادو اور جنات اثر انداز نہیں ہوتے ❖ اجازت ملتے ہی جنات کی ایک بڑی جماعت غائبانہ طور پر تعاون شروع کر دیتی ہے، جس کا اجازت لینے والے ہزاروں افراد کا تجربہ ہے ❖ اجازت کے ساتھ دوسرے بھی اعمال کی بھی اجازت دی جاتی ہے تاکہ عامل کو کوئی کمی نہ رہے جیسے جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج، حب و بغض و زبان بندی و دشمن سے متعلق اعمال، روحانی تشخیص کے مجرب اعمال، جنات کو جلانے کے اعمال، مکان سے ہر قسم کا جادو اور جنات کا اثر نکال کر اس کو کیل کرنے کا طریقہ، جادو کو واپس کرنا، فراخی کاروبار اور دیگر مقاصد کے اعمال۔
امنت باللہ کا عمل	◆ اس عمل کی اجازت ملنے کے بعد جنات اور جادو کے علاج میں غائبانہ مؤکلین کی ایک جماعت عامل کے ساتھ تعاون کرتی ہے ◆ جنات کو بوتل میں بند کرنا، جنات کو بذریعہ مؤکلین جیل میں قید کروانا، حب، جدائی، شادی، ہر قسم کی بیماریوں کا روحانی علاج، گھر کی ہر قسم کے جنات و جادو سے حفاظت، چوری شدہ سامان کی اطلاع و واپسی اور دیگر مقاصد کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔
ہانڈی کا خاص عمل	◆ ہانڈی کا عمل سخت سے سخت جادو اور جنات کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے ◆ جس طرح جسمانی علاج میں بڑے علاج ہوتے ہیں، اسی طرح یہ بھی روحانی علاج میں ایک بڑا علاج ہے۔ اس کو عام استعمال نہیں کرنا چاہیے ◆ جلد اور مریض پر سے بحکم رب العالمین، ہر قسم کے جادو اور جنات کا اثر ختم ہو جاتا ہے ◆ نیز لاعلاج بیماروں کے لئے بھی انتہائی مجرب عمل ہے۔
خزینہ مجربات	● بکری کے صدقہ کا خاص عمل جس کو کرنے سے جس کام یا مریض کے علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو، اس میں بہت آسانی ہو جاتی ہے۔ نیز بڑے سے بڑے جنات و جادو کے علاج میں صدقہ کا عمل کرنے سے عامل اور مریض، دونوں رجعت سے محفوظ رہتے ہیں ● سوئیوں والا خاص عمل جس کو کرنے سے ہر قسم کا بخار، ٹی بی، ٹائی فائیڈ وغیرہ ختم ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹرز حیران رہ جاتے ہیں ● مختلف جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج ● جب ڈاکٹرز آپریشن کا کہہ دیں تو بغیر آپریشن ولادت کا خاص عمل ● مقدمہ جیتنے کا مجرب عمل ● نکاح و حب کے اعمال کے ساتھ اور بھی کئی مقاصد کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔
حزب البحر	■ ولی کامل شیخ ابوالحسن شاذلی نوراللہ مرقدہ پر الہام ہوئی مجرب دعا جو ایک عرصہ سے اولیائے کرام، علمائے کرام اور عاملین کے معمولات میں شامل ہے۔ اس دعا کے پڑھنے کے بیشمار فوائد ہیں۔ خاص کر یہ چاہتے ہوئے بھی رزق میں فراخی آنا شروع ہو جاتی ہے ■ حزب البحر کے مختلف اعمال سکھائے جاتے ہیں، تاکہ ہر کوئی صحیح طریقے پر فائدہ اٹھا سکے ■ زکوٰۃ صغیر و کبیر-- دونوں اعمال کی زکوٰۃ خاص دنوں میں نکلوائی جاتی ہے۔ اجازت سے ایک خاص تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

حزب البحر کے علاوہ تمام اعمال نقد صدقے کے ساتھ مشروط ہیں۔ نقد صدقہ ادا کر کے درج بالا اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔

رابطہ روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور۔

مولانا عرفان صاحب
(0321) 4661681

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570 فون: 35033371 (042) موبائل: 7772772 (0343)

Web: www.darulamal.org/ruhanidarsgah, E-mail: info@darulamal.org

سسرالی جھگڑوں اور مسائل سے نجات

سید عامر علوی صاحب

ساس، بہو میں اتفاق کیلئے

اگر ساس اور بہو میں محبت و اتفاق نہ ہو تو اس عمل سے ساس اور بہو میں محبت ہو جائے گی۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ نمازِ فجر کے بعد درودِ غوثیہ اکتالیس (۴۱) بار اور ذیل کے کلمات اکتالیس (۴۱) بار پڑھ کر مطلوبہ مقصد کا تصور کر کے دونوں پر دم کریں اور اللہ ﷻ سے ان دونوں میں اتفاق ومحبت کی دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ عزوجل اکتالیس (۴۱) دن بلاناغہ اس عمل سے مقصود حاصل ہوگا۔ کلمات یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

درودِ غوثیہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَ الْکَرَمِ وَ اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

سسرال والوں کو فرمانبردار بنانا

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿٨﴾ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ۭ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ۭ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ

(الفتح:۸-۱۰)

روزانہ نمازِ عصر کے بعد کم از کم 21 مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ بار درود شریف۔ عمل پڑھ کر شوہر اور سسرال والوں پر تصور میں دم کریں کہ وہ فرمانبردار ہو جائیں۔ اور آپ کی عزت کریں۔

سخت دلی کا علاج

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِىَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ۭ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ۭ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاۗءُ ۭ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿سورۃ البقرۃ:۷۴﴾

سسرال میں اگر کسی ایک کا یا زائد افراد کا دل سخت ہو جائے اور وہ فرد/افراد تنگی کریں اور مزاج بگڑ جائیں تو ایک کوری پاک ٹھیکری لے کر چوب آس سے اس فرد/افراد کے نام اس ٹھیکری پر لکھے اور قدرے شہد (جس کو آنچ نہ لگی ہو) اور انگوری سرکہ لے کر اس سے یہ آیت ان نام/ناموں کے گرد لکھے اور اس ٹھیکری کو کنویں، نہر یا پانی والی ٹینکی میں ڈال دے، جس سے پانی پیا جاتا ہو۔ ان شاء اللہ اس فرد/افراد کے دل نرم موم کی طرح ہو جائیں گے اور ان کی سخت دلی ختم ہو جائے گی۔

سسرال میں لوگ عزت کریں

اگر کسی کے ساتھ ایسا معاملہ پیش آئے کہ اس کے سسرال والے اس کی عزت نہ کرتے ہوں، طعنے دیتے ہوں یا برا رویہ رکھتے ہوں تو درج ذیل کلمات کو پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ بار درود شریف۔

کلمات یہ ہیں: یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

گھر والوں میں اتفاق و محبت اور جھگڑوں سے نجات کے اعمال

درج ذیل تمام اعمال کی صرف جائز جگہ کرنے کی عام اجازت ہے۔

اتفاق واتحاد کیلئے

جس گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو، بات بات پر جھگڑے کی فضا قائم ہوجاتی ہو، گھر میں سے کوئی فرد پیار و محبت سے بات نہ کرتا ہو تو ان میں محبت والفت کی غرض سے باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد ایک سو پچیس بار درود خضری پڑھے اور پانی پر دم کرے یہ دم کیا ہوا پانی گھر کے تمام افراد کو پلادے یا کسی طرح اس پانی میں ملادے جس سے گھر کے افراد آٹا گوندھ کر روٹیاں پکاتے ہوں۔ چالیس دن تک اس طرح کریں۔ اس دوران ان شاء اللہ عزّوجل، گھر میں خیر و برکت پیدا ہوگی، گھر والوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے لئے پیار و محبت کے جذبات پیدا ہوں گے اور وہ آپس میں محبت واتفاق سے رہیں گے۔ درود خضری یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ

گھریلو جھگڑے کے خاتمے کیلئے

اگر کسی کے گھر میں ہر وقت جھگڑا رہتا ہو اور سخت پریشانی کی کیفیت ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھے، پھر یہ کلمات اکتالیس بار پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَ سُوْءِ الْاَخْلَاقِ

ترجمہ ”اے اللہ ﷻ میں تیری پناہ مانگتا ہوں جھگڑے اور نفاق اور برے اخلاق سے“۔ ان کلمات کو پڑھنے کے بعد گیارہ بار پھر درود ابراہیمی پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ گھر میں امن، چین اور سکون کی فضا قائم ہوجائے گی۔ کبھی بھی ان شاء اللہ تعالیٰ لڑائی جھگڑے کی نوبت نہیں پیدا ہوگی۔

محبت کے لئے

جس خاندان میں نا اتفاقی ہو تو اتفاق پیدا کرنے کیلئے یہ آیت مبارکہ 101 مرتبہ روزانہ پڑھیں، اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں۔ اکیس دن تک نماز فجر کے بعد یہ وظیفہ کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نفرت محبت میں بدل جائے گی۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّاۤ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ (الانفال:۶۳)

عزیز واقارب کو جمع کرنے لئے

جس شخص کے عزیز واقارب منتشر ہوگئے ہوں وہ چاشت کے وقت غسل کرکے آسمان کی طرف منہ کرکے دس مرتبہ ”یَا جَامِعُ“ پڑھے اور ایک انگلی بند کرلے۔ اسی طرح ہر دس مرتبہ پر ایک انگلی بند کرتا جائے۔ آخر میں دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے۔ ان شاء اللہ سارے عزیز واقارب جمع ہو جائیں گے۔

گھر میں امن وسکون کے لئے

سورج نکلنے سے پہلے سو مرتبہ ”یَا وَدُوْدُ“ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مٹکے یا فریج میں رکھی بوتل میں پانی ملادیں تاکہ سب گھر والے اس کو پیتے رہیں۔ ان شاء اللہ گھر کی فضا بدل جائے گی اور گھر امن وسکون کا گہوارہ بن جائے گا۔

بہن بھائیوں میں محبت ہونے کا وظیفہ

اکثر بہن بھائی شادی کے بعد آپس میں پیار و محبت اور الفت میں پہلے کی طرح نہیں رہتے بلکہ دُنیاوی کاموں میں الجھ کر خود غرضی کا شکار ہوجاتے ہیں۔ اس سے والدین کو ذہنی کوفت پہنچتی ہے۔ خاص کر اگر وہ ایک ہی گھر میں سارے رہتے ہوں تو ان میں پیار محبت کا ہونا انتہائی ضروری ہوتا ہے تاکہ گھر کا ماحول اچھا رہے۔ اس مقصد کے لئے کسی ایک شخص کو چاہئیے کہ وہ سات دن تک درج ذیل وظیفہ کو خلوص نیت کے ساتھ کریں تو بہنوں اور

بھائیوں میں نفرت ختم ہو جائے گی۔ پیار و محبت پیدا ہو جائے گا۔ سورۂ یٰسین کا وظیفہ کا اس طرح کریں کہ گھر میں ایک جگہ کو پاک صاف کریں اور اس جگہ پر قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اور سات مرتبہ جو درود شریف یاد ہو، اسے پڑھیں۔ اس کے بعد سورۂ یٰسین کو اسی نشست میں اکیس مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد ایک تسبیح یا ودود کی پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اس وظیفہ کی بدولت بہنوں اور بھائیوں میں پیار و محبت رہے گا۔ اس وظیفہ کو سات دن تک کریں۔ اگر اس وظیفہ کو سال بھر میں عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن کر لیا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ بہت مفید ثابت ہوگا۔

خاندان میں نااتفاقی ہو تو

وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ﴿الحجر:۴۷﴾

جس گھر یا خاندان میں نااتفاقی ہو تو اس آیت کو ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک دیں جب تک کامیابی نہ ہو یہ عمل جاری رکھیں۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر تصور میں سب جھگڑنے والوں پر دم کر دیں۔

والدین کو راضی کرنے کا وظیفہ

بعض اوقات اولاد کی عدم توجہ کی وجہ سے والدین اولاد کی طرف مائل ہونا چھوڑ دیتے ہیں یا بعض والدین کی اولاد ان کو پریشان بھی کرتی ہے اس لئے اگر کسی کے والدین اس سے ناراض ہوں تو انہیں راضی کرنے کیلئے عشاء کی نماز کے بعد سونے سے پہلے باوضو ہو کر سورۂ یوسف کو ایک مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد درج ذیل آیت کو تینتیس (۳۳) مرتبہ پڑھے۔ اول آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے والدین کی ناراضگی محبت و شفقت میں بدل جائے گی آیت یہ ہے:

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿سورۃ الممتحنۃ: ۷﴾

گھریلو اختلافات دور کرنے کا وظیفہ

ذکر: بدھ کی رات گیارہ سو مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درودِ قادری کے ساتھ پڑھیں۔

وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿آل عمران:۸۳﴾

گھریلو اختلافات ختم کرنے کے لئے

سورۂ قریش نمازِ فجر کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھیں۔

گھریلو اختلافات ختم کرنے کے لئے

عروجِ ماہ میں بدھ، جمعرات یا جمعہ کی رات کو ایک وقت معین کر کے دو رکعت نفل پڑھیں اور پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ مزمل بیس بار اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ مزمل پانچ بار پڑھیں۔ نماز پڑھ کر اپنے مقصد کی دعا کریں۔ ان شاء اللہ گھریلو اختلافات ختم ہو جائیں گے۔

دارالعمل چشتیہ کی ''روحانی علاج گاہ'' کے تیار کردہ روحانی مجربات

ان مجربات سے ہر کوئی استفادہ کر سکتا ہے۔ روحانی علاج گاہ کے یہ خاص اعمال متعدد تجربات کے بعد منظرِ عام پر لائے جا رہے ہیں۔ عاملین بھی اعتماد سے اپنے مریضوں کو استعمال کروا سکتے ہیں۔

تعویز حفظِ جان: ہر قسم کی آفات، حادثات، جادو، جنات، نظرِ بد، اغواء، قتل و غارت گری و دیگر ارضی و سماوی آفات سے حفاظت کے لئے مجرب ہے۔ ھدیہ سائل کے نام اور والدہ کے اعداد کے برابر۔

تعویز حصولِ برکت: گھر، دفتر، دکان، کارخانہ، فیکٹری وغیرہ میں برکت کے لئے لگایا جاتا ہے۔ ھدیہ 500 روپے۔

موذی، خطرناک اور لاعلاج امراض کا علاج: عام مرض ہو یا سخت ولاعلاج، نیا مرض ہو یا مدتوں پرانا، ان شاء اللہ شفا ہوگی۔ گھر کے سب افراد استعمال کریں۔ جو مریض ہیں، وہ شفا پائیں اور جو نہیں، وہ ہر بڑے مرض سے تحفظ پائیں۔ 40 روز کا کورس دیا جاتا ہے۔ ھدیہ فی کورس 2000 روپے۔

حیرت انگیز حافظہ: سات دن کا کورس ہے۔ جتنا حافظہ کمزور ہوگا، اتنا علاج کرنا پڑے گا۔ علماء، طلباء، وکیل، ڈاکٹر اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے بہت مفید ہے۔ مکمل ایک کورس کا ھدیہ 2450 روپے۔

آبِ شفاء: ہر جسمانی بیماری کے لئے مفید۔ لاعلاج اور جان لیوا امراض میں مبتلا مریضوں کے لئے نوید شفاء ہے۔ فی بوتل 50 روپے۔

روحانی پھکی: معدہ کے امراض میں ہر کوئی مبتلا ہے۔ نیز جادو اور جنات کے مریضوں کا معدہ لازمی متاثر ہوتا ہے۔ ان سب کے لئے روحانی پھکی تیار کی گئی ہے۔ قیمت فی ڈبی 30 روپے۔

روحانی عطر: جادو، جنات، شیاطین، نظرِ بد و دیگر زمینی و آسمانی آفات سے حفاظت کے لئے مجرب۔ ھدیہ صرف 150 روپے۔

غصہ کی زیادتی کا روحانی علاج: آج کے ٹینشن زدہ دور میں غصہ کی زیادتی ایک وبا بن گئی ہے۔ علاج سے غصہ اعتدال میں آ جاتا ہے۔ ایک کورس کا ھدیہ 900 روپے ہے۔

ہر قسم کے جادو کا علاج: چالیس روز پر مشتمل اس کورس کو استعمال کرنے سے ہر قسم کا جادو، ٹونہ، بندشیں، رکاوٹیں اللہ ﷻ کے فضل سے ختم ہو جاتی ہیں۔ ایک کورس سے ایک سے زائد افراد بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ھدیہ فی کورس 5500 روپے۔

جناتی مریضوں کا علاج: چالیس روز پر مشتمل کورس کرنے پر اللہ ﷻ کے فضل سے جناتی اثرات سے نجات مل جاتی ہے۔ جسم و دماغ آزاد ہو جاتا ہے۔ ایک گھر میں اگر ایک سے زائد مریض ہوں تو ایک کورس سب کے لئے کافی ہے۔ ھدیہ فی کورس 5000 روپے۔

جادو اور جنات کے باثرات سے گھر کو پاک کریں: چالیس روز پر مشتمل اس کورس کو استعمال کرنے پر اللہ ﷻ کے فضل سے جادو، جنات اور شیاطین کے اثرات سے گھر پاک ہو جاتا ہے۔ گھر صاف ہونے پر گھر والوں کی کئی طرح کی بندشیں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔ بیماریوں سے بھی نجات مل جاتی ہے۔ ھدیہ فی کورس 5000 روپے۔

نوٹ
* ......عاملین حضرات کے لئے خاص رعایت۔
* ......تمام قیمتیں ڈاک خرچ کے علاوہ ہیں۔
* ......ہمارے ہاں جو روحانی (دم شدہ) اشیاء تیار کی جاتی ہیں، وہ سب عاملین حضرات دم کرتے ہیں۔ چند اشیاء پر بزرگ جناتوں سے بھی دم کروایا گیا ہے۔ ہمارا ادارہ دوسروں کی طرح بلند و بانگ دعوے نہیں کرتا کہ بڑے بڑے عاملین اور جنات نے دم کیا ہے جبکہ خلافِ حقیقت مدرسہ کے بچوں کو بلا کر پڑھوا لیتے ہیں اور عوام کو دھوکہ دیتے ہیں۔

رابطہ: روحانی دکان 0322-4773786 , 042-35033371

darulamal.org/ruhanishop, info@darulamal.org

عام اجازت والے حب کے اعمال

شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ لاہور

درج ذیل تمام اعمال صرف شرعاً جائز جگہ کئے جائیں۔

گہری دوستی کے لئے

اگر کوئی کسی کو اس طرح دوست بنانا چاہے کہ اس کے بغیر اسے صبر نہ آئے تو ان آیات کو کھانے پر پڑھ کر دم کرے اور اسے کھلا دے۔ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿سُوْرَةُ النَّمْلِ: ۳۱﴾

لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

﴿سُوْرَةُ الْقَصَصِ: ۱۰﴾

محبت اور اتفاق پیدا کرنے کیلئے

جس شخص کے دل میں اپنی محبت ڈالنی ہو یا جس خاندان میں نااتفاقی ہو تو اتفاق پیدا کرنے کیلئے یہ آیت 11 مرتبہ روزانہ پڑھے۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿الانفال: ۶۳﴾

ترجمہ ''اور الفت ڈال دی ان کے دلوں میں اگر تم سب کچھ خرچ کردیتے جو زمین میں ہے ان کے دلوں میں الفت نہ ڈال سکتے لیکن اللہ نے ان کے درمیان الفت ڈال دی۔ بیشک وہ غالب حکمت والا ہے''۔

محبت میں گرفتار کرنا

جسے محبت میں گرفتار کرنا چاہیں اسے پانی پر سات سو چھیاسی بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر دم کر کے پلائیں۔ ان شاء اللہ اسے شدید محبت ہو جائے گی۔

زوجین میں محبت کے لئے

سورۂ یٰس سات مرتبہ کسی شیرینی یا حلوہ پر دم کر کے کھلائیں۔

محبت کے لئے

اس نقش کو لکھ کر دھو کر پلائیں۔ جس کو پلائیں گے، وہ محبت کرنے لگے گا۔ اگر کسی خاص فرد کے لئے کرنا ہو تو تعویز کے نیچے لکھ دیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

ایک رات میں مطلوب کے دل میں محبت جگانا

آیت الکرسی کو مطلوب کے نام اور اپنے نام کے عدد کے موافق پڑھ کر مطلوب کو تصور میں دم کر دیں۔ ان شاء اللہ اس کے دل میں محبت جاگ جائے گی۔

زوجین میں باہمی محبت کے لئے

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿الروم: ۲۱﴾

۹۹ مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز مثلاً چینی یا مٹھائی وغیرہ پر دم کر کے تا حصول محبت کھاتے پیتے رہیں۔

میاں بیوی میں محبت کیلئے

یَاوَدُوْدُ یَاکَبِیْرُ

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

زوجین میں محبت کے لئے وظیفہ

اگر کوئی یہ چاہے کہ زوجین کے درمیان سلوک واتفاق ہو تو اسے چاہئے

کہ ستر مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اول وآخر سات مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ اس کے بعد ذیل اسم جبروت کو ستر (70) مرتبہ پڑھے۔

يَا وَاصِلُ تَوَصَّلْتَ بِالْوَصْلِ وَ الْوَصْلُ فِيْ وَصْلِ وَصْلِكَ يَا وَاصِلُ

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے چند ایام میں میاں بیوی کے خیالات میں ایک دوسرے سے سلوک ومحبت کی فضا قائم ہوجائے گی اور گھر میں ہر طرح سے سکون وامن رہنے لگے گا۔

زوجین میں محبت کیلئے وظیفہ

اگر بدمزاج شوہر ہو اپنی بیوی سے آئے دن جھگڑتا رہے تو ذیل کا اسم ایک سو انتیس (129) بار پڑھ کر میٹھے پر دم کرے اور شوہر کو کھلائے۔ تین شب لگاتار یہ وظیفہ کریں۔ وہ اسم یہ ہے: يَا لَطِيْفُ

اول وآخر درود ابراہیمی (۱۱-۱۱) بار پڑھیں۔

زوجین میں محبت کا وظیفہ

بدمزاج اور بے وفا شوہر کو مطیع کرنے کے لئے ایک مجرب وظیفہ ہے کہ جمعرات کے دن علی الصبح غسل کرکے پاک صاف کپڑے پہنے اور نماز فجر کے بعد درود ابراہیمی اور قرآن مجید کی جو سورتیں یاد ہوں پڑھ کر تمام مسلمان مرد اور عورتوں کی ارواح کو ایصال ثواب کرے۔ جب آفتاب طلوع ہو جائے تو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر ثواب اولیائے اکرام کی ارواح پاک پر کرے اور ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ معہ تسمیہ پڑھ کر کسی کھانے پینے کی چیز پر دم کرکے شوہر کو کھلائے۔ اول وآخر درود ابراہیمی (۱۱-۱۱) بار پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے فائدہ ہوجائے گا۔ وظیفہ یہ ہے:

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۝

(طٰہٰ:۳۹)

وظیفہ برائے محبت

اگر کسی شخص سے جائز دوستی اور محبت کرنا ہو تو اس آیت کو ۱۰۱ مرتبہ شیرینی پر دم کرکے مطلوب کو کھلائیں۔ بہت محبت ہوگی اور وہ مطیع ہوجائے گا۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝

(الاحزاب:۴۰)

برحمتك يا ارحم الراحمين

شوہر سے محبت کے لئے

شوہر کے ناروا سلوک سے نجات پانے کے لئے عشاء کی نماز کے بعد بیوی پہلے وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ گیارہ مرتبہ درود شریف کے بعد ایک تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم، بسم اللہ الواسع جل جلالہ مصلہ پر بیٹھ کر پڑھے اور دعا کرے۔

محبت کا قرآنی مجرب عمل

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۗ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۗ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ (الانفال:۶۳)

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۗ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (ممتحنہ:۷)

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۗ (بقرہ:۱۶۵)

ان آیات کو باطہارت کاملہ کاغذ پر لکھے، پھر اس کے نیچے طالب اور مطلوب کا نام مع ولدیت لکھ کر طالب کے گلے میں ڈال دیا جائے۔

سات دن میں مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہو

هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۗ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۗ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

(الانفال:۶۲-۶۳)

اس کا باطہارت کاملہ اکیس مرتبہ پڑھ کر مصری یا چینی پر دم کرکے مطلوب کو سات روز تک بلاناغہ کھلایا جائے۔

پیپل کے پتے والا حب کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ . اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

نوچندی پیر یا بدھ کو پیپل کا ایک پتہ لے کر باطہارت کاملہ اس کی سیدھی طرف سورۂ کوثر اور الٹی طرف یہ نقش لکھا جائے اور اس کے نیچے پہلے مطلوب کا نام پھر طالب کا نام مع ولدیت لکھا جائے۔ پھر اس پتہ کو کسی پرانے غیر استعمال کنویں میں ڈال دیا جائے۔

محبت کے لئے

21 یوم تک سورۂ الم نشرح کو 92 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اول وآخر تین تین بار درود شریف۔ ان شاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

زوجین میں ناموافقت

ہر نماز کے بعد اول وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور ایک سو مرتبہ آیت کریمہ پڑھے اور ایک گھونٹ پانی پر دم کر کے پیئے۔ اگر کوئی تیسرا شخص یہی عمل کر کے ایک ایک گھونٹ دونوں میاں بیوی کو پلا دے تو بہت ہی بہتر ہوگا۔

ناراض کو راضی کرنے کے لئے ایک خاص دعا

21 یوم تک اول وآخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ یہ دعا 313 بار ایک وقت مقرر کر کے پڑھیں۔ مطلوب کا تصور رکھیں۔

اللھم اجعل لی نوراً من نورك علی وجھی ومن ضیاء سلطانك أمامي

محبت کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا حُبٌّ عَلٰی حُبِّ الْخَیْرِ لاشدید۔

دس تسبیح بوقت عشاء ایک ہی جگہ بیٹھ کر پڑھے۔ دس یوم تک۔ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار ضرور پڑھے۔

خاوند کے غصہ کو ختم کرنے کا وظیفہ

جس عورت کے خاوند کو بہت غصہ آتا ہو، وہ جب بھی شوہر کو پینے کے لیے پانی دے، تو اس پر ۲۰ مرتبہ "بسم اللہ الرحمن الرحیم" پڑھ کر دم کر کے پلا دے۔ ان شاء اللہ خاوند کا ناجائز غصہ بالکل ختم ہوجائے گا۔

خاوند کی ناراضگی دور ہو

جس عورت کا خاوند اس سے ناراض ہو اور اس پر توجہ نہ کرتا ہو تو ٹھنڈے وقت یعنی صبح کی نماز کے بعد یا عشاء کی نماز کے بعد سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ) پوری سورۃ سو مرتبہ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگا کرے۔ ان شاء اللہ جلد ہی خاوند راضی ہوجائے گا۔

زوجین میں محبت واتفاق کے لیے

وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ۝ وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝

(الفجر: ۱۹-۲۰)

ان آیات کو سات مرتبہ کسی کھانے پر پڑھ کر جس کو کھلایا جائے، ان دونوں میں محبت واتفاق ہوجائے گا۔

روٹھی بیوی اگر چلی جائے تو بلانا

اگر کسی کی بیوی روٹھ کر چلی جائے اور کسی طرح منانے پر واپس گھر نہ آئے تو سورۂ والضحیٰ کو ایک سو تیرہ (۱۱۳) بار، اول وآخر درود شریف گیارہ بار کے ساتھ پڑھیں۔ گیارہ، اکیس یا اکتالیس یوم کریں۔ ان شاء اللہ بیوی واپس آجائے گی۔ یہی عمل شوہر کے لئے بھی کیا جاسکتا ہے۔

نادرروزگار.....عملِ حُب

حکیم صوفی عبدالرؤف نظامی قادری، رینا خورد واٹر گنج

معزز دوستو! وضاحت کرتا چلوں کہ زیرِ نظر عمل میرا ذاتی تیار کردہ نہیں ہے بلکہ ہمارے اسلاف کا تیار کردہ ہے۔ وہ عظیم ہستیاں اس وقت ظاہری طور پر ہمارے درمیاں موجود نہیں ہیں۔ مگر روحانی اعتبار سے اپنی باقیات اعمال روحانی وکتب روحانی کی نسبت سے وہ ہمارے بزرگ ہمہ وقت ہمارے درمیاں موجود ہیں۔ معزز دوستو! وضاحت کرتا چلوں کہ زیرِ نظر عمل کی اجازت وتشریح استاد پیرومرشد قلندرِ دوراں مرحوم ومغفور صوفی نذیر احمد طاہر یوسفی سے حاصل ہے۔ فقیر کے پچھلے پندرہ سال سے یہ عمل زیرِ استعمال ہے۔ حُب وتسخیر عملیاتی دنیا کا ایک اہم اور نازک ترین باب ہے۔ جب دو شخصوں میں پسندیدگی ورجوعیت کی یکساں خواہش پیدا ہوتی ہے۔ دونوں کا وجہ اعتدال ایک ہی منبع سے سیراب ہوتا ہے تو میلانِ طبیعت اتحاد باہمی کے ساتھ ظاہر ہو جاتا ہے۔ یہی محبت کی ابتداء ہوتی ہے۔ پس جب دونوں جذبے بصورت حب وعشق دو مظاہر میں ظاہر ہوں تو قانون اختلاف و قبولیت استعداد وخصوصیات کی رو سے لازم ہے کہ ایک ان میں سے اتم واعلیٰ اور دوسرا انقص وادنیٰ ہوگا۔ چونکہ عاشقیت اس طرف سے ظاہر ہوتی ہے جس طرح خصوصیات قابلیت میں کمی ہوتی ہے اور معشوقیت اس طرح سے ظاہر ہوتی ہے جس میں صفات وخصوصیات بدرجہ کمال ہوں یعنی جس میں قابلیت کم ہوتی ہے وہ عاشق ہو جاتا ہے اور جس میں قابلیت کامل ہوتی ہے، وہ معشوق بن جاتا ہے۔ اور اولاً یہ امر خفیہ رہتا ہے بعدازاں اس کی تشہیر ہو جاتی ہے۔ لہٰذا حکماء روحانی نے اعداد متحابہ کے متعلق یہ کہا ہے کہ جس طرح دو شخصوں کے درمیان کھانے پینے سونگھنے پسند وناپسند وغیرہ میں اتفاق ہو جائے تو وہ دونوں آپس میں خواہش میل وجذب رکھتے ہیں اور اگر وہ اس طریقے پر عمداً مداومت کریں تو ان دونوں کے درمیان ضرور الفت و محبت پیدا ہو جائے گی۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسی جگہ جہاں کوئی قدر مشترک نہ ہو اور ضرورت ہو کہ دونوں کے درمیان جزو محبت پیدا کی جائے، قدر مشترک کے طور پر اعداد متحابہ سے کام لیتے ہیں۔ اساتذہ کرام نے برس ہا برس کی تحقیق وتجربہ کو مختلف انداز میں ہم تک پہنچایا ہے۔ اس حسابی نظام کو سمجھنے کے لئے ذہن اور انتھک محنت کی ضرورت ہے۔ آگے بڑھنے سے پہلے اور اصل مضمون سے قبل حوالہ جات ملاحظہ ہوں۔

1. فخر العالمین علامہ عصر واقف اسرارِ خفی وجلی اعلیٰ حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمہ اللہ کی کتاب ''سرّ الجلیل''، جس کا اردو ترجمہ ''سرّ الجلیل'' از جناب حضرت مولانا سید عبدالصمد رضوی حنفی نقشبندی دہلوی نے کیا ہے۔
2. استاد العالمین والکاملین محسن علوم مخفیہ سیدی کاش البرنی کی مشہور زمانہ کتاب عامل کامل حصہ دوئم (صفحہ 90 تا 91) عمل نمبر 255
3. آپ کی دوسری کتاب جزب القلوب صفحہ 46 تا 47 عمل نمبر 21۔

معزز دوستو! وضاحت کرتا چلوں کہ اعداد محابہ اور قانون کشش کو سمجھنے کے لئے تو کتاب ''جذب القلب'' سے رہنمائی حاصل کریں۔

اس عمل مبارک کے چند نام۔

اعدادِ متحابہ کا مربع صدیہ	طلسم اعدادِ متحابہ
عمل حب اعدادِ متحابہ	لوح محبت
حاضری مطلوب طریقہ صمدیہ	لوح اعدادِ متحابہ
مربع نصفی اور عمل حب وغیرہ	

اب اس عمل کی تشریح ایک فرضی مثال سے کروں گا۔ فرض کریں کہ طالب کا نام = رفیق احمد بن گلناز اختر ہے۔ مطلوب کا نام = فہمیدہ پروین بنت بلقیس بیگم ہے۔

رفیق احمد، فہمیدہ پروین کا خاوند ہے اور اس کی بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی ہے اور اس کی واپسی کا طریقہ ناکام ہو چکا ہے تو اب اس کی واپسی کے لئے عمل محبت تیار کیا گیا جو سوفی صد کامیاب رہا اور ایک ہفتہ کے اندر اندر گھر آباد ہو گیا۔

مرحلہ نمبر (۱) سب سے پہلے طالب اور اس کی والدہ کے ناموں کے اعداد حاصل کر کے ان میں بن کے اعداد 52 بھی شامل کئے گئے۔ مجموعہ میں رف د کے اعداد قمری=200+80+4=284 کو جمع کیا گیا۔ حاصل جمع کو 2 سے تقسیم کیا گیا۔ حاصل تقسیم سے 3 نفی کر کے جو اعداد حاصل ہوئے، ان کو بطریق معروف خانہ نمبر 9 تا خانہ نمبر 16 پُر کیا گیا۔ مثلاً:

رفیق احمد = 443=53+390

بن = 52 = 52

گلناز اختر = 1309=1201+108

میزان کل= 1804

2 سے تقسیم کیا گیا= 1804÷2=902

قانون کے 3 نفی کئے گئے 3(-)

باقی بچے =899

899 کو خانہ نمبر 9 سے خانہ نمبر 16 میں بطریق معروف پُر کیا۔ اگر اس تقسیم کے نتیجے میں کسر (1) آتی تو اس کو خانہ نمبر 13 میں ایک کا اضافہ کر کے لکھا جاتا۔

مرحلہ نمبر (۲) اب دوسرے مرحلے میں مطلوب اور اس کی والدہ کے ناموں کے اعداد حاصل کر کے ان میں بنت کے اعداد 452 بھی شامل کئے گئے۔ مجموعہ میں رک (رک =200+20=220) کے اعداد قمری کو جمع کیا گیا۔ حاصل جمع کو 2 سے تقسیم کیا گیا۔ حاصل تقسیم سے قانون کے 4 نفی کر کے جو اعداد حاصل ہوئے، ان کو بطریق معروف خانہ نمبر 1 تا خانہ نمبر 8 میں پُر کیا گیا۔ مثلاً۔

فہمیدہ پروین = 412=268+144

بنت = 452 = 452

بلقیس بیگم = 202 72 = 247

میزان کل = 1138

2 سے تقسیم کیا گیا = 569 = 2 ÷ 1138

قانون کے 4 نفی کئے گئے = 4(-)

باقی بچے = 565

565 کو خانہ نمبر 1 تا خانہ نمبر 8 میں بطریق معروف پُر کیا گیا۔ اگر تقسیم کے نتیجے میں کسر 1 آتی تو اس کو خانہ نمبر 5 میں ایک کا اضافہ کر کے لکھا جاتا۔

مرحلہ نمبر (۳) چال نقش: مربع آتشی

8	11	14	1
(13)	2	7	12
3	16	9	6
10	(5)	4	15

نوٹ خانہ نمبر 5 اور خانہ نمبر 13 میں دائرے لگا کر قانون کسر کی تکمیل کی وضاحت کر دی گئی ہے۔

اب اگلے مرحلہ میں ایک مکمل نقش پُر کر کے مزید واضح کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔

مرحلہ نمبر (۴) تکمیل نقش:

۵۷۲	۹۰۱	۹۰۳	۵۶۵
۹۰۳	۵۶۶	۵۷۱	۹۰۲
۵۶۷	۹۰۶	۸۹۹	۵۷۰
۹۰۰	۵۶۹	۵۶۸	۹۰۵

الحب فہمیدہ پروین بنت بلقیس بیگم

علی حب رفیق احمد بن گلناز اختر

یاالٰہی دونوں میاں بیوی کے درمیان محبت ومؤدت والفت شدید پیدا ہو۔

مرحلہ نمبر (۵) پڑتال:

تقسیم سے پہلے طالب مع والدہ اور اعداد متحابہ کے اعداد=1804

تقسیم سے پہلے مطلوب مع والدہ او اعداد متحابہ کے اعداد=1138

میزان کل=2942

اب مکمل نقش کے ہر ضلع کے چاروں چاروں خانوں کے اعداد کو جمع کیا گیا تو میزان مجموعہ =2942 ہے۔ لہٰذا اس نقش میں کوئی غلطی نہیں ہے۔

مرحلہ نمبر(۶) ایسے چار نقش تیار کیے گئے اور اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھا اور درمیان سورۃ یوسف کی آیت پاک **قد شغفھا حبا** کی تلاوت 1501 مرتبہ کی گئی۔ ہر ایک سو پورا ہونے پر چاروں نقوش کو دم کیا گیا۔ بعدۂ عمدہ قسم کے عنبر سے نقوش کو معطر کر کے موم جامہ کر کے طالب کے حوالہ کیا گیا۔

مرحلہ نمبر(۷) طریقۂ استعمال:

طالب رفیق احمد کو پابند گیا کہ چوبیس گھنٹے کے اندر اندر ایک عدد بکرا (دو دانت والا) رنگ اور نسل یا وزن کی قید کے بغیر اپنی جیب کی استطاعت کے مطابق اپنے گھر کی حدود میں ذبح کرائے، پکائے اور بزرگان دین و پیران طریقت کے ایصال ثواب کیلئے ختم شریف دلا کر غرباء و مساکین اور چھوٹے بچوں کو کھلائے۔ چنانچہ طالب نے ایسا ہی کیا۔

پھر ایک نقش طالب رفیق احمد کے دائیں بازو میں باندھا گیا۔ دوسرا گھر کے کمرے کے اندر وزن کے نیچے رکھوایا گیا۔ تیسرا نقش سبز رنگ کے کپڑے میں باندھ کر بیری کے پھلدار درخت میں باندھا گیا۔ چوتھا نقش آٹے کی گولی میں بند کر کے دریا میں پھینک دیا گیا۔

مرحلہ نمبر(۸) نتیجہ: اس عمل کے ٹھیک تیسرے دن بعد فہمیدہ پروین نے دوسو کلومیٹر دور اپنے ماموں کو فون کیا کہ آپ مداخلت کریں اور میری اور میرے میاں کے درمیان صلح کرادیں۔ چنانچہ فہمیدہ پروین اپنے ماموں کے وسیلہ سے اپنے گھر آ گئی۔ اور ایک اجڑا ہوا گھر پھر سے آباد ہو گیا۔

مرحلہ نمبر(۹) اجازت: انسانی بھلائی کی خاطر میری طرف سے ہر مسلمان مرد و زن، بہن بھائیوں کو اس عمل محبت کو استعمال کرنے کی خصوصی اجازت ہے۔ اس عمل کے لئے کسی قسم کی ساعات، نظرات اور جگہ کی کوئی قید نہیں ہے۔ البتہ باوضو، پاکیزہ لباس، پاکیزہ مکان، پاکیزہ مصلہ، عمدہ قسم کی اگربتی، عمدہ قسم کا عطر یا عنبر ضرور استعمال کریں۔ جب بھی ضرورت ہو تیار کریں اور استعمال کریں۔

مرحلہ نمبر(۱۰) خلاصہ۔ حرف آخر

میں نے مقدور بھر کوشش کی ہے کہ عمل ہذا کے سمجھانے میں کوئی کمی نہ رہے۔ تاہم انسانی عقل کی کمزوری کے سبب پھر بھی کوئی کمی رہ گئی ہو تو رابطہ کرنے پر فوراً تشریح یا درستی کردی جائے گی۔

یہ عمل نیک مقاصد اور نیکی واصلاح کی غرض سے شائع کرایا جارہا ہے۔ کوئی بھی صاحب غلط مقاصد کے لئے استعمال نہ کرے ورنہ دنیا و آخرت میں لوگوں کو اور خدا کو خود جواب دہ ہوگا۔

آپ حضرات! میاں بیوی، ماں بیٹا، باپ بیٹا، دو بھائیوں، ایک افسر اور ایک ماتحت کیلئے اپنی فہم و فراست کے مطابق الواح ونقوش تیار سکتے ہیں۔

کمالاتِ جفر......عمل تسخیر دنیا

حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب (ملتان)

جناب محترم المقام خالد مقبول صاحب کی طرف سے سابقہ خاص نمبر ارسال کرنے کے ساتھ اگلے خزینہ روحانیات کے خاص نمبر حب وتسخیر کے لئے مضامین ارسال کرنے کا کہا گیا۔ اس سے قبل بھی مجھے کہا گیا تھا لیکن مضامین میں تاخیر ہوگئی۔ اس کی کئی وجوہات ہیں۔ سردست ذکر کرنا معیوب ہے۔ صرف مقصد کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ پہلا عمل خاص جو میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے اور میں اسے کبھی کبھار دہراتا ہوں۔ یہ عمل اس سے قبل بھی گیارہ سال کے دوران ایک دوبار زینت رسائل بن چکا ہے لیکن اس کے مقابلے کا تسخیر کا عمل آج تک میری نظر سے نہیں گزرا۔ روحانی عاملین اور زندگی کے ہر شعبہ سے منسلک افراد جن کا تعلق آمدن آمدِ مخلوق سے ہوتا ہے، ان کے لیے ایک راز ہے۔ میں نے خود زندگی میں سینکڑوں اعمال آزمائے لیکن اس عمل سمیت چند ایک نے اپنے مؤثر اثرات سے متاثر وحیران کیا۔ کمالاتِ جفر کا عنوان اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ اس مضمون میں علم جفر کا شعبہ پارہ ہوگا۔ لیکن اس دفعہ کسی ذہنی ورزش اور لمبے چوڑے اعداد کو جوڑنے کے علاوہ صاف ستھرا عمل پیش کررہا ہوں۔ اعمال سابقہ بزرگوں کی ذاتی بیاضوں، ان کی تحریر کردہ کتب سے ہی اخذ کئے جاتے ہیں۔ لیکن ہر کوئی ان کو تجربہ میں نہیں لاسکتا۔ ان شاء اللہ جلد ہی اسی طرح کا ایک تجربہ عمل ہمزاد کے بارے میں لکھوں گا۔

''قرآن پاک میں دعا کا اعجاز کئی جگہ آیا ہے۔ خدا اپنے بندوں سے مخاطب ہوکر کہتا ہے کہ تم میرا ذکر کرو میں تمہارا ذکر کروں گا''۔ خداوند قدوس کا یہ فرمان پاک بھی سب کو یاد ہے کہ ''کچھ نہیں تمہارے لیے لیکن وہ جس کی تم کوشش کرلو''۔ اسی لیے ہم علاج کے لئے کوشش کرتے ہیں۔ لیکن کئی واقعات آپ نے سنے ہوں گے، دیکھے ہوں گے کہ ہر مقدور بھر علاج کرنے کے باوجود مریض کو فائدہ نہیں ہوا۔ شفا ہوئی تو کسی اللہ کے بندے کی دعا سے ہوئی۔ بہت سے لوگ تعویذ گنڈوں اور جھاڑ پھونک کو نہیں مانتے لیکن ہمارے ملک میں ہی نہیں بلکہ دنیا کے دوسرے ممالک میں بھی بے شمار لوگ ایسے ہیں جو اس قسم کی غیر مادی وسائل سے صحت یاب ہوجاتے ہیں۔ آخر کیوں؟

شاید آپ نے کبھی سوچا ''دعا کیا ہے؟'' ایک دانا کے مطابق دعا نام ہے قلب کی کشادگی کا۔ جس طرح آپ ایک باوفا دوست پر بھروسا کرتے ہوئے حال دل سنادیتے ہیں۔ ہم دعا کے وقت اللہ تعالیٰ سے باتیں کرتے ہیں جیسے ایک بندہ اپنے معبود سے کرتا ہے۔ ہم اسے سب کچھ بتاتے ہیں۔ پھر اسی کی رحمت کے طفیل مدد کے طلب گار ہوتے ہیں۔ ہر دعا قبول بھی نہیں ہوتی کیونکہ ہم قوانین فطرت کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ بیماری سے صحت یابی پانے کے بعد اس مالک بے نیاز کو بھول جاتے ہیں اور اپنی پرانی ڈگر پر چلنا شروع کردیتے ہیں۔ اگر خدا پر آپ کا یقین ہے۔ آپ اس کے وجود کے قائل ہیں اور اسے غفور، رحیم وکریم سمجھتے ہیں تو اپنے معاملات مکمل طور پر اس پر چھوڑ دیں اور نتائج سے بے پرواہ ہوجائیں اور سب کچھ بھلادیں۔ پھر دیکھیں کیسا سکون ملتا ہے۔ دکھ، تکلیف، غم، خوشی...... انسان کے مقدر میں ہیں۔ کسی کو زیادہ، کسی کو کم۔ اصل میں اس دنیا میں آسائشوں کے محل بھی ہیں، مصیبتوں، دکھوں کے جھونپڑے بھی۔ انسان کبھی آرام وسکون کے گیت گاتا ہے اور کبھی گردش ایام کے کوڑے بھی سہتا ہے۔ بلائے ناگہانی، آفتیں، تکالیف اور دکھ اپنی جگہ بجا ہیں لیکن ہمارے رب العالمین غفور الرحیم نے ان اثرات کو دفع کرنے کے لئے اپنے کلام میں ایسے اوصاف پوشیدہ رکھے ہیں کہ مشکل سے مشکل، سخت سے سخت دکھ ودرد اس کلام پاک کے آگے ذرا بھی نہیں ٹھہر سکتا۔ لیکن شرط ہے یقین کامل اور عمل پیہم کی۔

اس خاص نمبر کیلئے ایک آسان اور سریع الاثر عمل ان لوگوں کی خدمت میں پیش کررہا ہوں جن سے دنیا روٹھ گئی ہے۔ اللہ والے تو اس سے خوش ہوتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ دور رہے۔ لیکن ہر انسان تو اس راہ پر نہیں چل سکتا۔ یہ پیٹ کا دوزخ بھی تو بھرنا ہے۔ وہ لوگ جو کاروباری ہیں، حکیم، ڈاکٹر، وکیل، دکاندار غرض ہر شخص اس عمل کو کرسکتا ہے۔ خاص کر ان عاملین

کیلئے نعمتِ غیر مرقبہ ہے۔ جو ہر وقت اس بات کے شاقی رہتے ہیں کہ تسخیر نہیں ہوتی، رجوع خلائق بالکل نہیں ہے اور فتوحات بند ہیں۔ وہ ضرور اس عمل کو کریں۔ پھر دیکھیں کہ فتوحات کے دروازے کیسے کھلتے ہیں۔ عوام کا رجوع اور دولت کیسے آتی ہے۔ اس عمل کے کرنے سے آپ مالی مشکلات سے نکل آئیں گے اور ان شاء اللہ، اللہ کے سوا کسی کے محتاج نہ ہوں گے۔ یہ عمل ایک ہفتہ کا ہے۔ طریقہ یہ ہے:

نوچندی جمعرات کے دن سے یہ عمل شروع کیا جاتا ہے۔ نمازِ عشاء کے بعد سونے سے قبل حوائج ضروریہ سے فارغ ہو کر ایک الگ کمرے میں چلا جائے۔ اس سے قبل (نماز مغرب سے قبل) دودھ چاول کی کھیر پکا کر بچوں میں تقسیم کرے اور خود بھی کھائے۔ اب رات کو عمل سے قبل غسل کریں۔ پھر وضو کر کے پاک اور سفید لباس زیب تن کریں۔ لباس معطر یعنی عطر گلاب، چنبیلی اور عنبر سے خوب معطر ہو۔ عمل کے کمرے میں مسحور کن خوشبو کے لئے عود کا بخور سلگائے یا اچھی قسم کی اگر بتیاں سلگائیں، جس کی خوشبو سے کمرہ مہک اٹھے۔ اب جائے نماز پر بیٹھ کر پہلے اپنا حصار کریں۔ حصار کا طریقہ یہ ہے کہ ایک بار درود شریف ابراہیمی پڑھیں۔ پھر ایک بار سورۃ یٰسین۔ اس کے ایک مرتبہ سورۃ مزمل شریف۔ ایک مرتبہ آیت الکرسی۔ آخر میں ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ اس کے بعد اپنے چاروں طرف حصار کھینچ لیں۔ اس کے بعد دو رکعت نماز برائے تسخیر دنیا کی نیت سے پڑھیں۔ عمل سے قبل ایک ڈیڑھ فٹ لمبا لوہے کا تیر تیار کروائیں۔ جس کی شکل ⚘ جیسی ہوگی۔ حصار کرنے سے قبل جائے نماز کے سامنے بالکل سیدھا زمین میں گاڑھ لیں، پھر عمل شروع کریں۔ اب بعد از نیت ہر رکعت میں پانچ صد بار سورۃ تفویض اور ایک بار درود شریف ابراہیمی پڑھیں۔ یہ عمل سکون اور آرام سے کریں۔ سات دن کے بعد عمل پورا ہونے پر ایک بوڑھی عورت بوسیدہ کپڑوں میں سامنے آئے گی۔ یہ دنیا ہوگی۔ یہ صورت آخری دن نماز کے دوران ہی سامنے آجاتی ہے۔ ضروری ہے کہ اس کی طرف بالکل توجہ نہ کریں۔ دل کو مضبوط رکھیں۔ اور اپنی نماز مکمل کریں۔ کچھ وقت کے بعد وہ عورت کچھ کہے بغیر واپس چلی جائے گی۔ بس عمل ختم ہوا۔ چند ہی دنوں بعد وسائل اللہ تعالیٰ مہیا کر دے گا اور فتوحات کھل جائیں گی۔ جتنی بھی آمدن ہو، اس میں سے غرباء کو کھانا ضرور کھلائیں، اس عمل میں شرط یہ ہے کہ غرباء کو روزانہ ضرور کھلایا کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو خوشیاں اور کامیابیاں دے۔ آمین۔

کمالاتِ جفر.....حُب کا سربستہ راز

حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب (ملتان)

اس سے قبل ایک عمل تسخیر دنیا لکھ چکا ہوں۔ جو اپنی مثال آپ ہے۔ اسی سلسلہ کی دوسری کڑی تسخیر مطلوب کا خاص عمل جو بارہا میرے تجربات پر پورا اترا ہے، پیش کرنے کی سعادت حاصل کررہا ہوں۔ ''خاص نمبرز'' رسالہ کی جان ہوتے ہیں۔ اس لیے اس میں اعمال بھی خصوصی ہی دیئے جاتے ہیں۔ یہ خصوصی نمبر ماہرین کی لائبریری کی زینت بنتے ہیں۔ ہوسکتا کل آنے والی نسل ان سے استفادہ حاصل کرسکے جب میں نہیں ہوں گا اور ذرہ خاک بن چکا ہوں گا۔ میرا نقطہ نظر صرف عملیات جفر کے متعلق ہی ہوتا ہے۔ اسی پر لکھتا ہوں۔ یہی میری منزل ہے اور اسی علم جفر سے روحانیت کے میدان میں میں نے بہت کچھ حاصل کیا ہے۔

عمل حب عنقا ہے عنقا۔ ایک ایسے خیالی پرندے کا نام ہے جو موجود نہیں لیکن ہے بھی اور اس کی تلاش میں سب سرگرداں ہیں۔ حقیقتاً میں اس بات کا قائل ہوں کہ تسخیر، حب اور کیمیاء میں سے کوئی بھی عنقا نہیں، اکسیر ہے اور ضرور ہے۔ اسی طرح تسخیر بھی ضرور ہے۔ یہ ضرور ہے کہ یہ دونوں اتنی آسان نہیں کہ ہر ایرے غیرے کو مل جائیں۔ ان دونوں کے حصول میں انسان نے زندگیاں تمام کردیں۔ اکسیر وحب کے علاوہ جفر بھی ہے۔ لیکن ایک بات ہے جس کے پاس اکسیر ہے، وہ جفار نہیں ہوسکتا اور ہو بھی سکتا ہے لیکن جس کے پاس جفر ہے، اس کے پاس اکسیر اور حب بھی ہیں۔ اس لایعنی گفتگو سے مراد یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں کہانیاں زیادہ پھیلی ہوئی ہیں۔ فلاں بزرگ تھے۔ وہ اڑتے پرندے کو واپس بلا لیتے تھے۔ فلاں کے پاس یہ تھا۔ میرے بزرگوں کے پاس فلاں افلاطونی چیز تھی لیکن بھئی تمہارے پاس کیا ہے؟ یا تمہیں کیا ملا؟ تو جواب نہ ملا۔ میں کہتا ہوں آپ یہ سب حاصل کرسکتے ہیں۔ شرط یہی ہے کہ خلوص دل سے محنت کی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ خوش نصیبی اور بدنصیبی کا عنصر بھی لازم ہے۔ بعض خوش نصیب ایسے ہوتے ہیں کہ مشہور ہے۔

خدا کے دین کا موسیٰ سے پوچھیے احوال
جو آگ لینے کو جائیں پیغمبر کامل جائے

مالک کا فضل وکرم ہو تو غلاموں کو بادشاہ بنادے اور قہر وجلال ہو تو بادشاہ کو فقیر بنادے۔ اس میں تو کسی انسان کو دخل نہیں لیکن نیک نیتی کا پھل ضرور ملتا ہے۔ میں جو عمل حب پیش کررہا ہوں، یہ ایسا عمل ہے کہ ہزار عمل حب ایک طرف اور یہ عمل ایک طرف۔ از روئے علم، جفری عملیات میں یہ عمل آسان اور سریع الاثر ہے۔ اس عمل میں مربع مکرر سے کام لیا جاتا ہے۔ اس عمل کی ترکیب بہت آسان پیرائے میں پیش کروں گا تاکہ آسانی سے سمجھ آسکے۔

سب سے پہلے طالب مع والدہ کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کریں۔ ان اعداد میں 1033 کا اضافہ کریں۔ مجموعہ اعداد میں سے 120 تفریق کریں اور بقایا کو ۴ پر تقسیم کریں۔ مربع کے خانہ اول میں رکھ کر ۴-۴ کے اضافے سے نقش مکمل کریں۔ اگر باقی بچے تو تفصیل یہ ہے: اگر 1 باقی ہو تو خانہ 13 میں مزید ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔ 2 بچیں تو خانہ نمبر 9 میں اور 3 باقی ہو تو خانہ نمبر 5 میں اضافہ کریں۔

اب اسی طرح نام مطلوب مع والدہ کے اعداد حاصل کریں۔ ان میں 1078 کا اضافہ کریں کل مجموعہ سے 120 تفریق کریں اور 4 پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت کو خانہ اول سے خانہ نمبر 16 تک ترتیب سے پر کریں۔ دونوں نقش الگ الگ نہ ہوں گے بلکہ اکٹھے ہوں گے۔ جس کی چال آخر میں دوں گا۔

نوٹ قانونی عملیات کے مطابق جو نقش بغیر کسر کے ہوتا ہے وہ کسر والے نقش کے مقابلہ میں طاقت ور ہوتا ہے۔ اس لئے ہمیشہ نقش بلا کسر ہی پر کریں۔ کسر ختم کرنے کیلئے کسی اسم الٰہی کا اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ ویسے ابجد شمسی سے تیار کردہ نقوش زیادہ سریع التاثیر ہوتے ہیں لیکن اس میں رجعت بھی بہت ہوتی ہے۔ اس لیے بچنا چاہیے۔

چالیس ہاتھ کے اندر اندر ایک کنواں کے پاس دوسرا کنواں نہ کھودا جائے

مثلاً۔طالب معہ والدہ......بشیر احمد بن فضلاں

1۔اعداد: =۱۵۲۶+۱۰۳۳=۱۵۵۹+۵۱۲+۵۳+۸۸۰+۸۱

=۱۶۸۸-۱۲۰=۱۵۶۸۱۲۹

۱۵۶۸÷۴=۳۹۲

2۔مطلوب معہ والدہ......قراۃ العین بنت سعیدہ

اعداد۔ =۱۱+۲۰۸۹=۱۰۷۸+۱۰۱۱=۱۹+۷۰+۶۰+۱۶۱+۷۰۱

۲۱۰۰-۱۲۰=۱۹۸۰

۱۹۸۰÷۴=۴۹۵

پہلے میں الگ الگ نقش پُر کروں گا۔پھر دونوں کو اکٹھا کر کے مکرر مربع پُر کروں گا۔ملاحظہ فرمایئے:

نقش طالب

۳۹۲	۴۴۴	۴۳۲	۴۲۰
۴۳۶	۴۱۶	۳۹۶	۴۴۰
۴۱۲	۴۲۴	۴۵۲	۴۰۰
۴۴۸	۴۰۴	۴۰۸	۴۲۸

نقش مطلوب

۴۹۵	۵۴۷	۵۳۵	۵۲۳
۵۳۹	۵۱۹	۴۹۹	۵۴۳
۵۱۵	۵۲۷	۵۵۵	۵۰۳
۵۵۱	۵۰۷	۵۱۱	۵۳۱

ملاحظہ فرمائیں نقش طالب زوج الزوج ہے اور نقش مطلوب فرد الزوج ہے۔

اب نقش مربع پُر کروں گا۔خیال رہے طالب کا نقش مطلوب پر غالب ہوگا۔یعنی اوپر کے خانے طالب کے اعداد اور نیچے مطلوب کے اعداد۔

یہ نقش ماہ ذوجسدین تو چندی جمعرات بعد نماز مغرب (نماز عشاء سے قبل) باوضو رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے، زعفران سے ایک نقش پُر کریں اور تھوڑا سا پاک کپڑا لپیٹ کر چراغ میں خوشبو دار تیل ڈال کر حق جلائیں۔اور خود اس کے سامنے بیٹھ کر یہ فقرہ دہراتے رہیں۔

''یا اللہ جس طرح یہ بتی جل رہی ہے اسی طرح (مطلوب کا نام) فلاں بن فلاں کا دل (طالب کا نام) فلاں بن فلاں کی محبت میں جلا بحق یا ودود یا ودود۔

اس ورد کی کوئی تعداد نہیں تاہم 100 مرتبہ سے کم نہ ہو۔اسی طرح روزانہ 14 دن تک عمل کرنا ہے۔نقش روزانہ لکھا کرو یا اکٹھے 14 نقش لکھ کر رکھ لو۔ان شاء اللہ اس عرصہ کے دوران مطلوب کے دل میں آتش محبت بھڑک اٹھے گی۔مگر عمل 14 دن مکمل کریں۔عمل کے دوران پرہیز جلالی اور جمالی کریں۔جائز مقصد کے لئے آزمائیں۔اگر کسی کی عزت آبرو کو برباد کرنے کی نیت سے کیا تو ان شاء اللہ اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی ذلت اور رسوائی مقدر ہوگی۔اگر شادی کرنی ہو تو اجازت ہے۔

نقش یہ ہے:

حُب کا مختصر لیکن اچھوتا عمل

حکیم سرفراز احمد زاھد صاحب (ملتان)

بعدہٗ درود شریف (اول و آخر۔۱۱۔۱۱) مرتبہ پڑھے اور پانچ سو مرتبہ عزیمت مذکورہ الذیل پڑھے اور یہ عمل چالیس روز پڑھے۔ پرہیز ہر قسم کے گوشت سے کرے۔ پڑھنے کے دوران دیگر کوئی کلام نہ کرے اور مطلوب کا تصور رکھے۔ کیسا ہی سخت متکبر و صاحب جلال مطلوب ہو، زیر ہوگا۔ تائب و نادم ہوگا اور فرمانبردار ہوگا۔ وہ عزیمت یہ ہے:

مِلْ نِیُو مِیکَائِیل مَالِیُو مِیکَائِیل لا الہ اِبْلِیْس لا اللہ بَلِیْس ببرکت کلمہ خاص لا مؤکل فلاں بنت فلاں کو ہمارے پاس بحق محمد رسول اللہ۔

برائے حب و تسخیر

اگر کوئی شخص چاہئے کہ اس کے مطلوب کا جلال وغرور ٹوٹے اور عاجز آوے، مسخر و مہربان ہو کر تابعداری کرے تو اس کو چاہئے کہ سورۂ ہمزہ مکمل نان پر لکھے۔ یعنی جو کا آٹا لاوے اور گوندھ کر نان بناوے اور زعفران سے لکھے۔ پھر تنور میں لگا کر پکاوے اور لال رنگ کی گھوڑی کو کھلائے۔ یہ کام عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ کرے۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔ مجرب ہے۔

برائے حب و تسخیر عطر

اگر کوئی شخص چاہے کہ فلاں شخص میرا تابعدار ہووے تو اس کو یہ عمل عطر کرنا چاہئے۔ عروج ماہ میں شروع کرے۔ دریا کے کنارے افضل ہے ورنہ کسی تالاب یا کنویں کے کنارے پڑھے یا ایک طشت میں پانی بھر کر رکھے اور عزیمت مذکورہ ۳۱۲۵ مرتبہ روز پڑھے۔ اول آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھے۔ چالیس روز کا یہ عمل ہے۔

روزانہ عطر پر دم کرتا رہے۔ چالیسویں روز شیرینی پر دم کرے۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ وقت ضرورت مع چہار کس نام طالب و مطلوب کے پڑھ کر دم کرے اور عطر کپڑوں میں لگاوے۔ وہ شخص فوراً رجوع ہوگا اور تابعداری کرے گا۔

وہ عزیمت یہ ہے:

"یَا اَللّٰہُ۔ یَا کَرِیْمُ۔ یَا عَزِیْزُ۔ یَا رَحِیْمُ"۔

برائے تسخیر زوجین

اگر کسی عورت سے اس کا شوہر یا مرد سے اس کی بیوی ناراض وخفا ہو تو اس نقش کو لکھ کر دیوے۔ ۸ عدد نقش تیار کرے۔ ایک نقش عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے باقی سات نقش کسی میٹھی چیز میں گھول کر پلائیں۔ اسی طرح مرد کرے یعنی ایک نقش اپنے دائیں بازو پر باندھے اور سات نقش بیوی کو

پلائے۔ ان شاء اللہ اللہ مسخر و مہربان ہوگی۔

و	ب	ا	ہ
ا	ہ	و	ب
ہ	ا	ب	و
ب	و	ہ	ا

طالب فلاں بن فلاں مطلوب فلاں ابن فلاں مبتلاء شود و عاشق گردد

برائے تسخیر

طریقہ زکوٰۃ اس نقش عظیم کا یہ ہے کہ چالیس روز تک ۶۰ عدد نقش روز لکھ کر ندی یا نہر میں بہا دے۔ روز بھی بہا سکتے ہیں اور کئی روز کے اکٹھا کر کے ہفتہ دو ہفتہ کے ایک ساتھ بھی بہا سکتے ہیں۔ لکھتے وقت شیرینی منھ میں رکھنا چاہئے۔ دوران زکوٰۃ پرہیز جمالی کرنا ضروری ہے۔ تسخیر و محبت التفات وشفقت کے علاوہ کسی بھی حاکم و امیر و دوست کے بلانے کیلئے اکسیر ہے۔ موم جامہ کر کے دھونی دے کر ۲ پتھروں کے بیچ میں دبا کر رکھنا ہے۔ مقصد مطلب براری کے بعد تعویذ کو پتھر کے نیچے سے نکال کر الٹا کر کے دبا دو۔ جس دوست کو بلایا تھا، وہ چلا جائے گا۔

۷۸۶

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱ یابدوح نام ہر چہار کس	۳

برائے تسخیر

کلمات ذیل تسخیر خلائق و مراء و حکام و مرد و زن و عوام الناس کیلئے اکسیر و مجرب پایا۔ روزانہ ۵۰۵ مرتبہ ورد جاری رکھیں اور بوقت ضرورت گیارہ مرتبہ پڑھ کر مطلوبہ شخص پر دم کریں یا کسی شے پر دم کر کے کھلائیں یا پلائیں، ان شاء اللہ تعالیٰ مسخر و مہربان ہوگا۔ اگر کھلانے پلانے کا موقعہ نہ ہو تو مطلوبہ شخص کے نام کے اعداد کے مطابق تین روز بعد نماز عشاء پڑھیں، ان شاء اللہ مسخر و مہربان ہوگا۔ اگر نام بھی معلوم نہ ہو تو ۵۰۵ مرتبہ روز پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم یَاعَزِیْزُ عَزِّزْنِیْ فِیْ قُلُوْبِ النَّاس۔

سخت دل مطلوب کو مسخر کرنا

عروج ماہ میں گیارہ دانہ سیاہ مرچ لے کر اتوار و پیر کے روز آدھی رات میں دو رکعت نماز نفل بنیت ہدیہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ادا کریں یعنی اول رکعت میں قل یا ایھا الکفرون ۱۱ مرتبہ، دوسری رکعت میں قل ھو اللہ شریف ۱۱ مرتبہ پڑھیں۔ بعد فراغت نفل ہر سیاہ مرچ پر ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ پہلے ہی اتوار و پیر کے عمل سے کامیابی ہوگی۔ ورنہ دوسرے ہفتہ اتوار و پیر کو مذکورہ قاعدہ سے عمل کریں۔ ان شاء اللہ کتنا ہی سخت دل مطلوب ہو، مطیع و فرمانبردار و مہربان و مسخر ہوگا۔ مجرب ہے۔

پتھر دل مطلوب کو غلام بنانا

اس آیت شریفہ کو عروج ماہ بروز یکشنبہ بوقت صبح شروع کریں۔ ایک سو اکتالیس (۱۴۱) مرتبہ روزانہ اکیس روز تک پڑھیں۔ زکوٰۃ پوری ہوگی۔ بعدہ مطلوب کے ہاتھوں و پیروں کے ناخن حاصل کریں اور اکیس بار ہاتھوں کے ناخنوں پر پڑھ کر دم کر کے مطلوب کے چولہے میں دفن کریں۔ اور تین روز پیروں کے ناخنوں پر اکیس مرتبہ روز پڑھیں۔ پھر چولہے میں گاڑیں۔ ان شاء اللہ پتھر دل مطلوب بھی طالب کا غلام ہوگا۔ مجرب ہے۔ وہ آیت یہ ہے:

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ بِحَقِّ یَابُدُّوْحُ

کاش البرنی مرحوم

برائے تسخیر خلائق وفوائد کثیرہ

ساعت زہرہ میں جب کہ قمر و آفتاب میں نظر سعد ہو۔ لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے رفیق القدر ہو اور چشم خلائق میں صاحب عزم و ہمت در اور ہیبت

والا نظر آئے۔ عزیز ومحترم ہو۔ منافع اس اسم کے بہت ہیں تمام شرائط سے پُر کریں اور تعداد کے مطابق روزانہ ورد کریں اثرات اس کے خود ملاحظہ سے گزریں گے۔ وفق ۱۴۱ ۵۔

م ۴۰	ت ۴۰۰	ع ۷۰	ا ۱	ل ۳۰
ا ۱	ل ۳۰	م ۴۰	ت ۴۰۰	ع ۷۰
ت ۴۰۰	ع ۷۰	ا ۱	ل ۳۰	م ۴۰
ل ۳۰	م ۴۰	ت ۴۰۰	ع ۷۰	ا ۱
ع ۷۰	ا ۱	ل ۳۰	م ۴۰	ت ۴۰۰

صوفی محمد شفیع میواتی رحمہ اللہ

تسخیر کا وظیفہ

امیر کبیر سب تابعدار رہیں گے۔ سب حکام اس کی تعظیم وتکریم کریں گے۔ کوئی شخص اس کی مرضی کے خلاف نہ کرے گا۔ ہر قسم کی عزت اور سب مخلوق مہربان ہوجائے گی۔ صبح وشام کم از کم تین دفعہ پڑھے اور تین ہی دفعہ اول وآخر درود شریف پڑھے۔ وہ آیات یہ ہیں:

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ۭ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ:۶۹﴾

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ﴿سُوْرَۃُ طٰهٰ:۳۹﴾

يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ﴿سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ:۱۶۵﴾

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ ﴿سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ:۱۳۴﴾

فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۡ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ۭ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿سُوْرَۃُ يُوْسُفَ:۳۱﴾

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿سُوْرَۃُ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ:۱۱۱﴾

لا الہ الا اللہ اور درود شریف سو سو بار پڑھتا رہے۔

سب آیات کے نیچے یہ لکھ کر ہر وقت اپنے پاس رکھیں۔ تمام چرند، پرند درند اور سب مخلوق خدا مسخر ہوگی اور تمام حاکم مہربان ہوں گے۔

یاعشا العظمۃ اللہ یا سلطان یا اللہ یا معصھا بالباسایا

صوفی حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ

تسخیر خلق

جب تمہیں تمام مخلوق میں قبولیت عامہ حاصل کرنا ہو۔ تب قمر کا منزل بطین جانے کا انتظار کریں اور اس وقت چاندی کی انگوٹھی تیار کرکے یاقوت کا نگینہ ان میں جڑوالیں اور حرف ب کو مع اسم بدُّوح کے اس پر نقش کریں اور پہن لیں۔ قبولیت عام ہوگی۔ اور تسخیر خلق کا کام دے گی۔

محبت اور تسخیر کے لیے

اگر کوئی شخص اپنے بائیں ہاتھ کے ناخن پر ج لکھے اور کسی بادشاہ یا حاکم کے پاس جائے تو وہ اس کی حاجت پوری کرے اور کوئی برائی اس سے نہ پہنچے۔ اگر اس کے مرکب حرفی کے اعداد کو مثلث میں پُر کرکے اس کے گرد ہر طرف سات ج لکھے اور انگوٹھی میں اس کو رکھوائے تو جو شخص اس کو دیکھے محبت کرے۔

علامہ ارشد حسن ثاقب مدظلہٗ

خلقت میں مقبولیت حاصل کرنے کیلئے

جو شخص مخلوق خدا کے درمیان مقبولیت حاصل کرنے کا خواہشمند ہو اور یہ چاہتا ہو کہ وہ جس مجلس میں جائے وہاں اس کا احترام ہو یا اس کو اپنے خاص فن یا پیشے میں شہرت اور ہر دل عزیزی حاصل ہو، اسے چاہئے کہ ذیل کا عمل روزانہ صبح وشام صرف تین بار کر لیا کرے۔ حکیم، ڈاکٹر، عامل، وکیل وغیرہ کے لئے یہ نادر تحفہ سے کم نہیں اعمل یہ ہے۔ (۱) درود شریف تین بار (۲) فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم تین بار (۳) لیس کمثلہ شئی و ھو السمیع العلیم پانچ بار (۴) درود شریف تین بار۔

کسی کو اپنی طرف راغب کرنے کے اعمال

محمد علیم صاحب

اپنی طرف رجوع کرانا

صرف ایک دفعہ بروز جمعہ تین ہزار ایک سو پچیس ۳۱۲۵ مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھیں۔ اول وآخر درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھیں۔ بس زکوٰۃ ادا ہوگئی۔ اس کے بعد ہر نماز کے بعد صرف اکیس ۲۱ مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھیں اور مطلوبہ شخص تصور میں لاکر دم کرلیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ شخص مائل ہوگا۔

محبوب کے دیدار کے لئے

جس کسی کا محبوب ناراض ہو اور اپنا دیدار نہ کرواتا ہو۔ تو اس کے دیدار کے لئے یہ عمل زود اثر ہے۔ اول وآخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص ایک ہی سانس میں پڑھے۔ پڑھتے ہوئے محبوب کا تصور رکھے۔ پھر کمال دیکھئے۔ درود پاک یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ۔

دوستی کرنے کے لئے

جمعہ کے دن نماز جمعہ کے بعد اول وآخر درود ابراہیمی سات بار اور ان اسماء مبارکہ کو تین سو تیرہ بار مطلوب کا تصور کر کے سات جمعوں تک پڑھیں۔

"یَا اَللّٰهُ یَا جَامِعُ"

جس شخص کے دل میں اپنی جائز محبت ڈالنی ہو تو یہ آیت مبارکہ 101 مرتبہ روزانہ پڑھیں، اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں۔ اکیس دن تک نماز فجر کے بعد یہ وظیفہ کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نفرت محبت میں بدل جائے گی۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۚ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۚ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿الانفال:۶۳﴾

دوست بنانا اور مسخر کرنا

شیخ بہائی اور شیخ بہاؤالدین العربی کا کہنا ہے کہ جس کسی کو آپ چاہیں کہ دوست بنالیں تو دو رکعت نماز پڑھیں۔ پہلی رکعت میں حمد کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد درج ذیل آیت پڑھیں۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۚ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۚ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَة:۷﴾

ناراض کو راضی کرنے اور دشمنوں کے مکر سے بچنے کے لئے

شب جمعہ کو آدھی رات کے وقت حزب البحر پڑھنا شروع کریں۔ جب مقام حسبی اللہ پر پہنچے تو پوری آیت

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿سُوْرَةُ التَّوْبَة:۱۲۹﴾

کو تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھے۔ پھر اس کے بعد پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ يَا رَبِّيْ حَسْبِيْ عَلٰى فلاں بن فلاں یا فلاں بنت فلاں وَاعْطِفْ قَلْبَهٗ يَا قَلْبَهَا عَلَيَّ وَذَلِّلْهُ يَا ذَلِّلْهَا لِيْ

تو بے شک اللہ تعالیٰ اس کے دل کو اس پر مہربان کر دیتا ہے اور ایسا مطیع ہوگا کہ ساری عمر خادم بن کر رہے گا اور مناسب یہ ہے کہ جب شب کو پلنگ پر سونے کے لئے بیٹھے تو سات مرتبہ

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿سُوْرَةُ التَّوْبَة:۱۲۹﴾

پڑھے تو خدا تعالیٰ اس آیت کی برکت سے مدد کرے گا اور عامل کے جو ارادے ہوں گے، اللہ تعالیٰ پورا کرے گا۔

محبوب کو متوجہ کرنے کے لئے

تین رات یا سات رات اس آیت کو 82 مرتبہ پڑھیں۔ پڑھتے وقت مطلوب کا کامل تصور رکھیں۔ اول وآخر سات سات بار درود شریف۔ آیت یہ ہے:

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿یٰسٓ:۷۲﴾

پھول سنگھا کر مسخر کرنے کے لئے

صبح کی نماز کے بعد چند خوشبودار پھولوں پر سورۂ قریش اکیس بار پڑھ کر دم کریں۔ جس کو سنگھائیں گے، وہ مسخر ہوگا۔

کسی کو اپنی طرف راغب کرنے کا عمل

آدھی رات کو وضو کر کے چھ رکعات پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد حسبنا اللہ نعم الوکیل چار سو پچاس دفعہ پڑھیں۔ پھر سلام پھیر کر بیٹھیں اور نو سو پچاس مرتبہ یہی آیت پڑھیں۔ تصور کریں کہ محبوب آرہا ہے۔ اس سے فارغ ہونے کے بعد یہ آیتیں سات دفعہ پڑھیں۔

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۚ

(بقرہ:۱۶۵)

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۚ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ (انفال:۶۳)

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۝

(طٰہٰ:۳۹)

پھر حسبنا اللہ نعم الوکیل چار سو پچاس مرتبہ پڑھیں۔ تین دن عمل کریں۔ جائز محبت والفت کیلئے یہ وظیفہ اپنی مثال آپ ہے۔

کشش اور محبت پیدا کرنے کیلئے

اگر کسی کا کوئی دوست بہت اچھا ہو اور اس کے ساتھ رہنے میں افادیت نظر آتی ہو اور وہ توجہ نہ دیتا ہو تو اس صورت میں چاہئے کہ سورۂ یٰسین کو عشاء کی نماز کے بعد سات مبینوں کے ساتھ ایک مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد سلام قولا من رب رحیم کی دو تسبیح کرے یعنی دو سو دفعہ پڑھے۔ دوران پڑھائی اس بات کا خیال رکھے کہ جب لفظ مبین پر آئے تو اس دوست کا مکمل تصور اپنے ذہن میں لائے اور اکتالیس مرتبہ مبین مبین کہے۔ اس طرح ہر مبین کو اکتالیس مرتبہ دہرانے کا عمل ہر پڑھائی کے دوران کرے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے دوست کا دل پڑھنے والے کی طرف راغب ہوجائے گا اور آپ کی محبت والفت میں اضافہ ہوجائے گا۔ اس عمل کو اکتالیس یوم تک کرے۔

معشوق کی ملاقات میسر ہو

یہ وظیفہ حب کے لئے مجرب ہے۔ اگر کوئی شخص کسی پر عاشق ہو اور ملاقات میسر نہ ہوتی ہو تو اسے چاہئے کہ اسم اعظم کو وقت فجر اور وقت شام جمعرات کے روز بعد نماز عشاء ۱۰۱ مرتبہ، اول وآخر درود شریف پڑھے اور مطلوب کا دل میں ایسا خیال کرے گویا سامنے کھڑا ہے اور اپنی آنکھوں کو بند رکھے۔ اور جب عمل ختم ہو تو خیال میں مطلوب کی طرف دم کرے۔ ایک ہفتہ کے عرصہ میں معشوق اس کی طرف رجوع کرے گا۔

مناسب ہے حرام ہرگز نہ کرے۔ اگر سوالاکھ مرتبہ پڑھ کر زکوٰۃ دے دے تو اس اسم کا عامل ہوجائے گا۔ پھر جب کبھی کسی کے لئے بعد زکوٰۃ کے تین روز مذکورہ بالا طریقہ سے پڑھے گا تو وہ مطیع ہوجائے گا۔ از حد مجرب ہے وہ اسم مبارک یہ ہے: يَا حَلِيْمُ

معشوق تڑپ کر حاضر ہو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۔ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۔ اِنَّ شَانِئَكَ فلاں کا دل فلاں کے بغیر هُوَ الْاَبْتَرُ اَبْتَرُ اَبْتَرُ

21 سیاہ مرچ لے کر ہر مرچ پر ایک ایک بار پڑھ کر آگ میں جلائیں۔ راکھ کو اس پانی میں ملا دیں، جس سے مطلوب پانی پیتا ہو۔ اگر ممکن نہ ہو تو نہر میں ڈال دیں۔ عروج ماہ کو نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ سات، گیارہ یا اکیس یوم کریں۔ مطلوب حاضر ہوگا۔ علیحدہ نشست گاہ پر پڑھیں۔ تصور مطلوب کا کریں۔ باپرہیز اور باطہارت کریں۔

درج بالا جتنے بھی اعمال ہیں، صرف جائز جگہ کرنے کی اجازت ہے۔ کسی کو مجبور کر کے اپنے پاس بلانا صرف اسی وقت جائز ہوسکتا ہے جب کہ کسی معتبر مفتی صاحب اس کی اجازت دیں۔ محض دل لگی، اپنے غصہ کو ٹھنڈا کرنا، دوسرے کو نیچا دکھانا......ایسی نیت سے عمل کرنا سخت گناہ ہے۔

تسخیر کے خاص خاص اعمال

خالد مقبول حفظہ اللہ

یہاں ان خاص اعمال کا ذکر کیا جا رہا ہے، جو تجربہ شدہ اور عاملین کے خاص اعمال میں شمار ہوتے ہیں۔ ان کو عموماً عاملین صرف اپنے قریبی شاگردوں کو ہی بتاتے ہیں۔ میں نے چونکہ اس مخفی علم کو عام کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے، اس لئے یہ اعمال قارئین کی نظر کر رہا ہوں۔ ان اعمال کی عام اجازت نہیں ہے۔ اپنے پیر و مرشد یا عملیاتی استاد سے اجازت لے کر کریں۔ ہماری ''روحانی درسگاہ'' سے بھی اجازت لی جا سکتی ہے۔

درود تسخیر

درود تسخیر ایک ایسا درود پاک ہے، جس کے فضائل و برکت کا اندازہ صرف وہی لوگ کر سکتے ہیں جو اس کے عامل ہیں۔ اس کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ اکل حلال اختیار کرے اور روزہ رکھے۔ سب سے پہلے کسی غریب کو کھانا کھلائے۔ اس کے بعد جمعرات کا دن گزار کر جمعہ کی شب کو بعد نماز عشاء پہلے دو رکعت نماز نفل بہ نیت تسخیر ادا کرے۔ اس کے بعد دو سو اکہتر (۲۷۱) بار اس درود تسخیر کو پڑھے۔ پھر وہ نفل ادا کرے اور اس کا ثواب جمیع انبیاء و سید الانبیاء علیھم السلام وجمیع الاولیاء کرام کی ارواح کو بخشیں۔ اسی طرح ہر چہار شب یعنی شب دوشنبہ تک عمل کریں۔ اس کے بعد سترہ بار اس درود پاک کا روزانہ ورد رکھیں۔ ہر روز عطر اور شکر پر دم بھی کیا کریں اور بوقت ضرورت اس عطر یا شکر کو استعمال میں لائیں۔

آپس میں نفرت کو ختم کرنے اور محبت اور الفت پیدا کرنے کے لئے، دونوں فریقوں کو سترہ یا نو بار یہ درود پاک پڑھوا کر بھی کھانے کو دیں یا لگائیں، محبت پیدا ہو جائے گی اور رنجش دور ہو جائے گی۔ اور یہ ممکن نہ ہو تو کسی کھانے کی شے یا پانی پر دم کر کے پلائیں۔ نہایت نافع ہے۔ سخت سے سخت دشمنی کو بھی ختم کر دیتا ہے۔ درود تسخیر حسب ذیل ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ وَ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ وَ اَسْئَلُکَ بِالصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَ السَّخَاوَۃِ وَ مَعْدِنِ الْاَخْلَاقِ وَ الْمُرُوَّۃِ وَ مَعْدِنِ الْاَلْطَافِ وَ الْمَوَدَّۃِ وَ مَعْدِنِ التَّسْخِیْرِ وَ الْمَحَبَّتِ وَ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَ الْمَحْبُوْبِیْنَ وَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی اَجْمَعِیْنَ

ہر روز جتنی تعداد پڑھے، آخر میں یہ دعا ضرور ملا کر پڑھے

یَا مُؤَلِّفُ تَاَلَّفْتَ بِالْاُلْفَۃِ وَ الْاُلْفَۃُ فِی اَلْفَۃِ اَلْفَتِکَ یَا مُؤَلِّفُ. اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ الْمُؤْمِنِیْنَ کَمَا سَخَّرْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ. اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ فِیْ عَیْنِیْ تَسْخِیْرًا وَ سَخِّرْ فِیْ لِسَانِیْ تَسْخِیْرًا وَ جْھِیْ تَسْخِیْرًا وَ سَخِّرْ فِیْ نَفْسِیْ تَسْخِیْرًا کَثِیْرًا دَائِمًا یَا مُسَخِّرُ تَسَخَّرْتَ بِالتَّسْخِیْرِ فِیْ تَسْخِیْرِ تَسْخِیْرِکَ یَا مُسَخِّرُ

تسخیر خلائق کا خاص عمل.....خلق خدا جوق در جوق آئے

دعائے حزب البحر پڑھیں اور جب مقام ''وانصرنا'' پر پہنچیں تو ستر (۷۰) مرتبہ یہ دعا پڑھے

مُسَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَ اُحْضِرُوْلِیْ مِنْ کُلِّ اَوْلَادِ اٰدَمَ وَ بَنَاتِ حَوَّا وَ جَلْبِ الرِّزْقِ لِلْمُسَخَّرَاتِ لِیْ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ

اور یہ تصور کرے کہ کل مخلوقات امیر و غریب جوق در جوق میرے پاس بمع مال کے حاضر ہوتے ہیں۔ اس کے بعد پھر حزب تمام کرے۔ اسی طرح روزانہ سات مرتبہ پڑھا کرے۔ پس چند روز کے اندر تسخیر خلائق اس قدر ہو گی کہ عامل تنگ آ جائے گا لیکن گھبرائیں نہیں، ہمت بلند کر کے سب کی خدمت حسب منشا کرتا رہے۔ پس مخلوق خدا کو اس عامل سے کمال فیض پہنچے گا اور عامل کو مخلوق سے فیض پہنچے گا اور مشرق سے مغرب تک عامل مشہور ہو جائے گا۔

عزت ووجاہت وتسخیر عالم کے لئے

جو کوئی دین و دنیا میں عزت و وجاہت اور تسخیر عالم کا خواہش مند ہو تو ایسا شخص غروب آفتاب کے وقت غسل کرے اور بعد از نماز مغرب اس طرح

عمل شروع کرے۔ اپنے پاس خوشبو لگائے اور اول وآخر درود پاک ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ اور درمیان میں اسم حسنہ یَا بَارِئُ کا گیارہ ہزار بار ورد کرے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے عمل سے مخلوقِ عالم تسخیر ہو گی اور اس کے ہر حکم کو بجالائے گی اور اس کی عزت ووجاہت میں بے حد اضافہ ہوگا۔ حاکم وقت اگر یہ عمل کرے تو بہت ہی نامور ہو جائے۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظَمَۃِ ذَاتِكَ

تسخیر کا خاص عمل

سات دنوں تک 25 مرتبہ صبح اور شام کی نماز کے بعد پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم سخرلی فلان ابن فلان الحمدللہ رب العالمین یا رقیب سخرلی قلبہ الرحمان الرحیم یا ودود سخرلی فلان ابن فلان مالك یوم الدین یا رقیب سخرلی قلبہ ایاك نعبد و ایاك نستعین یا ودود سخرلی فلان بن فلان اھدنا الصراط المستقیم یا رقیب سخرلی فلان بن فلان صراط الذین انعمت علیھم یا ودود سخرلی فلان بن فلان غیرالمغضوب علیھم یا رقیب سخرلی فلان بن فلان و لا الضالین یا ودود سخرلی فلان بن فلان

دنیا کے افراد کی تسخیر

اس آیت کو کسی ساعت میں مربع تعویز میں لکھیں اور پہنیں۔ دنیا کے افراد کی تسخیر ہوگی اور لوگوں کے قلوب میں حاملِ تعویز کے لئے کشش ہوگی۔ اور تعویز کے چاروں طرف یہ لکھیں "اِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ"

اَلَّذِیْ سَخَّرَ لَکُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِیَ الْفُلْكُ فِیْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ ۞ وَسَخَّرَ لَکُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مِّنْهُ ۚ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ ۞ (الجاثیہ: ۱۲-۱۳)

خاص فرد کو مسخر کرنا اور دوستی کرنا

چالیس یوم تک روزانہ 1333 مرتبہ یا 666 مرتبہ پڑھیں۔ اگر یہ بھی نہ پڑھ سکیں تو 66 مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ بار درود شریف۔ جس کے لئے پڑھیں گے، وہ مسخر ہو جائے گا۔

یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ

قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ

محبوب کو مسخر کرنے کا خاص طلسم

اس طلسم کو محبوب کا تصور رکھ کر جلائیں۔ اور اس طرح تین یا سات یوم کریں۔ پھر محبوب کے سامنے جائیں، مسخر ہوگا۔

ع ع ع ع ع ع ع دہ دہ دہ دہ لا لا لا لا لا لا لا لا لا لا عحح
عحح عحح عحح عحح عحح عحح عحح عحح عحح عحح
المسخر فلاں بن فلاں فی حق فلاں بن فلاں

خلائق میں عزیز ہونے کا خاص عمل

یَامَنْ ھُوَ الْعَزِیْزُ الْمَنِیْعُ الْغَالِبُ

ان کلمات کو 25 روز 3200 مرتبہ روزانہ ترکِ حیوانات سے پڑھیں۔ تکمیل پر ہر دل عزیز ہوں گے اور خلائق کا رجوع رہے گا۔

خاص فرد کو مسخر کرنا

یَارَحْمٰنُ کُلُّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَهٗ

تین روز تک ان کلمات کو مطلوب کا تصور کر کے 500 مرتبہ پڑھیں۔ چوتھے روز غسل کر کے خوشبو لگا کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر ان کلمات کو لکھ کر مطلوب کے سامنے جائیں اور جا کر دایاں ہاتھ اپنے دل کے مقام پر تھوڑی دیر رکھیں۔ ان شاء اللہ اس کے دل میں خود کشش پیدا ہو جائے گی

اور مسخر ہوگا۔

لوگوں کی نظر میں پرکشش بننے کیلئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس میں سیرت اور کردار کی کشش پیدا ہو، لوگ اس کے گرویدہ ہوں اور مخلوق خدا میں اچھے نام سے اس کی شہرت ہو جائے تو اسے چاہئے کہ نماز فجر کے بعد سورۂ شمس کو اکتالیس بار پڑھے اور پڑھائی کے بعد ایک سو ایک مرتبہ حسب ذیل اسم کا ورد کرے:

يَا جَمِيْلُ تَجَمَّلْتَ بِالْجَمَالِ وَ الْجَمَالُ فِيْ جَمَالِ جَمَالِكَ يَا جَمِيْلُ

نمازِ مغرب کے بعد بھی مندرجہ بالا طریقے سے ورد کرے اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے دُعا بہت جلد قبول ہوجائے گی۔ اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت ڈال دے گا اور وہ چشم خلائق میں معزز ومحترم ہوجائے گا۔ ہر کوئی اس کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آئے گا۔ جہاں بھی جائے گا لوگ اس کی عزت کریں گے۔

تسخیر خلائق کیلئے وظیفہ

دنیا کو اپنی طرف مائل کرنے کے لئے حسب ذیل وظیفہ بڑا ہی مجرب اور موثر ہے۔ لہٰذا جو شخص یہ چاہتا ہے کہ لوگوں کے دلوں میں اس کی قدر و منزلت پیدا ہوجائے اور لوگ اس سے اچھا سلوک کریں تو اسے چاہئے کہ مغرب کی نماز کے بعد سورۂ قدر کو اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل دُعا کو اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھیں اور اس وظیفہ کو چالیس یوم تک کریں۔ لوگ گرویدہ ہوجائیں گے وہ شخص جہاں بھی جائے گا لوگ اس کی بے پناہ عزت کریں گے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِنُصْرَةِ الضُّعَفَآءِ وَ الْخَلْقِ الْعَجْزِ وَ عَنْ ذٰلِكَ. اَللّٰهُمَّ لِسَانَ اَعْدَآءِ وَلَا تُشْمِتْ بِهِ الْاَعْدَآءِ وَ ظَفِّرْلِیْ عَلٰی جَمِيْعِ الْاَعْدَآءِ قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ وَ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

محبوب ہونے کا عمل

ہر شب جمعہ کو اس آیت کو چار سو نوے (۴۹۰) اور باقی دنوں میں صرف انچاس (۴۹) بار ورد میں رکھے۔ چالیس (۴۰) دن کے بعد اختیار ہے انچاس (۴۹) بار ورد میں رکھے یا تیرہ (۱۳) بار۔ اگر یہ نقش کندہ کرا کے رکھ لیں تو بہتر ہے اور یہ نقش جب تک پاس رہی گا، ہر ایک فرد خلوص اور محبت سے پیش آئے گا۔ ہر شخص تعریف کرتا ہوا جائے گا۔ اس نقش کا پانی اگر دشمن کو پلا یا جائے تو اس کے دل میں بھی عقیدت ومحبت پیدا ہو۔ آیت یہ ہے:

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿۵۶﴾ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿۵۷﴾ (مریم:۵۶-۵۷)

نقش یہ ہے: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ (دائیں جانب) — اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا (بائیں جانب)

۶۹۳	۶۹۷	۷۰۰	۶۸۶
۶۹۹	۶۸۷	۶۹۲	۶۹۸
۶۸۸	۷۰۲	۶۹۵	۶۹۱
۶۹۶	۶۹۰	۶۸۹	۷۰۱

وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا

لوگوں میں معزز ہونے کی خاص دعا

21 دن تک ہر نماز کے بعد سات مرتبہ یہ عمل کریں۔

اللهم صل على سيدنا محمد وعلى اله وصحبه عدد كل شيئ يا من بيده ملكوة كل شيئ. اللهم أنصرني بنصرك. اللهم أعزني بعزتك. اللهم يا رب أجلب (لی) قلوب الرجال والنساء كلهم بقدرتك يا سميع يا عليم يا ودوديا هادي يا جامع إجمع (لی) قلوب العباد ونورني بل العز في هذا البلد بحرمة بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

عام اجازت والے تسخیر کے اعمال

شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ، لاہور

جائز بات منوانا

کوئی بندہ جائز بات نہ مانے تو سات دفعہ یہ آیت پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک مار کر چہرے پر مل لیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿آل عمران: ۱۵۴﴾

کسی کو مہربان کرنے کے لیے

يَا شَفِيْقُ يَا رَفِيْقُ نَجِّنِيْ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ

کسی کو اپنے اوپر مہربان کرنے کے لئے بعد از نماز فجر ان کلمات کو ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ جس کے لئے بھی یہ وظیفہ کریں گے، ان شاء اللہ وہ مہربان ہوگا۔

شخصی عزوجاہ

شخصی عزوجاہ کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے جو شخص بھی ذیل کی دعا کو پانچ سو مرتبہ ہر روز کسی بھی وقت مقررہ پر اول و آخر درود پاک جمالی اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھا کرے گا، بفضل باری تعالیٰ سے عام وخواص میں بے پناہ عزوجاہ کا مالک ہو جائے گا۔ لوگ اس کے مطیع ہوں گے اور وہ ہر جگہ عزت پائے گا۔ درود شریف درود جمالی یہ ہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ بِقَدْرِ حُسْنِهٖ وَ جَمَالِهٖ

دعا یہ ہے: يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ

مطلوب فرمانبردار رہے

اگر اس آیت کو برائے محبت لکھ کر مطلوب کو کھلا دیں تو مطلوب ہمیشہ فرمانبردار رہے گا۔ حکم عدولی کبھی نہ کرے گا۔ سورہ بقرۃ کی 165 نمبر آیت ہے اور وہ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ الحب فلان بن فلانۃ علی حب فلان بن فلانۃ

مطلوب مسخر ہو

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

جب مطلوب کے سامنے جائیں تو سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اپنی ہتھیلیوں پر دم کر کے چہرے پر پھیر کر جائیں۔ ان شاء اللہ مقصد حاصل ہو گا۔

چشم خلائق میں مقبول ہونے کیلئے

عزت واحترام اللہ تعالیٰ کی خصوصی انعامات میں سے ہیں اور جسے اللہ تعالیٰ عزت عطا فرمائے اسے اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ بننا چاہئے۔ لہٰذا جو شخص چشم خلائق میں مقبول ہونے کا طالب ہو اور وہ چاہتا ہو کہ لوگوں میں اس کی اچھی شہرت ہو تو اسے چاہئے کہ نماز فجر کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ کو پڑھے۔ اس کے بعد تین سو مرتبہ "یَا رَافِعُ یَا عَظِیْمُ" کا ورد کرے۔ اس کے بعد سورۃ فاتحہ کو پھر اکتالیس مرتبہ پڑھے اور آخر میں اللہ تعالیٰ سے چشم خلائق میں مقبول ہونے کی دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ لوگوں کی نظر میں شہرت اور عزت عطا فرمائے گا۔

مطلوب مسخر ہو

سات مرتبہ سرخ سیب پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۝ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝ (الحجر:۱۶-۱۷)

خلقِ خدا کو مسخر کرنا

شب جمعہ کو یہ کلمات لکھ کر کھالیں۔ باقی ایام میں کثرت سے ان کلمات کا ورد کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ خلقِ خدا مسخر ہوگی۔

کلمات یہ ہیں: یا غفّار اغفرلی ذنوبی

تسخیر خلائق کیلئے وظیفہ

مخلوق خدا کو مطیع اور مسخر کرنے کا مقصد عزت حاصل کرنا ہوتا ہے۔ لہٰذا جو شخص تسخیر خلائق کا طالب ہو تو اسے چاہیے کہ سورۃ الضحیٰ کو فجر کی نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور اس کے بعد حسب ذیل آیت کا ایک سو ایک مرتبہ ورد کرے۔ اللہ تعالیٰ مخلوق خدا کو مسخر کردے گا۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (التوبہ:۱۲۸)

تسخیر خلائق کا عمل

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا وَّ اجْعَلْنِيْ شُكُوْرًا وَّ اجْعَلْنِيْ فِيْ عَيْنِيْ صَغِيْرًا وَّفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا (مسند بزاز)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ایک سو بار یا کم وبیش ہر روز بلا ناغہ صبح و شام پڑھا جائے۔

مطلوب کو وقتی مسخر کرنا

كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۭ بَيِّنَةٍ ۭ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ (البقرۃ:۲۱۱)

اس کو باطہارت کاملہ تین بار پڑھ کر اپنے آپ پر دم کر کے مطلوب کے سامنے جائے۔

ہر دل عزیز ہونے کے لئے عمل

۷۸۶

یلد	لم	الصمد	الله	احد	الله	ھو	قل
ولم	یلد	لم	الصمد	الله	احد	الله	ھو
یولد	ولم	یلد	لم	الصمد	الله	احد	الله
ولم	یولد	ولم	یلد	لم	الصمد	الله	احد
یکن	ولم	یولد	ولم	یلد	لم	الصمد	الله
له	یکن	ولم	یولد	ولم	یلد	لم	الصمد
کفوا	له	یکن	ولم	یولد	ولم	یلد	لم
احد	کفوا	له	یکن	ولم	یولد	ولم	یلد

اس نقش کو باطہارت کاملہ ہرن کی جھلی پر لکھ کر طالب کے گلے میں ڈال دیا جائے۔

حصول جاہ وحشم کے لئے عمل

۷۸۶

۲۳۳۸۳۲	۲۳۳۸۳۵	۲۳۳۸۳۸	۲۳۳۸۲۴
۲۳۳۸۳۷	۲۳۳۸۲۵	۲۳۳۸۳۱	۲۳۳۸۳۶
۲۳۳۸۲۶	۲۳۳۸۴۰	۲۳۳۸۳۳	۲۳۳۸۳۰
۲۳۳۸۳۴	۲۳۳۸۲۹	۲۳۳۸۲۷	۲۳۳۸۳۹

یہ نقش سورۃ انعام کا ہے۔ اس نقش کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ کاغذ پر لکھ کر طالب کے گلے میں ڈالا جائے۔

سخت مزاج حاکم کو نرم کرنا

جب سخت بدمزاج حاکم کے سامنے جاویں تو سات دفعہ ''یَااَبَاعِتُ'' کو اپنے اوپر دم کر کے جاویں نہایت مہربانی سے پیش آوے گا۔

مخلوق کی نگاہ میں عزت

''یَااَحَدُ'' کو نو دفعہ پڑھ کر کسی کام کو جاوے، نہایت عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا اور جس کام کو جاوے گا، بہت آسانی سے پورا ہوگا۔

افسر اور حاکم کو راضی کرنے اور ان کی تسخیر کرنے کے اعمال

حاکم اور افسر کی ناراضگی دور کرنا

اگر حاکم یا افسر سخت برہم اور ناراض ہو تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے حاکم یا افسر کے سامنے چلے جائیں۔ ان شاء اللہ وہ مہربان ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے:

كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۭ بَيِّنَةٍ ۭ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ (البقرۃ:۲۱۱)

حاکم سے ملاقات کے وقت کی دعا

جب سلطان سے ملاقات کرنی ہو تو چاہیے کہ یہ دعا پڑھے۔

خَيْرُكَ بَيْنَ عَيْنَيْكَ وَشَرُّكَ تَحْتَ قَدَمَيْكَ وَاَنَا اسْتَعِيْنُ بِاللّٰهِ عَلَيْكَ۔

تسخیر کیلئے بہترین عمل

اگر کسی شخص کا کسی فرد یا افسر یا کسی حاکم سے کوئی جائز کام ہو جبکہ وہ حاکم یا افسر یا شخص کسی بھی طرح کام کرنے پر آمادہ نہ ہوتا ہو یا یہ اس حاکم یا افسر یا شخص کے سامنے جانے سے گھبراتا ہو یا اس پر کوئی ناجائز مقدمہ بنا دیا گیا ہو اور اس کو خطرہ ہو کہ کہیں مقدمے کا فیصلہ اس کے خلاف نہ ہو جائے اور اسے ناحق سزا نہ ہو جائے تو حاکم اور قاضی کو تسخیر کرنے کے لئے یہ وظیفہ نہایت آزمودہ اور مجرب ہے اور متعدد اولیاء کرام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے منقول ہے۔ وظیفہ یہ ہے کہ باوضو حالت میں نماز فجر ادا کرنے کے بعد قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور تین سو تیرہ بار درود ہزارہ نہایت توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھے۔ اگر نماز فجر کے بعد نہ پڑھ سکتا ہو تو پھر نماز عشاء کے بعد پڑھے۔ اس کے بعد اللہ ﷻ کے حضور دعا مانگے۔ ان شاء اللہ چند دنوں میں ہی مقصد پورا ہو جائے گا۔ تسخیر کرنے اور مقدمات میں انصاف کے حصول کے لئے یہ وظیفہ بہت ہی پر اثر و مجرب ہے۔ درود ہزارہ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

ترجمہ ''اے اللہ ﷻ درود بھیج ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ کی آل اطہار رضی اللہ عنہم پر ہر ایک ذرہ کے عوض دس کروڑ بار برکت نازل فرما اور سلام بھیج۔

سخت مزاج کو نرم کرنے کیلئے

سخت مزاج شخص کو نرم کرنے کے لئے یہ وظیفہ بے حد مفید ہے۔ بعد نماز عشاء باوضو حالت میں اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار اور درود تاج گیارہ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور ایک گلاس پانی پر بھی دم کریں۔ اگر کسی سخت افسر کے پاس جانا ہو تو جانے سے پہلے دم کیا ہوا پانی تھوڑا سا اپنے منہ پر اچھی طرح ملے اور بقیہ پانی خود پی لے۔ ان شاء اللہ عزوجل افسر مہربان ہوگا۔

کسی خاص شخص یا بادشاہ یا حاکم کو مسخر کرنا

اگر کسی خاص ایک شخص یا بادشاہ یا حاکم کو مسخر کرنا ہو تو بارہ (۱۲) روز تک روزانہ بارہ (۱۲) مرتبہ ''دعائے حزب البحر'' پڑھے اور جب

يَا مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ

پر پہنچے تو ستر مرتبہ کہے ''یا عزیز مجھ کو عزیز کر دے فلاں بن فلاں کی نگاہ میں''۔ اس کے بعد ایک مرتبہ سورت الم نشرح اور تین مرتبہ انا انزلنا پڑھے اور بعد پوری ہونے دعوت کے، جب اس کے گھر کو جائے تو ایک مرتبہ اس دُعا کو پڑھ کر جائے اور سلام کرے۔ پس وہ شخص مسخر ہو کر تمام عمر خادم رہے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

حاکم و افسر مہربان ہو جائیں گے

جو شخص ''یَا عَزِیْزُ'' کو ۴۱ مرتبہ پڑھ کر کسی جائز کام کے لئے حاکم یا افسر کے پاس جائے گا تو وہ اس پر مہربان ہو جائے گا۔

حاکم کو مہربان کرنا

كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿البقرۃ:۲۱۱﴾

جس شخص سے حاکم سخت ناراض ہو یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر حاکم کے سامنے جائے، ان شاءاللہ حاکم مہربان ہوجائے گا۔

تسخیر خلائق کیلئے وظیفہ

جو کوئی اس آیت کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر روغن چنبیلی پر دم کر کے اپنے سر بدن اور منہ پر مل کر جس کے رُوبرُو جائے گا وہ مطیع اور تابعدار ہوجائے۔

آیت یہ ہے:

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰي مَا تَصِفُوْنَ ﴿یوسف:۱۸﴾

افسر مہربان ہو

ملازمت کے دوران اگر کسی بھی طرح کی پریشانی درپیش ہو تو اس کے خاتمے کے لئے درود پاک کا ورد کرنا پریشانیوں کو رفع کرتا ہے۔ اگر ماتحت کو بلاوجہ تنگ اور پریشان کرتا ہو تو ہر روز دفتر میں جا کر باوضو ہوکر اپنی سیٹ پر بیٹھنے سے پہلے ۲۱ مرتبہ درود پاک پڑھ کر اپنے اوپر پھونک ماریں۔ چالیس یوم تک اس عمل کے کرنے سے افسر مہربان ہوجائے گا اور دفتری پریشانیوں سے نجات حاصل ہوگی۔ دفتر کا ماحول سازگار ہوجائے گا اور جو بھی تنگ کرتا ہوگا آئندہ کبھی تنگ نہ کرے گا۔

افسر کا دل نرم ہو

شمس المعارف میں درج ہے کہ اگر کسی کو حاکم وقت یا حکومتی عہدیدار سے کوئی کام ہو اور کسی طرح سے کام نہ ہو رہا ہو تو حاکم کو مہربان کرنے کی غرض سے جمعہ کے دن پہلی ساعت میں شیشہ کے برتن میں لوہے کے پاک صاف قلم سے مشک و زعفران یا کافور و مشک سے درود شریف لکھے اور پھر اس کو عرق گلاب سے دھو کر اس گلاب کے عرق کو کسی صاف شیشی میں رکھ لے اور پھر اس پر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرے۔

جب حاکم کے پاس جانے کی ضرورت پیش آجائے تو جانے سے پیشتر تھوڑا سا عرق گلاب اپنے چہرے پر مل لے اور پھر حاکم کے سامنے جائے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ وہ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا اور جو بھی کام ہوگا وہ بفضل باری تعالیٰ ہوجائے گا۔

مال میں ترقی غیبی کا ہک اور حاکم مہربان

دکان میں مال کی ترقی کے لئے، ہر بلا مصیبت، دوست، دشمن، سخت حاکم کو مہربان کرنے کے لئے۔ ایک ہی لائن میں تینوں نقوش لکھیں اور پھر آیات لکھیں اور خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے پاس رکھیں۔

یہ بسم اللہ کا ہے

۷۸۶

۲۶۳	۲۶۸	۲۶۵
۲۶۴	۲۶۲	۲۶۰
۲۶۹	۲۶۶	۲۶۱

یہ فتاح کا ہے

۷۸۶

۱۶۴	۱۶۹	۱۶۶
۱۶۵	۱۶۳	۱۶۱
۱۶۰	۱۶۷	۱۶۲

یہ یا عزیز کا ہے

۷۸۶

۲۹	۳۴	۳۱
۳۰	۲۸	۲۶
۳۵	۳۲	۲۷

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ڬ لَا تَاْخُذُهٗ سِـنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِـيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا

یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ۔ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ۔ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ یا سمیت یاسمیت یاسمیت یاسمیت یاسمیت یاسمیت یاسمیت

برائے خوف حاکم

جو شخص کسی حاکم ظالم سے ڈرتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ حاکم کی طرف جائے تو کٓهٰیٰعٓصٓ کہے اور ہر حرف پر اپنے داہنے ہاتھ کی ایک ایک انگلی بند کر کے کُفِیْتُ کہے اور پھر حٰمٓعٓسٓقٓ کہے اور ہر حرف پر اپنے بائیں ہاتھ کی ایک ایک انگلی بند کر کے حُمِیْتُ کہے۔ مگر انگلیوں کا بند کرنا خنصر (چھنگلی) سے شروع کرے۔ جب حاکم کے سامنے جائے تو دونوں ہاتھ کھول دے اور اس کی طرف دم کرے۔ نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔ مجرب ہے۔

افسر کو مہربان کرنا

فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ (بقرہ:۱۳۷)

اس آیت کو باطہارت کاملہ ایک کاغذ پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھے اور کثرت سے اس کو پڑھے۔ جب بھی افسر کے سامنے جائے تو تعویذ بندھا ہوا ہو۔ اور کم از کم گیارہ بار پڑھ کر افسر پر دم کر دیں۔

حاکم کے شر سے بچا رہے

جب تو کسی حکام یا حاکم سے خوف زدہ ہو تو پانچ کنکریاں زمین سے اٹھا کر پہلی پر "ک" اور دوسری پر "ھ" اور تیسری پر "ی" اور چوتھی پر "ع" اور پانچویں پر "ص" پڑھے اور پہلی کنکری کو اپنی داہنے طرف پھینک دے اور کہے قَوْلُهٗ اور دوسری کو بائیں طرف ڈالے اور کہے اَلْحَقُّ اور تیسری کو پیچھے ڈالے اور کہے وَلَهٗ اور چوتھی کو سامنے ڈالے اور کہے اَلْمُلْكُ اور پانچویں کو اپنے سر پر رکھ لے اور کہے کٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ اَمسِكْ عَلَیْكَ لِسَانَكَ یا فلاں بن فلاں (جس سے خوف ہو یہاں اس کے اور اس کے باپ کا نام لے) بحق الاسم الاعظم وبحق هذه الاسماء الشریفة کهیعص حمعسق صم بکم عمی فهم لا یرجعون فهم لا یبصرون۔

اس کی زبان اس کے حق میں بند ہو جائے گی اور کچھ نہ کر سکے گا۔

حاکم اچھا سلوک کرے

سورۃ الحمد شریف سونے کے برتن پر جمعہ کے دن صبح کے وقت مشک اور زعفران اور کافور گلاب میں حل کر کے اس سے لکھے اور پھر گلاب سے دھو کر ایک شیشی میں بھر کر رکھ لے اور جب کسی کے پاس کسی مطلب برآری کے لیے جاوے تو اس میں سے تھوڑا سا لے کر اپنے منہ پر مل لیوے۔ جو صورت دیکھے گا، تعظیم سے پیش آئے گا اور اس سے مطلب برآئے گا۔

حاکم ناراض نہ ہو

جس کو یہ منظور ہو کہ کوئی حاکم اعلیٰ وادنیٰ مجھ پر ناراض نہ ہو اور ہمیشہ اس کی زبان میری طرف رطب اللسان رہے پس کیسا ہی حاکم جابر وقاہر ہو، مہربانی سے پیش آئے۔ اس دعا کو بہت چھوٹے سے پرچہ کاغذ پر لکھ کر اوپر سے ذرا سا موم لپیٹے تا کہ کاغذ منہ کے تھوک سے گھل نہ جائے، جب حاکم وغیرہ کے پاس جائے زبان کے نیچے رکھ لیا کرے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یَا غَنِیُّ مِنَ الْقُرْاٰنِ۔

حاکم کی ناراضگی دور ہو جائے

ناراضگی حکام وغیرہ کی دور ہوتی اور حاکم سے مطلب برآری جلدی ظہور میں آتی ہے۔ تین روز تک سات مرتبہ یہ دعا شیرینی پر پڑھ کر جس طرح ممکن ہو حاکم کھلائی جائے۔ مَیِّتٌ سَمِیْتٌ لَیْتٌ۔

حاکم پر رعب پڑ جائے

جو کوئی اس اسم کو ہزار مرتبہ ہر روز پڑھے، اس کی ہیبت وعظمت ہر حاکم وافسر کے دل میں پیدا ہووے مع بِسْمِ اللّٰهِ یَا مُبْدِعَ الْبَدَائِعِ لَمْ یَبْلُغْ فِیْ اَسْمَائِهَا عَوْنًا مِّنْ خَلْقِهٖ۔

بیوی کو مطیع اور فرمانبردار کرنا

مولانا قاری ممتاز صاحب

بیوی کو فرمانبردار کرنے کے عمل محبت کے اعمال سے تھوڑے مختلف ہیں۔ جب بیوی نافرمان ہو جائے اور بیوی ہونے کا حق ادا نہ کرے تو شوہر کو چاہئے کہ سمجھانے کے ساتھ ساتھ ان اعمال کا بھی سہارا لے تاکہ جلد از جلد اصلاح ہو اور سکون سے زندگی گذرے۔

نافرمان بیوی فرمانبردار ہو

• ......اگر یہ آیت لکھ کر نافرمان بیوی کو دی جائے اور وہ اسے گھی کے ساتھ کھائے تو مطیع ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے:

وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ۚ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ

(الانعام: ۱۴۲)

• ......اس آیت کو ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھنا، بیوی کو مطیع کرنے کے لئے مجرب ہے۔ آیت یہ ہے:

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ ﴿سُوْرَةُ النِّسَآءِ: ۳۴﴾

برائے مطیع کرنا بدمزاج عورت کو

اِنَّ وَلِیِّ َۧ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ

﴿سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ: ۱۹۶﴾

ایک سو (۱۰۰) بار ہر نماز کے بعد دعا مانگے۔ بدمزاج عورت مطیع ہو گی۔

عورت کی اصلاح کیلئے وظیفہ

ایسی عورت جس کی حرکتیں خاوند کے کہنے کے مطابق نہ ہوں اور وہ اپنے شوہر کی نافرمانی اور گستاخی کرتی ہو اس عورت سے خاوند کی اولاد بھی ہو تو ایسی عورت سے علیحدگی اختیار کرنا گھر کی بربادی کا باعث بن سکتا ہے تو اس بے راہ عورت کی اصلاح کے لئے خاوند کو چاہیے کہ اکتالیس یوم تک اکتالیس مرتبہ سورۂ عبس کا ورد کرے اور اس کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام یَاقَابِضُ پڑھے اور آخری دن پانی پر دم کر کے عورت کو پلائے۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو آخری دن سورۂ عبس کو ایک کاغذ پر لکھے اور اپنی بیوی کی اصلاح کا تصور کرے اور اسے چلتے پانی میں بہادے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے عورت نیک چلن اور مطیع و فرمانبردار بن جائے گی۔

سخت مزاج بیوی کا علاج

شوہر کو چاہئے کہ رات کو سونے سے پہلے باوضو مصلے پر بیٹھ کر تین بار درود شریف اور اکتالیس بار اخلاص پڑھ کر بات کئے بغیر بستر میں چلا جائے اور لیٹ کر آنکھیں بند کرلے اور اپنی بیوی کا تصور کرتے کرتے سو جائے۔ اس عمل کی مدت نوے دن ہے۔

نافرمان بیوی کو فرمانبردار بنانا

روزانہ دو رکعت صلوۃ الحاجت پڑھیں اور اللہ ﷻ سے بیوی کو فرمانبردار بنانے کی بہت دعا کریں۔ پھر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ایک ثابت کالی مرچ پر ایک سو مرتبہ "یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ" پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح گیارہ کالی مرچوں پر دم کیا جائے۔ پھر ان کالی مرچوں کو ایک ایک کرکے آگ میں جلائیں اور تصور بیوی کا رکھیں اور جیسا آپ چاہتے ہیں کہ وہ ہو جائے، ویسا ہی تصور کریں۔ ان شاء اللہ اکیس یوم میں واضح تبدیلی آ جائے گی۔

اس نقش کو زعفران و گلاب سے لکھ کر یا لکھوا کر شوہر اپنے پاس رکھے۔ جب بیوی کے ساتھ ہو، آمنا سامنا ہو، تعویذ پاس ہو۔

۷۸۶

۱۵۳۸۱	۱۵۳۸۴	۱۵۳۸۷	۱۵۳۷۳
۱۵۳۸۶	۱۵۳۷۴	۱۵۳۸۰	۱۵۳۸۵
۱۵۳۷۵	۱۵۳۸۹	۱۵۳۸۲	۱۵۳۷۹
۱۵۳۸۳	۱۵۳۷۸	۱۵۳۷۶	۱۵۳۸۸

یہ عمل شوہر کے لئے بھی کیا جا سکتا ہے جو بہت بگڑا ہوا ہو۔

تحفہ کو واپس نہ کیا کرو۔ جب تمہاری اس سے عزت کی جائے تو اس کو قبول کرو (الکشف)

اولاد کی فرمانبرداری کیلئے

مولانا محمد عرفان صاحب

تربیت اولاد کیلئے

صاحب خواص نے ذکر کیا ہے کہ تربیت اولاد کے لئے یہ دعا بہت اثر رکھتی ہے۔ چینی کے برتن پر لکھ کر آب بارش سے دھوکر دو حصے کرلیں۔ ایک حصہ کھانے میں کھلادیں۔ دوسرا سات دن صبح پیئے بھی اور منہ دھوئے۔

الَّذِیْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ ۝ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ (السجدۃ)

نافرمان اولاد کو نیک کرنے کی دعا

جس شخص کی اولاد نافرمان ہو، ناخلف ہو، وہ اس آیت کو ہر نماز کے بعد پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچے صالح ہوجائیں گے۔ پڑھتے وقت ''ذُرِّیَّتِیْ'' کے لفظ پر دل میں اپنی اولاد کا خیال رکھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ؔ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَ اِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

ترجمہ ''اور میری اولاد کو میرے لیے لائق کردے۔ میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور میں تیرا فرمانبردار ہوں''۔

اولاد کی فرمانبرداری کیلئے

اولاد کی فرمانبرداری کیلئے اور خدا کے پسندیدہ عمل کرنے کیلئے 3 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ العزیز یہ عمل مفید ثابت ہوگا۔

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝ ﴿سُوْرَۃُ الْاَحْقَاف:۱۵﴾

ترجمہ ''اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمت کا شکر کروں جو تو نے مجھ پر انعام فرمائی اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جسے تو پسند کرے اور میرے لئے میری اولاد میں اصلاح کردے، بیشک میں نے تیری طرف توبہ کی اور بیشک میں فرمانبرداروں میں سے ہوں''۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ان آیات مبارکہ کو روزانہ صبح وشام اکتالیس بار پڑھ کر اولاد کے اوپر دم کریں۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار تلاوت کریں۔ ان شاء اللہ اس عمل سے اولاد فرمانبردار ہوجائے گی۔

نافرمان اولاد کے سدھار کیلئے

نافرمان اولاد کی نافرمانی سے تنگ والدین بچے کی پیشانی کے بال پکڑ کر 11 مرتبہ پڑھ کر پھونک ماریں۔

اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝ (ھود:۵۶)

ترجمہ ''میں نے اللہ پر بھروسہ کیا (جو) میرا رب ہے اور تمہارا رب ہے، کوئی چلنے (پھرنے) والا نہیں مگر وہ اس کو چوٹی سے پکڑنے والا ہے (قبضہ میں لئے ہوئے ہے) بیشک میرا رب سیدھے راستہ پر ہے''۔

نافرمان بچے کو راہ راست پر لانے کیلئے

نافرمان بچے کو راہ راست پر لانے کیلئے 11 مرتبہ بچے کے سر پر ہاتھ رکھ کر دم کریں۔

اَللّٰهُ یَجْتَبِیْٓ اِلَیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَیَهْدِیْٓ اِلَیْهِ مَنْ یُّنِیْبُ ۝

(الشوریٰ:۱۳)

ترجمہ ''اللہ اپنے قریب کیلئے چن لیتا ہے جسے چاہے اور اپنی طرف راہ دیتا ہے اسے جو رجوع لائے''۔

نافرمان اولاد کو نیک کرنے کیلئے

نافرمان اولاد کیلئے ہر نماز کے بعد توبہ ویکسوئی کے ساتھ گیارہ مرتبہ یہ آیات پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگئے!

وَاِنِّیْٓ اُعِیْذُهَا بِكَ وَذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝
فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۝
(اٰل عمران: ۳۶-۳۷)

بچوں کی بہترین تربیت کے لیے

جو والدین یہ چاہتے ہیں کہ ان کے بچوں کی صحیح طریقہ سے تربیت ہو اور وہ نیک اور صالح بنیں ان کے اندر دینی شعور پیدا ہو۔ تو اس لیے وہ اپنے بچوں کو ذیل کا درود قدسی سکھلائیں جس کے ورد سے بچے ہر گندے کام اور برائی سے بفضل تعالیٰ حفاظت میں رہیں گے۔ درود پاک یہ ہے۔

صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمْ

اطاعت والدین یا آقا

اگر کسی کا لڑکا لڑکی نافرمان ہو اور والدین کا کہنا نہ مانتا ہو یا کسی کا ملازم بہت زیادہ نافرمان اور تنگ کرتا ہو تو ذیل کا عمل گیارہ روز تک بلا ناغہ کرے۔ ان شاء اللہ العزیز وہ لڑکا یا لڑکی یا ملازم مکمل درست ہو جائے گا اور مطیع و فرمانبردار بن جائے گا۔ ذیل کے آیت مبارکہ ۳۱۳ مرتبہ بمعہ درود شریف ذیل اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں۔

درود پاک یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ مَا جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

آیت یہ ہے:

وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰی وَعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ ۪ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّیْثَاقًا غَلِیْظًا ۝ لِّیَسْــَٔلَ الصّٰدِقِیْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابًا اَلِیْمًا ۝ (الاحزاب: ۷-۸)

اولاد فرمانبردار ہو

اگر چوپایہ شوخی کرے یا اولاد باغی ہو، کہنا نہ مانے تو یہ آیت پڑھ کر اس کے کان میں پھونکیں اور کئی دن یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے:

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ ﴿اٰل عمرٰن: ۸۳﴾

اگر اولاد تنگ کرتی ہو تو

یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ كُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا یَا حَنَّانُ

روزانہ عصر کی نماز کے بعد ۱۱۹ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ اولاد فرمانبردار ہو جائے گی۔

نافرمان اولاد کو تابعدار کرنے کے لئے عمل

وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝ (احقاف: ۱۵)

